TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL LIBRARY
OU_222258
UNIVERSAL LIBRARY

OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. ۸۹۱۵۴۳۳۳ Accession No. ۲۸۳۹۰

Author

Title

This book should be returned on ~~or~~ before the date last marked below.

UNIVERSITY
COLLEGE LIBRARY.

بیان درد محبت جو ہو تو کیونکر ہو | زبان دل کے لیے ہے نہ دل زبان کے لیے

ایک سچا اور نجات دلانیوالا دلچسپ ناول

الموسوم بہ

# طلب صادق

شہزادہ سلیم کی فلسفانہ جستجوئے الوہیت رب العالمین اور منازل دنیا کا

گوناگون تجربہ

من تصنیف

خیر اندیش خلایق رب العالمین عاجز بہ نگین حاجی محمد خان خلف محمد عبد اللہ خان صاحب

رئیس خورجہ نے

یہ چند اوراق بطور ارمغان

بحضور معلی القاب فخر المسلمین ضیاء الملت والدین امیر المومنین امیر عبد الرحمن خان بہادر

والی دولت خداداد افغانستان خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ پیش کیے

خادم الاسلام پریس دہلی میں باہتمام منشی محمود مرزا خان کے زیور طبع سے مزین ہوا سنہ ۱۳۱۴ھ سنہ ۱۸۹۶ع

حقوق بہ ... محفوظ ہیں

قیمت ایک روپیہ

# قصیدهٔ مدحیه

در شان

امیر المومنین غازی ضیاء الملت والدین جی سی بی جی سی ایس آئی

تو عالم امیر ابن الامیر امیر عبدالرحمن خان والی ملک کابل و

فاتح حد کافرستان

امیر والی کابل بود در حرب حزاله — امیر المومنین غازی ضیاء الدین والمله
شجاع نامور لرزد تن رستم بگور او — عدو را منهدم سازد بیک تاراج و یک حمله
امیر حامی اسلام و محی الدین و الدنیا — خداوند جلال و مکنت و توقیر و صد صوله
بعالم شمس عالم مرکز تائید ربانی — ظهیر المسلمین غازی رفیع الشان الدوله
شه با عسکر و ضرب و قتال و رایت و حربه — شه با نصرت و حشمت ملیک الخیل و النعله
بامر اوست حل هر مهم و عسر اهل دین — بدست اوست اجرائے حدود الحرمه
امیر مظهر الطاف بے پایان اهل حق — امیر جابر و عادل شریف العزم والحیله
چو وے ز اسلامیان کمتر بینیم خیرخواه دین — بتائید حفظ الدین لیس الفخر الا له

ظهور امن و آسائش بفضل و عقل او ناطق | نظام مملکت بر عظمت او حجت داله

اگر بیند که آمد در رعایا نقص آسایش | بتخیر دهر رد آن بتمام السرع والعجله

ز بهر فلح ملک و اهل ملک از سکندیار | بود منفید آن فی الحال در عمله و در فعله

منو دیکته دانیهاش سے بینیم بهر ملکے | ز کابل تا بپورب پس ز یورپ تا به بنگاله

چو تعش فتح حد کافرستان کرد از غیرت | ز دین و ملک وی معدوم شد هر خوف و هر علّه

بطیب خاطر خود ساکنین آن قصائے خوش | شدند از فضل حق واصل بدین الحق فی الجمله

باِلّا اللّٰه شد گویا ز دل بالا اله هر یک | بعز او بلات خود ولکد سیر در بصد ذلّه

خیال بت پرستی از دل سافی برون رفته | شده متروک ذکر راهب ساجد بگوساله

بهر سند رصدائے قامت و تکبیر شد عالی | بمسجد نامزد گردید هر جائے د هر ساله

چو شد فتاح حد کافرستان آن سر امرا | شده تاریخ فتح وے میسر هم ازین جمله

ترا باد اسباکه این نمایان نصرت و تمکین | بعز داور خلاق با دعوات مقبوله

خطاب عالی تو اے امیر الدین والدنیا | به نزد ما عجب شیرین تر از شیرینی نحله

نهم شد چون سر اقلیم از پئے تخیر تاریخش | ضیاء الملّة والدّین شد پیدا بر فضله

جوانان روشناس او نباهم خویش نصر الله | سوئے لندن شده عازم بصد اعزاز و صد حله

برو رو نیز در تحریه کافیست مرمارا همین حجت | که نزد تو همانش شد بلیکه مثل مستوله

ز خوف رومی روی… | بدل دارد سیه داغے چو داغ حیرة لاله

نماند زنده وقت حرب از آواز او آیه | نهنگ و شیر و اژدر ها نهنگ و ماهی مجله

ز تواپ و تفنگ و تیغ و تیر و رایت شاهی … نمی بینم ضرورة مر ترا شاها بهر حاله
ز نوعِ کاتلنگ و میکسم نبد و قهاداری … ز قسمِ کرب اتواپ آمد از ایجادِ بم گوله
بکابل ساختی معمل ز صنع و حرفتِ مغرب … که از سامانِ حرب و ضرب سازی دور هر قلعه
وگر از قوة توسیع آن در قومِ افغانان … کنی پیدا سرِ شائستگی در عادتِ جهله
اسود الخصم قد فروا الجبن القتل من عندک … وخفضوا کلهم نهرا جناح العجز و الذله
بوقت جنگ فوج قاعده دانت کند کاری … بجانِ بدسگالانت شهاچون هر برشِ ژاله
به نظم ملک داری قدرة تدبیر تو غالب … فریبیده نمی باشی ز کیدِ دول حیاله
که سید اندچه اندیشیده لی مغز دانائی … بلندن خواستی نائب بجائی نائبِ شمله
چو یورپ سیگرفتی طرزِ آئین حکومت را … ز آبِ عدل کردی سرد نارِ ظلمت و غله
جزاک الله نکو کردی بحق اهل ملکِ خود … رهانیدی همه مردم ز هر آفاتِ منزوله
به نظم و نسقِ افغانان ز تو آمد کنند تحسین … برای صائب تو هر خردمندِ کهن ساله
بعهدِ پرسعادت شد همه تفریق و تنهائی … شده شیر و شکر هر یک چو ربطِ خواهر خاله
اگر تیمور و نادر زنده بودی اندرین اوان … شدی غرق از نظامِ تو بعرقِ حیرة و خجله
ازان روزیکه بر تختِ امارة ساختی جلوه … بکردی محو از جرات صدای اقتلوا جمله
ز هندوستان و ترکستان جدا کردی حدِ کابل … فرو کردی نزاعِ سرحدی از حجج دلاله
شها ایندم ز حسنِ انتظامِ حیرت انگیزت … کند بیخوف از منزل بمنزل هر یکی رحله
وگرنی بود پیش تو میانِ قومِ افغانان … زنارِ جور و بدنظمی بهر سو مشتعل شعله

اگر سر میر دے جرمے نبودے قتل تا دانش ‌‌ ‌ زگردن سر جدا گشتے ز سر گشتے جدا کلہ

ز ظلم و غارتِ بیحد بہ نہب و قتل ناجایز ‌‌ ‌ گرفتے ہر ستمگارے بصد توہین یا قبلہ

ز خوشہ دانہ نازک ز سنبل خوشۂ اخضر ‌‌ ‌ ز دستِ باغبان گل را ز فرقِ نخلہا اولہ

ز دکّان کوزۂ قند و متاعِ خانہ از خانہ ‌‌ ‌ ز کیسہ درہم و دینار و از انبارہا غلہ

فتاد این پایۂ تخت زیارتگاہ ہر مسلم ‌‌ ‌ چنان کافتاد بہرِ جوگیان در ملکِ ناٹلہ

دریں نسبت کہ میدادم بشانِ پایۂ تخت ‌‌ ‌ اگر خود راست می پرسی غلط کردم بصد زلہ

دہم او را بدار الامن نسبت اندریں ساعت ‌‌ ‌ کہ بہر مومنین ست آن و یار الامن و الحلہ

ابو الدرجات میگویند بشانت ای منترو ‌‌ ‌ ہجومِ دولت و عزت بگردت میزند ہالہ

و یبقی ذوانک العلیا ملیک الملک اعزازا ‌‌ ‌ و قد یرعیک مکرمۃ بید و النصح و الملیلہ

ازیں بہتر چہ میخوانم بشانِ ذو الجلال تو ‌‌ ‌ خدا دارد بامنت از ہمہ آفاتِ موصولہ

نہ واگیرد ز ظرفِ خاطرِ تو حب اسلامی ‌‌ ‌ نگہدارد ترا دائم ز عودِ صحبت ضالہ

کنم ختمِ دعائے تو بعربی اے شہِ دینی ‌‌ ‌ کہ تا باشد قبولش زود تر چون شاہد حجلہ

کہ عاک اللہ اجلاً الامن الاکدار فی الدنیا ‌‌ ‌ وقاک اللہ اعزازاً من الایقاع فی الغفلہ

تمام شد

# قصیدۂ مدحیہ

در شان

حضرت ظلِّ سبحانی مظہرِ رحمانی خادم حرمین شریفین امام المسلمین خلیفۃ المومنین
سلطان المکرم حضرت مولانا سلطان ابن سلطان **عبد الحمید خان**
غازی ثانی خلد اللہ ملکہٗ وسلطنتہٗ

فگن فگن برخ گل ستتاب برقع نور | کہ گرد ظلمت شب نہ ز روئے پاکش دور
بکش بکش برخ سبزہ زود چادر آب | کہ خاک ریزی بیجاست باد برا دستور
بمال در شب مہ عطر بو بدامنِ گل | کہ پر شدہ است ببیں جام مہ ببادۂ نور
صبا بہ غنچہ بگو چشم بر کشا دسترس | کہ رفت مرکب باد خزاں ز گلشن دور
نسیمِ صبح چمن خیز در رقص مستی کن | کہ باز آمدہ آں روزگار عیش و سرور
لباس سبزہ بر آراست خاک بر تنِ خویش | بدلق ابر بپوشید چہرۂ چرخ غیور
صبا سپرد ببوئے گل آں ہوا داری | بکار گردشدہ نورِ مہر و مہ مامور

ز بهر شستن دامان گل ز گرد و غبار — با بر رعد زند رو ز نعره پر شور
بیک نواح گل و سبزه زار و میوه آب — بیک نواح طیور و ترانهائے طیور
مگر ز نغمهٔ بلبل رسد بخوبی گل — نه سبزه رنگی سبزه نه لذّت انگور
باین نزاکت و خوبی به بین که آب روان — بپائے بوسی گل مے دود ز راه دور
بخاک سایه زدند و بیاد بوده دادند — ز بار سایه گل دوش گل چو شد رنجور
چه رنگ و بوست تو گوئی تصوّر سیرت — به پیکرش شده عبدالحمید خان مستور
لباس پیکر او حلّه ز عالم نور — بساط سایهٔ او از سواد دیدهٔ حور
جدا ز سایهٔ او روز روشن من و تو — برنگ بخت بداندیش چون شب دیجور
غبار راه نمودند نور مهر و ماه — زمین گرد جگر پارهائے کان منصور
فلک به پشت خم آمد به پیش کین حاضر — زمین بزیر قدم سر نهاده کین مقدور
تگه دوش اسپ نگه سیر او بچشم زدن — بخانه باز رسد طے نموده راه دور
تگ و تگاور او خنده مے زند برق — بکار مرگ زند طعنه خنجر و ساطور
بکار او همه گر سوخت سیم ما بغمش — ز سوز کینه تن دشمن است چون تنّور
عدو بسینه نهد همچو دل سنانش را — اگر به دیده کشد دوست خاک راه مرور
چو دوستان دل و جان پیش رو ندر آرند — عدو به پیش نهد از دماغ کبر و غرور
چو مهر طالع او همتش چو طائر قدس — بلند ز آتش او تابشے ز جلوهٔ طور
چو مهر و ماه زر افشان چو برق آتش زن — برائے مخلص و بر جان دشمن مغرور

بنورِ عدل زدوداز جہانِ ظلمتِ ظلم — بہ فیضِ مہرِ سخایش جہاں شدہ معمور
بہ بندگی و عبادات بندۂ عاجز — بہ عدل عفو کرم نائبِ خدائے غفور
سپاہِ او بدلیری ست چوں شیرآں — بپا کنند بیک نعرہ شور روزِ نشور
بدشت ہمیل رواند در بود دریا — بوقت حملہ چو موج رواں کنند عبور
چو تیرِ خویش ندانند باز پس گشتن — چو دست ندانند در جہاد قصور
چو پشت روس ز میدانِ ونگردانند — چو مرگِ روس نسازند خون روس نور
نہ خوف مرگ بجان ستے ہراسِ زخم بہ تن — بوقت جنگ چو طفلاں نہ لہو گو مسرور
بہ ضعف ہمت اعدا ترحم آوردہ — بزور دست رسانند تا بدار شبور
بہم کشیدہ بزنجیر روس را ترکان — بوقت فتح نمودند حرکتِ محبور
گرفت روس بزیر سرِ سنانِ ترک — کہ تا چو نیش گریزاں زنند چون زنبور
ز رحم نیزہ شان بر سرِ روس بماند — بسے کشادہ شگافے چو دیدہ در سرِ حور
اگرچہ مور بود روس فوجِ شہ تن چند — چہ باک زندہ بمالند زیر پا چوں مور
بہ تیغ و نیزہ و تیر و تفنگ و کثرتِ فوج — گماں مبر کہ شود مرد جنگ چو منصور
متاعِ فتح ظفر ہمت ست بخت بلند — نہ فوج و توپ و تفنگ خزانہ معمور
بیا رہمت مردانہ دار بخت بلند — بیاد آز زکار سکندر و تیمور
ببیں بلندیِ بختش کہ بہر او اقبال — نشیل و صورۂ عثمان غازی کرد ظہور
ز ... تیغ کفتہ کا وست جا نستان چ عجب — نہاں بگوشہ تن جاں روس جوید گور

بجان روس بود همچو آتشِ سوزان
دهد بچشم محبانِ خویش جلوهٔ نور

عدو از دست چو آتش ز آب کشته دوست
چو تشنه ز آبِ خنک زنده و خوش و مسرور

زند چو بندقه بر غنیم نشیند
بسینه چون دلِ سوزان عاشقِ مهجور

بهوسهٔ سُمِ اسپش سنے رسد هرچند
بجست برق ز جا همچو نور دیدهٔ کور

بهادریکه بهم گر شود به فوجِ غنیم
چو دود ز آتشِ سوزان شوند جمله نفور

سخی بوقتِ سخا و حلیم وقتِ حلم
بوقتِ صلح شکور بوقتِ جنگ صبور

بماند این سپه چُست و شاه عالی بخت
بهم چو ماه و نجوم و چو آفتاب و نور

دعائے قاسم دخسته و فقیر و حقیر
بحق شاه سپاهش خدا کند منظور

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# دیباچہ

شاید اس امر کی جوابدہی میرے ذمہ ہو کہ کیوں اس کتاب کو ناول کے پیرایہ میں لکھا ہے سب سے اول تو اسکا جواب وہ خاص واقعات ہیں جو اس زمانہ میں پیش آرہے ہیں یعنے مذہبی کتابوں کے دیکھنے کا شوق اُن حضرات کو جنپر نئی روشنی کی کچھہ بھی جھلک ہے بہت کم ہے اور جو کبھی اتفاق سے اس جانب میلان خاطر ہوا بھی تو اُن کی دلچسپی کی کوئی صورت آجکل کی تصنیف شدہ کتابوں میں نہیں یا تو وہ اِن کتابوں میں آئے دن کی لڑائی جھگڑے اور تعصب کے پیچ در پیچ اُلجھاؤ دیکھتے ہیں یا اگر کسی بزرگ کے حالات میں یا تصوف میں یا تقلید غیر تقلید میں کسی نے تصنیف کی تو بے انتہا، افراط تفریط یا بدعت کا زور شور اور وہ فضول قصہ اور کہانیاں اُنہیں درج ہیں جسکو عقل انسانی ہرگز باور نہیں کرتی یا ایک دوسرے پر کفر کا فتویٰ دے رہا ہے بعض تصنیفوں کا تو یہہ اثر ہوا کہ شریعت ہے ہاتھ سے جاتی نظر آتی ہے جو نجات کا ذریعہ ہے اور بعض نے بہت سے قلوب کو مذہب کی طرف سے بیچین یا متنفر کر دیا - اسی خاص وجہ نے مجھکو اس کتاب کو ناول کے نام سے موسوم کرنے پر مجبور کیا اور اُنہیں حضرات مذکورہ بالا کی خاطر وہ طرز اختیار کرنا [illegible] مجھے اسکا باعث ہوئی جو بہی جو اِن ناولوں میں معقولی دلائل سے بحث کی گئی ہے اور

دراصل یہ ناول جن احباب کی خاطر لکھا گیا ہے وہ محمڈن کالج علیگڈھ کے تعلیم یافتہ ہیں جنھونکی طبیعتیں بدعت او تعصب وغیرہ سے بہت ہی تنفر ہیں اور خالص اسلام کے عقلی دلائل کے جویا۔ دویم یہ کہ مخدومی معظمی محمد حسن علیخان صاحب خلف الرشید عالی جناب فیض مآب محمد علیخانصاحب مرحوم رئیس و نیبج مجسٹریٹ خورجہ نے اُن تقریروں کو جو حضرت قطب الکاملین زبدۃ العارفین افضل العلما حاجی حرمین شریفین مولانا حاجی حافظ غازی مولوی محمد قاسم صاحب نانوتوی بانی مدرسہ عربیہ اسلامیہ دیوبند کی مختلف کتابوں میں درج ہیں جو مولنا مرحوم مغفور نے وقتاً فوقتاً مباحثات میں بیان فرمائے ہیں ایک ناول کی صورت میں جمع کرنے کو فرمایا جس سے انکا منشا قلبی اپنے اُن احباب کو جو محمڈن کالج علیگڈھ کے تعلیم یافتہ ہیں خوبی و سچائی اسلام سے محظوظ کرنا ہے اور اس ناول کو موجودہ فرمانروائے افغانستان کے نام نامی سے معنون کرنے کی یہ وجہ محرک ہوئی ہے کہ بادشاہ موصوف نہایت نیک سیرت و پابندی شریعت محمدی صلعم اور نہایت منصف و عادل اور اہل اسلام کے مربی و سرپرست ہیں آپکا ذکر ہر اہل اسلام کے قلب کی تسکین اور آپکا نام نامی ہر ترقی و فخر کی رونق کا باعث ہی اور ظاہر ہے کہ اہل اسلام کو امیر المومنین کی ذات ستودہ صفات کے ساتھ ایسا تعلق ہے جیسا اعضا کو قلب کے ساتھ۔ اللہ رب العالمین آپکے سایہ عاطفت کو ہمیشہ اہل اسلام کے سر پر قایم رکھے۔ آمین۔ یارب العالمین۔ آمین ٭

خورجہ۔ یکم ربیع الثانی ۱۳۱۴ھ ہجری نبوی صلعم۔ خاکسار محمد خان ولد عبد اللہ خان

بیان درد محبت جو ہو تو کیون کر ہو | زبان دل کے لیئے ہی نہ دل زبان کے لیئے

## ایک سچا اور نجات دلانیوالا دلچسپ ناول

الموسوم بہ

# طلب صادق

شہزادہ سلیم کی فلسفانہ جستجوئے الوہیت رب العالمین اور منازل دنیا کا

گوناگون تجربہ

من تصنیف

خیر اندیش خلایق رب العالمین عاجز بہ نگین حاجی محمد خان خلف محمد عبد اللہ خان صاحب

رئیس خورجہ نے

یہ چند اوراق بطور ارمغان


بحضور معلی القاب فخر المسلمین ضیاء الملت و الدین امیر المومنین امیر عبد الرحمن خان بہادر

والی دولت خداداد افغانستان خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ پیش کیئے

خادم الاسلام پریس دہلی مین باہتمام منشی محمود مرزا خان طبع ہوئی سنہ ۱۳۱۴ھ مطابق سنہ ۱۸۹۶ء

قیمت ۸ گرہ

یا فتاح



بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد لا الہ الا اللہ نعت محمد رسول اللہ

فسانے عشق و محبت کے سچ ہیں کچھ کچھ
بڑھا بھی دیتے ہیں ہم زیب داستاں کے لئے

# پہلا باب سفر

چوتھی شوال سنہ ۱۳۱۲ ہجری شروع سرما کی رات ہے تین چار روز کا چاند آسمان کے غربی کونے سے ذرا بلندی پر چمک رہا ہے تارے آسمان پر کھلے ہوئے ہیں تاریکی دنیا پر غالب آتی جاتی ہے گو پورا اثر ابھی نہیں جما سکی ہے بہار کا موسم ہے جس مقام کا حال ہم بیان کرتے ہیں اسوقت اسکی عجیب دلفریب کیفیت ہے پھول کھلے ہوئے ہیں۔ جن کی بھینی بھینی خوشبو دماغ کو معطر

کر رہی ہے۔ سبزہ ہر چہار طرف لہلہا رہا ہے جس سے دماغ کو تازگی پہونچ رہی ہے۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا آہستہ آہستہ چل رہی ہے۔ جو معمولاً اس موسم میں چلا کرتی ہے۔ امرود و نارنگی وغیرہ کی درختوں کی سبزی اُس پر دھیمی دھیمی چاندنی اور کچھ کچھ خنکی عجیب مؤثر کیفیت پیدا کر رہی ہے۔ روشیں نہایت صاف اور ھموار بنی ہوئی ہیں۔ جو دیکھنے والے کو بتا رہی ہیں کہ یہ گلزار کسی کی محنت کا ثمرہ ہے روشوں کی دونوں پہلوؤں کو بیلے و چنبیلی وغیرہ کے درخت چھپائے ہوئے ہیں۔ جن کی نازک اور باریک شاخیں پتوں میں اور پتے پھولوں میں چھپے ہوئے ہیں پانی غالباً آج ہی دیا گیا ہے جسنے شادابی کو بے انتہا اُبھار رکھا ہے۔ اس سبزہ زار کو ایک سڑک نے جسکی آمد و رفت شمال و جنوب ہے دو حصوں پر منقسم کر دیا ہے اسوقت ایک سوار شمال سے جنوب کو جاتے جاتے اس سبزہ زار کے درمیانی حصّے میں پہونچکر رک گیا ہے اسکا خوشنما چہرہ قیمتی لباس گھوڑے کا ساز و سامان بتا رہا ہے کہ دنیاوی انجمن میں معزز حیثیت رکھتا ہے اسکی بار بار شیت کیجانب مُڑکر دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کسی کے آنے کا منتظر ہے جوں جوں دیر ہوتی جاتی ہے اسکی پریشانی ترقی کرتی جاتی ہے اسی حالت انتظار میں ایک سوار سفید پوش گھوڑا جھپٹائے ہوئے آیا اور اس پہلے سوار کی قریب پہونچکر رک گیا۔ سوار ناگوار لہجے میں۔ کہاں رہ گئے تھے" سفید پوش "نہر پر وضو کیا۔ اپنا فرض مذہبی یعنی نماز ادا کی اس وجہ سے تھوڑی سی تاخیر ہوگئی" سوار بھی چاہتا ہے۔ کہ تھوڑی سی دیر ٹھہر کر اس سبزہ زار کا لطف اٹھائیں۔ سفر کا

تکان بھی کم ہو جائیگا - یہ مصیبت کے شریک گھوڑے کی گردن پر پیار سے تھپکی دیکر (بہی دم لے لینگے شاید یہاں کسی سے یہ تپہ بھی ملجائے - کہ ہمکو شہر میں قیام کی کیا صورت کرنی چاہیئے" سفید پوش " بہت بہتر یہ کہہ کر اُترا - اور اپنا اور سوار کا گھوڑا ایک طرف درخت سے باندہ دیا - اور روش باغ پر چہل قدمی کرتے کرتے - بنچوں پر بیٹھ گئے - جو اسی غرض سے بچھی رہتی ہیں " سوار سفید پوش سے "

**مسعود** - یہ جگہ کیا پُر فزا ہے - کسی کی محنت اور جفاکشی نے کیا گُل کھلایا ہے دنیا میں جہاں دیکھو اُسی کا ظہورا ہے "

**مسعود** - واقعی خداوند کریم نے کسی کی محنت اور جفاکشی کا اچھا ثمرہ عنایت فرمایا ہے ۔

**سوار** - خدا نے کیا عنایت فرمایا ہے - یہ سارا جفاکشی اور محنت کا نتیجہ ہے خدا کیسا - پھر تم وہ ہی کہے جاتے ہو یہ سب خیالی ڈھکوسلے ہیں کہ تمام عالم کا بنانے والا خدا ہے - جو کچھ کرتا ہے وہ خدا کرتا ہے - چونکہ تم نے مسلمانوں میں تعلیم پائی ہے - مسلمان کے گھر پیدا ہوئے - بچپن سے - یہ ساری باتیں تمہارے ذہن نشین ہوئی ہیں - جبکا اس وقت اکھڑنا ایک امر اہم ہے - ورنہ یہہ سلسلۂ عالم یوں ہی چلا آتا ہے - اور ایک غیر متناہی زمانہ تک چلا جائیگا - جس طرح ہماری پیدائش کا باعث ہماری والدین کا باہمی اتصال ہوا اسی طرح اُنکی والدین کی پیدائش کا باعث اُن کی والدین کا باہمی اتصال ہوا - علی ہذالقیاس اسیطور سے یہ سلسلہ غیر متناہی

زمانہ تک اوپر کیطرف چلا جاتا ہے کسی جگہ ٹھہرتا نہیں توجب ہر مولود کی پیدائش کے
واسطے نر و مادہ کا اتصال لازمی ہے۔ اگر نر و مادہ باہم اتصال نہ کریں حمل قرار نہ
پائیگا۔ پھر جبکہ ہماری پیدائش کیواسطے ہمارے ہی نوع کا اتصال شرط ٹھہرے
تو ایسی حالت میں خدا کو یا خدا کے تصرفات کو تسلیم کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ ہر شئے
اپنے قاعدہ کے مطابق مٹی و پانی و آگ و ہوا یعنی اربعہ عناصر سے ترکیب پاتے
رہتے ہیں۔ بگڑتے ہیں۔ تو اُسی میں ملجاتے ہیں۔ بنتے ہیں۔ تو پھر اُسی سے بن
جاتے ہیں۔ جب ہماری آنکھوں کے سامنے یہ تماشا ہو رہا ہے۔ تو جس شئے کو
آجتک کسی نے نہیں دیکھا اُس کو کس طرح تسلیم کریں۔ ہماری عقل میں تو خدا کا ہونا
آتا نہیں۔ اور نہ میرے نزدیک آئندہ آویگا۔ یہ ساری سفر کی تکلیف آپکی بدولت
ہوئی اور اتنی سرگردانی اُٹھانی پڑی +

**مسعود** - اس میں میرا کیا قصور ہے یہ ساری سرگردانی آپ کی عقل کی بدولت ہوئی
آپ عقل سے اُس کی حیثیت سے زیادہ کام لینا چاہتے ہیں۔ عقل میں خدا
کے آجانے کے یہ معنے ہوئے کہ عقل خدا پر محیط ہو جائے۔ تو جب عقل نے خدا کا
احاطہ کر لیا۔ تو وہ خدا ہی کیا ہوا۔ اور جب خدا عالم کا بنانے والا نہیں ہے
تو اور کون ہے "

**سوار** - واہ یہ بھی ایک کہی۔ تم مکہ معظمہ کو بیت اللہ کہتے ہو۔ تو اُسکے یہ معنی
ہوتے۔ کہ خدا اُس کے اندر محدود ہے یا آئینہ تجلی گاہ آفتاب ہے تو اُس کے

یہ معنے ہیں کہ آفتاب اُس کے اندر بند ہے یا آنکھ تمام عالم کو دیکھتی ہے تو اُس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آنکھ کا ذرا سا ڈھیلا تمام عالم کا احاطہ کئے ہوئے ہے عقل میں خدا کے آجانے کی یہ معنے ہیں کہ جیسے قلب کے اندر ہزارہا اشیار کا علم و ادراک موجود ہے۔ بذریعہ عقل اسیطرح اللہ کا علم و ادراک ہوجائے دیکھو مذہب اسلام تمھارا مذہب فاطر العقل کو احکام شریعت سے بری کرتا ہے۔ جسکے صاف یہ معنی ہیں کہ جسکے اندر جس شئی کی سمجھنے کا مادہ نہیں ہے وہ اُس کا مکلف نہیں ہوسکتا اور نہ کسی مذہب کو اُس شئے کا ذمہ وار قرار دینا کسی شخص کو چاہئے۔ جو اُسکی عقل میں نہ آئے۔ تو جب عقل خدا کی وجود کو بوجوہ تسلیم نہیں کرتے۔ تو ہم کیوں قابل جہنم ہوں گی اور تمھارا یہ کہنا کہ اسکا بنانے والا خدا نہیں ہے۔ تو اور کون ہے۔ اُسکا جواب یہ ہے کہ میں وجوہ مذکورہ بالا میں ظاہر کر آیا ہوں جسکی یہ معنے ہیں کہ عالم قدیم ہے حادث نہیں۔ جسکو محدث کی ضرورت ہو۔ ورنہ ہم پوچھتے ہیں کہ خدا کا بنانے والا کون ہے ؛

**مسعود** - یہ کیونکر ہوسکتا ہے۔ کہ ہر شئے کو آپ کی عقل دریافت کرلی۔ عقل بھی انسان میں جیسے اور قوتیں محدود ہیں۔ ایسے ہی ایک قوت محدود ہے جیسے ہاتھ پیر آنکھ۔ ناک کان اپنی قوت سے زیادہ کام نہیں دیسکتی۔ ایسی ہی عقل بھی اپنی قوت سے زیادہ کام نہیں دیسکتی۔ اور جیسے اور قوتوں میں باہم انسانوں میں فرق ہے کوئی قوی ہے۔ کوئی ضعیف ہے۔ ایسی ہی عقلی قوت

کا حال ہے۔ تو جو بات آپ کی عقل میں نہ آوے گو تمام جہان کے عقلا اُسکو تسلیم کئے ہوئے ہوں وہ خارج العقل ہی مانی جائیگی۔ آپ خارج العقل کسی طرح نہیں مانے جاسکتے ہیں۔ ہزارہا اشیاء دنیا میں موجود ہیں۔ جو عقل میں نہیں آتیں لیکن اُن سے انکار بھی نہیں ہوسکتا ؛

**سوار**۔ وہ کونسی شئے ہے جسکو عقل نہیں سمجھ سکتی ؛

**مسعود**۔ یہ ہزارہا درخت ہی آپ کے سامنے موجود ہیں۔ جو عقل میں نہیں آتے۔ آپ اِن کے تخُم کو دیکھ کر ہرگز یہ نہیں باور کرسکتے کہ اتنے چھوٹے سے تخُم میں سے اتنے موٹے پینڈ اتنے بڑے بڑے گدّے۔ ہزارہا ٹہنیاں لکھو کھا پتے نکل کھڑے ہوں گے اور طرح طرح کے ذائقے کے پھل لگیں گے اگر ان درختوں نے اربعہ عناصر کی ترکیب باہمی سے پرورش پائی ہے۔ اور کوئی قوت متصرف اس میں دخیل نہیں ہے۔ تو عقل اس بات کی مقتضی ہے کہ تمام اشجار اور پھل اور پتے اور پھول ایک قاعدہ پر ہونے چاہئیں۔ کیونکہ اور کوئی قوت تو اُسمیں متصرف ہے ہی نہیں جسنے اپنے تصرف سے اور اپنے ارادہ سے اس میں تغیر تبدل واقع کردیا ہے۔ اسواسطے کہ جب یہ صرف اربعہ عناصر کی ترکیب باہمی سے ترکیب پذیر ہوتے ہیں۔ تو مٹی کو چکھئے وہ پھیکی ہے پانی کو چکھئے وہ پھیکا ہے۔ ہوا روزمرہ حلق میں آتی جاتی ہے وہ پھیکی۔ آگ میں ایک قسم کی جلن اور سوزش ضرور ہے۔ تو اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے۔ کہ سب کا پھل

ذائقہ میں ایک ہوتا - یہ پھل میٹھی اور ترش اور تلخ وغیرہ وغیرہ کیوں ہوتے ہیں یہ مٹھاس اور ترشی وغیرہ تو اربعہ عناصر میں سے کسی عنصر میں بھی نہیں - پھر پھلوں میں کہاں سے آگئی - ایسے ہی ہزارہا اشیاء کے دیکھنے سے تو تمام عالم کے عقلاء نے خدائے عزوجل کے وجود کو تسلیم کیا ہے - اور سمجھ لیا ہے کہ دنیا عالم اسباب ہے اس میں ہر شئے کے واسطے ایک سبب ضروری اور لابدی ہے - اربعہ عناصر بھی ایک قسم کا ذریعہ اور اسباب ہیں - اگر عالم میں کوئی قوت متصرف نہ ہو تو تغیر تبدل اشیاء میں ہرگز واقع نہیں ہو سکتا ؞

**سوار** - اس دلیل سے خدا کا وجود ثابت نہیں ہوا - ہر پھل میں جدا ذائقہ پیدا ہونے کی کوئی ترکیب ہے - جو اس وقت تک ہمکو معلوم نہیں ہوئے - لیکن یہ کہاں سے ثابت ہوا - کہ یہ خدا کی طرف سے ہوتا ہے - تم یہ کہتے ہو کہ اللہ مسبب الاسباب ہے - وہ ہر شئے کے واسطے سبب ضرور پیدا کرتا ہے - تو آپ ہی فرمائیے - کہ میٹھا اور ترش وغیرہ وغیرہ ذائقہ بدلنے کے واسطے کونسا سبب پیدا کیا ہے - اور جب تم یہ کہو کہ ہمکو وہ سبب معلوم نہیں - تو ہم بھی کہتے ہیں کہ اس وقت تک ہمکو اسکی ترکیب معلوم نہیں ہوئی ہے - رہا تمہارا یہ بیان کہ عقلی قوت محدود ہے - اسکو میں بھی تسلیم کرتا ہوں - لیکن جن امور کے مذہب تعلیم کرتا ہے - وہ عقلی قوت سے باہر نہیں ہیں - ورنہ یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ دنیا میں جتنے مذہب ہیں سب سچے ہیں - کیونکہ یہ ظاہر ہے کہ مذاہب

میں ہی اختلاف - ایک مذہب کہتا ہے کہ خدا ایک ہے - تو دوسرا کہتا ہے تین ہیں - تیسرا کہتا ہے ہزاروں ہیں - **علیٰ ہٰذا القیاس** تو یہ ظاہر ہے کہ سب کا سچا ہونا خلاف عقل ہے - کیونکہ اجتماعِ ضدین لازم آتا ہے اور یہ محال ہے - سچا تو ایک ہی نکلیگا - جو ہو - تو اب فرمائیے - سوائے عقل کے اُن کے پرکھنے کے واسطے اور کونسا ذریعہ ہے ٭

**مسعود** - اگر کسی عقلمند یا فلاسفر سے تخم نیب یا اسی قسم کا اور کوئی تخم دکھا کر یہ دریافت کیجئے کہ تمھارے پاس اس کی کیا عقلی دلیل ہے کہ اتنے چھوٹے سے تخم میں سے اتنا بڑا درخت نکل کھڑا ہوگا - تو کیسا ہی عقلمند کیوں نہ ہو ھرگز دلائل عقلی سے ثابت نہیں کرسکتا - وہ یہ کہیگا کہ اسکے واسطے تجربہ کی ضرورت ہے - اسکو زمین میں بوکر دیکھ لو - معلوم ہو جائیگا کہ ایسا ہوتا ہے یا نہیں اب اگر آپ سے کوئی کہے کہ بُرے افعال سے مبتلا رعذاب اور نیک افعال سے مستحق ثواب ہوں گے آپ اُسے مثل اُسکے کہیں کہ تیرے پاس اس کی کیا دلیل عقلی ہے - وہ بھی یہی جواب دے کہ تجربہ سے معلوم ہو جائے گا - معلوم ہو جانے کے بعد آپ کا تسلیم کرنا نہ کرنا کس کام آئیگا - اگر آپ کسی بُرے سے بُرے فعل میں مبتلا ہوتے - تو مجھ کو ایسا خوف نہوتا - جیسا اسوقت ہے - کیونکہ بعض افعال انسان سے بوجہ غلطی صادر ہوتے ہیں - اور بعض بوجہ خواہش - مگر چونکہ غلط کار لوگ بمنزلہ اُس مسافر کے ہیں جو شہر مطلوب کی ٹھیک

کو بوجہ غلطی چھوڑکر کسی اور راہ کو ہو لئے اور مغلوبان خواہش بمنزلہ اُس مسافر کے ہیں کہ شہر مطلوب کی سڑک پر جاتے تو ہیں۔ لیکن بادِ مخالف قدم بدشواری اُٹھانے دیتی ہے۔ اِسلئے غلطی والوں کے حال پر زیادہ افسوس چاہئے۔ کیونکہ جیسے اُس مسافر کی کامیابی کی کوئی صورت نہیں جو سڑک شہر مطلوب کو چھوڑکر کسی اور سڑک کو ہولیا ہے۔ اگرچہ کیسا ہی تیز رفتار کیوں نہ ہو ایسے ہی اُن کی کامیابی کی کوئی صورت نہیں ہے۔ جو بوجہ غلطی راہ مستقیم خدا کو چھوڑکر کسی اور راہ ہو لئے ہیں۔ اگرچہ وہ کیسے ہی عمدہ اور عابد و زاہد کیوں نہ ہوں البتہ وہ جو اُسی راہ کو جاتے ہیں۔ جو **خدا** تک پہونچتی ہے۔ پر ہوا و ہوس کے دھکّے بدشواری چلنے دیتے ہیں۔ وہ گو بدشواری پہونچیں۔ پر ایک نہ ایک روز گرتے پڑتے گرم و سرد زمانہ چکھتے چکھاتے شہر مطلوب یعنے جنت میں پہونچ ضرور جائیں گے گو اثنا راہ میں نزع اور عذاب کے تکالیف گوناگوں اُن کو بھگتنے پڑیں ٭

**سوار** ہمکو معلوم ہے جنّت کی حقیقت لیکن دل کے خوش رکھنے کو غالب یہ خیال اچھا ہے ٭

**مسعود**۔ واہ آپنے کس ہنبگڑی کے شعر پر عمل کیا ہے۔ سودائیوں سے عشق میں کرتے ہیں مشورہ۔ جیسے ہم آپ ویسے ہمارے مشیر ہیں۔ آپ کو اب دوزخ اور جنّت کے وجود سے بھی انکار ہے ٭

**سوار**۔ انکار تہا کب نہیں۔ تم ہوے سادھے سیدھے مسلمان ہو۔ تم

واقعات سے نتیجہ اخذ نہیں کرسکتے۔کسی عقلمند کی رائے کے مغز کو نہیں پہونچتے آپ کیا جانیں کہ مذہب کیا چیز ہے۔ اور اِسکے اصلی غرض کیا ہے۔بھائی جان تمام دنیا کے عقلا رنے انتظام دنیا درست رکھنے کی غرض سے مذہب ایجاد کیا ہے۔کیونکہ اس سے زیادہ کوئی انسان کے افعال کی حفاظت کر نہیں سکتا۔ جب انسان یہ جانتا ہے۔کہ خدا ہر جگہ حاضر و ناظر ہے اور ہر طرح ہماری سزا و جزا پر قادر ہے۔تو اب فرمایئے کہ جب یہ بات پورے طور پر ذہن نشین ہو۔ تو بد افعال کرنے کا طریقہ مسدود ہو جائیگا۔یا نہیں۔ دوزخ اور جنت سے بھی یہی غرض ہے۔کہ دوزخ کا خوف قلب پر طاری ہو اور جنت کی امید اُمنگوں کو اُبھار کر عمدہ افعال کی طرف راغب کرے جسکی تشریح اس حدیث شریف کے جملہ سے ہوتی ہے کہ۔ ایمان درمیان خوف اور رجا کی ہے" اس مصلحت کو تمام عقلار کی میں بھی پسند کرتا ہوں اور کاربند ہونے کی کوشش کرتا ہوں۔ یا یوں کہئے کہ کاربند ہوں لیکن انسان کو یہ اختیار ہے۔کہ جس مذہب کا چاہے کاربند ہو جائے۔کسی مذہب کی خصوصیت کی ضرورت نہیں ہے۔ ورنہ آپ ہی فرمایئے کہ دوزخ و جنت کے وجود کی کیا دلیل ہے۔ اور محمد صاحب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ایک ادنے جنتی کو اتنا ملک ملے گا جتنی تمام دنیا کی وسعت ہے۔اب فرمایئے اِسکو عقل کیونکر تسلیم کرے اِس سے تو صاف طور پر ظاہر ہوتا ہے کہ ایک بے انتہا اُمید دلائی گئی ہے

**مسعود** - آپ کا یہ خیال کہ مذہب انتظامِ دنیا درست رکھنے کی غرض سے ہے بے وجود - اور بالکل بے اصل ہے - معلوم ہوا کہ آپ نے انبیاء علیہم السلام کے حالات جو زمانہ حیات میں اُن سے یا اُن کے نائبوں سے جو اس خطاب کے قابل ہوں سرزد ہوئے -
کتبِ تواریخ و سیر وغیرہ میں ملاحظہ نہیں فرمائیے - ورنہ یہ بے وجود خیال قلب میں جاگزیں نہوتا - مذہب اسلام جو تمام انبیاء علیہم السّلام کالایا ہوا مذہب ہے خاص خدائے عزوجل کا بھیجا ہوا ہے - اُسکا ایک شوشہ بھی خلاف عقل نہیں اور نہ نبی کریم محمّد صاحب صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی بے وجود بات زبانِ مبارک سے ارشاد فرمائی - دوزخ وجنت کا وجود تو تمام عقلاء کو تسلیم ہے - اُس سے انکار کی کوئی صورت ہی نہیں "

**اوّل** - تو یہ میں آپ سے دریافت کرتا ہوں - کہ اگر کوئی شخص کسی ولایت یا شہر یا مکان کے وجود سے - جو دنیا پر موجود ہو انکار کرے - تو اُن کے موجود ہونے کے ثبوت میں کوئی عقلمند دلائل کی ضرورت نہ سمجھے گا - اور نہ اُسکی دلیل عقلی ہوسکتی ہے - البتہ وہ شہادت سے ثابت کریگا - دُنیا میں کرُوڑہا کرُوڑ انسان ایسے موجود ہیں - جنھوں نے لنڈن و قسطنطنیہ و پیرس وغیرہ کو آنکھ سے نہیں دیکھا - لیکن دنیا میں اُنکے موجود ہونے سے انکار نہیں کرسکتے - تو سوائے اس کے اور کیا ہے - کہ اِن شہرات کی تصدیق کے واسطے شہادت اتنی وافر ہے

کہ ان سے انکار کی گنجایش ہی نہیں۔ اور اگر کوئی شخص باوجود اتنی کثیر شہادت موجود ہونے پر بھی انکار کرے۔ تو وہ مجنوں سمجھا جائے گا۔ علی ہذا دوزخ اور جنت بھی دو مکان ہیں۔ یا طبقے ہیں تکلیف اور راحت کے ان کی موجود ہونے کی شہادت بھی اتنی وافر ہے کہ دوسروں کے واسطے ایسی شہادت ممکن نہیں۔ اور جو شرائط شاھد کیواسطے ضروری ہیں۔ وہ شرائط بھی دوزخ وجنت کی شاہدوں میں کامل طور پر موجود ہیں۔ وہ کون انبیا علیہم السلام۔ اگر انسان اشرف المخلوقات ہے۔ تو اُنہیں کیوجہ سے ہے۔ جنھوں نے اپنی مدت العمر میں کبھی جھوٹ نہیں بولا اور نہ کوئی فعل قبیح اُن سے سرزد ہوا۔ کیونکہ اُن میں گناہ کرنے کا مادہ ہی نہیں ہے پھر اُن کی تعداد بھی سو دو سو پر محدود نہیں رہتے۔ لاکھوں پر پہونچتی ہے ہر فرقہ اور ہر طبقہ پر رونق افروز ہوئے تو پھر کیا وجہ جو یہ شہادت قابل اعتبار نہو۔ وہ شاہد جن میں وہ شرائط جو شاھد کیواسطے ضروری ہیں نہ ہونے پر بھی بوجہ کثرت ماننے کے قابل ہیں۔ تو یہ شاہد تو ہمہ صفت موصوف ہیں۔ ہر طرح پر بوجہ کثرت بھی تو یہ شہادت سب سے اول ہر اہل عقل کے نزدیک قابل وقعت اور ماننے کے قابل ہے۔

ونیز عقلی دلائل سے بھی ان کا وجود ثابت ہوتا ہے کیونکہ دنیا میں بعض اشیاء کا وجود اسطور پر ثابت ہوا ہے **مثلاً** طبقہ نار وطبقہ زمہریر کو تمام عالم کے عقلمند اور فلاسفر تسلیم کرتے ہیں۔ تو اسکی تسلیم کے سوائے اسکے اور کوئی وجہ نہیں کہ

دنیا میں سردی و گرمی جزاً جزاً پائی جاتی ہے یعنے ٹکڑے ٹکڑے ہوکر کسی مقام پر ہے۔ کسی مقام پر نہیں تو عقل لامحالہ تسلیم کرتی ہے کہ ان کا کُل ضرور ہے ورنہ یہ جز کیسے جسکا جز ہے اسکا کُل ضرور ہوگا۔

**علی ھذا**۔ انہیں دلائل سے دوزخ وجنت کا تسلیم کرنا بھی ضروری اور لابدی ہے۔ کسی اہل عقل کو انکار کی گنجائش نہیں ہے۔ کیونکہ تمام تکلیفات **مثلاً** دردبخار چیچک وغیرہ وغیرہ اور اسی طرح تمام فرحتیں انواع انواع اقسام کی لذتیں عالم میں جزاً جزاً پائی جاتی ہیں۔ ایک ہی مکان میں ایک شخص کو فرحت ہے دوسرے کو رنج ومصیبت ہے۔ تو فرمائیے اسکا کُل نہیں ہے۔ تو یہ جز کہاں سے ہوئے جسکا جز ہے اسکا کل ضرور ہوگا۔ انہیں ہر دو اقسام کے کل کا نام دوزخ وجنت ہے۔ دوزخ وجنت نہ کہو طبقہ تکلیف وراحت کہدو۔ اب آپکا یہ کہنا کہ جناب سرورِکونین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ارشاد میں سبز باغ دکھایا ہے ایسے خیالات پر لاحول بھیجے اور خدا کے حضور میں عجز وانکسار سے دعا کیجئے کہ اللہ تعالےٰ ایسے خیالات کو دل سے دور کرے۔ جو ایسے برگزیدہ لوگوں پر سبز باغ دکھانے کا شبہہ واقع ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمایا ہوا ایک شوشہ بھی غلط نہیں ہوسکتا ہے۔ آپ ذرا غور کرکے اس ارشاد کو سمجھئے اسکی مثال ایسی ہے کہ بالفرض۔ اللہ رب العالمین اپنی قدرت سے کسی جنین کو یعنے وہ لڑکا۔ جو ابھی رحم مادر میں ہے۔ قوتِ ناطقہ اور عقل کامل عطا فرمائے اور کسی صورت سے

اُسے فہمایش کیجاوے کہ جس عالم میں تم اب محبوس ہو۔ اِسکے علاوہ ایک اور عالم ہے جہاں عنقریب تم جاؤ گے اُس عالم کے سب سے ادنٰے آدمی کا مکان اُس عالم یعنی رحم مادر سے لاکھوں کروڑوں حصّہ بڑا ہے اور اُس عالم میں اشجار و انہار زمین و آسمان سورج و چاند اور کروڑہا ستارے و جنگل و پہاڑ اور اقسام اقسام کے میوہ جات و غذائے لذیذہ و لباس نفیسہ اقسام اقسام کی ہیں۔ وہاں کے اطعمہ لطیفہ کے تقابلہ میں حال کی غذا تمھاری یعنے خون حیض نہایت کثیف و مکروہ ہے۔ اور وہاں شیر اور چیتیے وغیرہ درندگان۔ اور کژدم و مار وغیرہ گزندگان و اقسام اقسام کی تکالیف بھی ہیں۔ تو وہ جنین یعنی لڑکا۔ اگر فہمایش کرنے والے کے کلام کو حق نہ سمجھکر اپنی عقل کو دخل دے تو کیسا ہی ذہین و ذکی عقیل اور فہیم ہو۔ لیکن عقلاً اُس کو امور مذکورہ بالا کا ہرگز یقین نہیں آسکتا ہے۔ کیونکہ کوئی ذریعہ اُسکو یقین ہونے کا حاصل ہی نہیں ہے۔ وجہ اسکی یہ ہے کہ عقل بذریعہ فکر کے معلومات کو ترتیب دیکر مجہولات کو دریافت کرسکتی ہے **مثلاً** جب کسی شکل کا صغریٰ و کبریٰ معلوم ہے تو عقل اُسکا نتیجہ نکال سکتی ہے۔ یا تین عدد معلوم ہوں۔ تو تقاعدہ اربعہ متناسبہ چوتھا عدد معلوم کرسکتی ہے۔ اور جب کچھ معلوم ہی نہیں ہے۔ تو مجہول ہرگز معلوم نہیں ہوسکتا لیکن جب وہ جنین پیدا ہوکر دنیا میں آویگا۔ تو وہ سب جنکا وہ یقین نکرتا تھا۔ برائ العین مشاہدہ کریگا۔ اور بطور علم الیقین و عین الیقین و حق الیقین سب کو حق پاویگا۔ علیٰ ہذا جبتک ہم عالم اسباب سے مانوس اور

رہم دنیا میں محبوس ہیں۔ ہمکو عقلاً عالم آخرت کے رنج و راحت کا یقیں نہیں ہو سکتا۔ لیکن مرنے کے ساتہ ہی یہ سب امور مشاہدہ ہو جائیں گے اسی وجہ سے امور **ماوراء[۱] المحسوسات** کے اوراک حقیقت کو صرف عقل پر منحصر کرنا خلاف عقل ہے۔ عقل ضرورت وجود شئی کو ثابت کرتی ہے۔ نہ کہ اُسکے وجود کو یعنی فلاں شئی ہونی چاہئے۔ نہ کہ فلانی شئے موجود ہے۔ علاوہ ازیں مشاہدہ قانون قدرت معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں بغیر جوڑے کے کوئی نتیجہ نہیں نکلتا لہذا عقل کا بھی جوڑا ہونا چاہئے۔ پس غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ رب العلمین نے اپنے فضل و کرم سے عقل کے تین رفیق بنائے ہیں یعنی دنیا کے محسوسات اور اُسکی متعلقات کیواسطے۔

"مشاہدہ صحیحہ جسکا نام تجربہ ہے" اور حوادث ماضیہ بعیدہ و غیبہ اور اُس کے متعلقات کے واسطے "تواریخ و اخبار و تحریرات وغیرہ" اور امور ماوراء المحسوسات یعنی جو بذریعہ حواس کے نہیں معلوم ہو سکتے ہیں۔ اور اُن امور کے واسطے جو بذریعہ مشاہدہ صحیحہ وغیرہ دریافت نہیں ہو سکتے۔ اور اُسکے متعلقات کیواسطے وحی و الہام۔ کیونکہ جیسا امور دنیوی کی تکمیل کیواسطے دو رفیق مذکورہ بالا دیئے ہیں ویسا ہی امور دینی کی تکمیل کیواسطے رفیق نہ دینا خلاف عقل ہے پس امور آخرت پر ایمان لانیکے واسطے صرف عقل کافی نہیں ہے بلکہ جو منقولات کیطور پر ثابت ہوا ہے اور معقولات سے اُسکی تائید ہوئی ہے اُنکو یقینی سمجھنا عقلاً ضرور ہے اور یہ امر بھی ظاہر ہے کہ جب کسی فعل کے

[۱] ماوراء المحسوسات یعنی جو بذریعہ حواس کے معلوم نہیں ہو سکتے۔ ص ۱۲

ارتکاب میں خطرِ عظیم ہوتا ہے تو اُس سے احتراز کرنا معمول تمام عقلار کا ہے اور عقلاً بھی یوں ہی چاہئیے - گو اُس خطرِ عظیم پہونچنے کا احتمال ضعیف ہو - **مثلاً** عمدہ کہانا تیار رکھا ہو - اور بھوک شدّت سے لگی ہو - اور کوئی شخص کہہ دے کہ اس کھانے میں سانپ مُنھ ڈال گیا ہے - یا زھر مِلا ہوا ہے پس گو کہ احتمال اِس امر کا ہو کہ یہ شخص جھوٹ صرف اپنے نفع کی غرض سے کہتا ہے لیکن عقلمند آدمی بہوک کو ضبط کرے گا - اور اُسکے کہانے سے باز رہے گا - کیونکہ اس بات کا بھی احتمال ہے - کہ شاید سچ کہتا ہو تو جب تمام امور مذکورہ بالا عقلاً بھی ثابت ہیں - اور تمام انبیار علیہم السلام سے نقلاً بھی اور نہ اُن کے فرمانے میں جھوٹ کا احتمال ہوسکتا ہے - کیونکہ اُن کا کوئی فائدہ نہیں اِس صورت میں ان کا نہ ماننا خلاف عقل ہے ۞

**سوال** - اچھا ہم نے تسلیم کیا کہ دوزخ وجنّت کا وجود ہے پھر ہمیں کیا ہوا کرے - ہم جب مرجائیں گے - تو اربعہ عناصر جن سے ہمارا وجود قائم ہے اپنی اپنی اصل کی طرف عود کر جائیں گے - البتہ اگر آپ یہ ثابت کر دیتے کہ عالم حادث ہے قدیم نہیں ہے - تو لامحالہ اسکا کوئی محدث او رمنتظم ہے - اُس وقت ہم یہ غور کرتے کہ اُس محدث او رمنتظم حقیقی سے ہمکو کیسا تعلق ہے - اور اُسکو ہمپر کس قسم کا اقتدار حاصل ہے - اگر اُسکو اس قسم کا قوت اور اقتدار حاصل ہے جیسے آگ وغیرہ کو جلانے کا تو ہم کیوں خواہ مخواہ اُسکی مرضی غیر مرضی کے تابع

ہوں۔ کیونکہ یہ امر ہر شخص جانتا ہے کہ آگ ہر شئے یا بہت سی اشیا کے جلانے پر قادر ہے۔ لیکن یہ بھی اسکے ساتھ جانتا ہے۔ کہ آگ کو اس قسم کا اقتدار حاصل نہیں ہے۔ کہ جسکو چاہے اپنے علم و ارادہ سے جلائے۔ جسکو چاہے نہ جلائے البتہ اگر کوئی شئے کسی قوت کے ذریعہ سے یا اتفاق سے اُس تک پہونچ جائے گی تو جلا دیگی +

**مسعود** - اگر یہ مرحلہ مجھ سے طے ہونے والا ہوتا۔ تو اتنی تکلیف کیوں اُٹھانی پڑتی عنقریب انشاء اللہ العزیز اطمینان ہو جائیگا۔ اب اس وقت دُنیا تیرہ و تار ہوگئی ہے۔ سیارے آسمان کا دورہ نہایت خاموشی سے طے کر رہے ہیں۔ جو درخت ہرے بھرے دلچسپی پیدا کر رہے تھے اب بوجہ تاریکی سیاہ دیو کی مہیب شکل میں نظر آرہے ہیں۔ گفتگو کا سلسلہ ختم ہو جانے سے اور بھی باغمیں سناٹا ہوگیا ہے +

**سوار** - نظر آسمان کی طرف اُٹھاکر۔ شب کا زیادہ حصہ گذر چکا ہے۔ اب فرمایئے قیام کی کیا شکل ہوگی +

**مسعود** - دیکھئے وہ جانب جنوب اندھیرے میں کچھ مٹی مٹی عمارت سی نظر آتی ہے۔ اگر میرا خیال غلطی نہیں کرتا۔ تو ضرور وہاں سے کچھ پتہ چلے گا۔ یہ کہہ کر اُٹھا۔ اور جانبِ جنوب روانہ ہوا۔ چند منٹ میں ایک شخص کو ہمراہ لئے واپس آیا۔ جسکے ہاتھ میں لالٹین ہے۔ صورت اور وضع سے شرافت

نمایاں ہے اس آنیوالے شخص نے نہایت ادب سے بطریق اسلام سلام کیا اور سوار کے خوبصورت چہرے اور لباس کو بنظر غور دیکھنے لگا ❖

**سوار** شخص مذکور سے - آپکا اسم شریف - شخص مذکور - مجکو **عبدالرّؤف خاں** کہتے ہیں ❖

**سوار** - میں اس تکلیف کی آپسے معافی چاہتا ہوں اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں کہ آپ کے شہر میں مسافروں کے قیام کی کیا صورت ہے - عبدالرّؤف خاں گو میں اس قابل نہیں ہوں کہ آپ شب کو یہیں آرام فرما کر مجھکو ممتاز فرمائیں لیکن آپ کے خُلق سے مجکو اُمید ہے کہ میری عرض قبول ہوگی - صبحکو جیسا ارشاد ہوگا میں حاضر ہوں ❖

**سوار** - مجکو اس کے منظور کرنے میں کوئی عذر نہیں ہے - لیکن آپ کو خوامخواہ تکلیف ہوگی ❖

**عبدالرّؤف خاں** - خوش ہو کر میں آپکا بہت ممنون ہوا - گھوڑے دانہ ملنے پر اپنے خالق برحق کا شکریہ ادا کر رہے ہیں - جن کی آوازوں نے باغ سے ایک دم کیواسطے سنّاٹے کو دور کر دیا ہے - عین وسط باغ میں چبوترہ بنا ہوا ہے جسکی گولائیکو سرو و شمشاد کے درختوں نے اور خوش نما کر دیا ہے اسی موقع پر تین چارپائیاں بچھی ہوئی ہیں ان پر سفید چادریں ڈوریوں سے اس خیال سے کھنچی ہوئی ہیں کہ بستر میں ہوا یا جسم کی حرکت سے سلوٹ نہ پڑ جائے ان پر ہمارے دونوں نوجوان اور عبدالرّؤف خاں لیٹے ہوئے ہیں ❖

**مسعود** - خاں صاحب یہ باغ آپ کے ہیں *

**خانصاحب** - یہ خاص باغ جس میں آپ تشریف رکھتے ہیں حاجی محمد مرتضےٰ خاں صاحب مرحوم کا جو خورجہ کے نہایت دلیر اور ایمان دار اور منتخب اشخاص میں سے تھے ہے اور جانب شمال ایک محمد الہداد خاں صاحب کا اور دوسرا محمد صاحبداد خاں صاحب کا ہے اور یہ جانب شرق اور جنوب میں تمام باغات اور کوٹھی اور مسجد وغیرہ بڑے خانصاحب محمد احمد خاں صاحب کے ہیں - میں انکا کارندہ ہوں یہ انہی کی رائے سے لگائے گئے ہیں اور وہ ہی ان تمام باغات کے مہتمم ہیں یہ چاروں صاحب جن کے یہ باغات ہیں حقیقی بھائی ہیں اور محمد خالقداد خاں صاحب کے بیٹے ہیں *

**مسعود** - خاں صاحب آپکے شہر میں کوئی ہوٹل ہے - خاں صاحب نہیں - جناب یہ پٹھانوں کا شہر ہے اِس میں ہوٹل کا کیا کام *

**مسعود** - قہقہہ مار کر - اس وجہ سے کہ پٹھانوں میں جہالت زیادہ ہوتی ہے *

**خانصاحب** - نہیں صاحب - اس وجہ سے نہیں - بلکہ اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ کام خلاف شریعت ہیں *

**مسعود** - خلاف شریعت کیوں ہیں *

**خانصاحب** - اِس کی وجہ یہ ہے کہ جب کسی سے آپ ہوٹل کا نام لیں گے تو سننے والے کے ذھن میں ہوٹل کا نام سنتے ہی اس ہیت کے مکان کا نقشہ

قائم ہو جائیگا کہ اُس کی قطع وغیرہ انگریزی مکانوں کی طرز پر ہو کھانے کے کمرہ میں میز و کرسی - چھری و کانٹا - شراب ولیمنٹ وغیرہ کی بوتلیں ہوں کھانے کے وقت تمام قواعد انگریزی کی پابندی کیجاوے اگر آپ یہ اعتراض کریں کہ سننے والا کیوں خواہ مخواہ اپنے ذہن میں اس قسم کا نقشہ مکان کا قائم کرے اُسکا جواب یہ ہے انسان اپنے ذہن میں ہر شئے کا نام سنکر اُسکی شکل قائم کر لیتا ہے جو دنیا میں بکثرت موجود ہو - یہی وجہ ہے جو انسان دور سے دیکھ کر مسجد و مندر وغیرہ کو بغیر دریافت شناخت کر لیتا ہے - اور یہہ ہیئت خاص خلاف شرع ہے +

**مسعود** - یہ ہیئت بھی خلاف شرع نہیں - میز یا کرسی پر بیٹھ کر کھانا کھانیمیں یا چھری کانٹے سے کھانے میں کیا ہرج ہے +

**خانصاحب** - تبلہ بجانے میں گھونگرو پانوں میں باندہ کر ناچنے میں کیا ہرج ہے یہی نہ کہ یہ سامان اور اسباب لہو لعب میں داخل ہیں - اور خلاف تہذیب ترغیب کا باعث ہیں - علیٰ ہذا کرسی پر بیٹھ کر چھری کانٹے سے کھانے میں رعونت کو ترغیب ہوتی ہے - اور اسلام چاہتا ہے - خُلق و انکسار اسیوجہ سے بہت سے دانشمند کوٹ اور پتلون وغیرہ نہیں پہنتے ہیں - کیونکہ اس کا انسان کے اخلاق و عادات پر اثر پڑکر اُن میں تغیر اور تبدل واقع کر دیتا ہے اُس میں انسانی ہمدردی نہیں رہتی وہ اپنی آسایش و آرام کے مقابلے میں تمام غریب بھائی اور دیگر بندگانِ خدا کی ضروریات اور حاجات کو نہایت کم وقعتی کی نظروں سے دیکھنے

لگتا ہے۔ علیٰ ہذا جب اہل اسلام نے مخلی پوشاکوں اور تمام مشرقی تکلفات کا
استعمال کیا اُسی کے اثر نے رفتہ رفتہ اُن کے عیش و آرام کو بڑھا کر اُن میں اور بھی
صدہا خراب خصائل پیدا کر دیئے۔ آخر نتیجہ یہ ہوا کہ سلطنت ہی کھو بیٹھے۔ اور بعض
لوگوں کا یہ خیال کہ انگریزوں کی شاہبت کی وجہ سے نہیں پہنتے غلط ہے اہل
اسلام کو بہ نسبت اور قوموں کی انگریزوں سے زیادہ اُنس ہونا چاہیئے ٭

**مسعود**۔ جب آپ یہ فرماتے کہ اہل اسلام کو بہ نسبت اور قوموں کے انگریزوں
سے زیادہ اُنس چاہئے۔ تو اسکے کیا معنے ہیں کہ ھوٹل میں جانا تو منع ہے اور
اہل ھنود کی شیرینی ٭ کھانی درست ہے اُسکے کھانے سے اخلاق و تہذیب
پر ناپاکی کا اثر کیوں نہ ہوگا۔ اول تو یہ۔ کہ جتنے دوکان دار ہیں وہ ہاتھ دھوکر
عموماً دھوتی سے پونچھ لیتے ہیں۔ دھوتی کی شکل ہی۔ دیکھ کر نفیس مزاج کو تو
استفراغ ہو جانا چاہئے۔ ہزارہا مرتبہ تو اس دھوتی کو پیشاب کر کے بغیر بول خشک
کئے باندھ لیا گیا ہے۔ کم سے کم اگر ایک قطرہ بھی پیشاب کا اسمیں ہر مرتبہ جذب
ہوا ہے تو اب فرمائیے آپ کے نزدیک کتنی قارورہ کی شیشیں اس میں جذب
ہوئی ہوں گی۔ گوبر اور گائے کا پیشاب تو اُن کے نزدیک چنداں بُرا نہیں
جو اُنہیں احتیاط کی ضرورت ہو۔

لالہ صاحب لڈو بناتے جاتے ہیں۔ اور رانیں کھجاتے جاتے ہیں جبکا میل
ناخونوں کے ذریعہ سے ملتا جاتا ہے۔ میں ران کھجانا۔ تہذیب کی وجہ سے کہتا ہوں

ورنہ یہ واقعۂ تو صدہا مرتبہ آپ کی نظر سے بھی گذرا ہو گا۔ آپ ہی خیال کریئے کہ وہ
کس کس مقام کو کہجاتے ہیں۔ جن کپڑوں سے وہ صافی کا کام لیتے ہیں۔ اگر کسی
عالم باعمل کو اُنہیں دیکھا کر فتویٰ طلب کیجئے۔ تو میرے نزدیک وہ اُنکا استعمال
مکروہ تحریمیہ فرمائیگا۔ اور مکروہ طبعیٔ ہونے کا تو میں ہی فتویٰ دئے دیتا ہوں اسلام کا
تو یہ عام فتویٰ ہے کہ ہر انسان کا جھوٹا پاک ہے اور ہر مومن کا جھوٹا شفا ہے
اب خانصاحب غور فرمائیے۔ رواج دوسری شئے ہے اور مذہب اسلام دوسری
شئے ہی اسلام کسی اہل کتاب کے ساتھ کھانے کو منع نہیں کرتا اُنکے ساتھ معاملات
نہایت ایماندار ی اور خلق اور تہذیب کے ساتھ کرنے کی نہایت اشد تاکید کرتا
ہے جسکا نام حق العباد ہے۔ اِس سے بڑھ کر اسلام میں سوائے شرک اور کفر
کے اور کوئی گناہ نہیں۔ نہ کسی اہل مذہب کی کوئی شئے اسلام ناپاک بتاتا ہے
نہ اُسکے استعمال سے منع کرتا ہے۔ بشرطیکہ وہ شئے بنفسہ پاک ہو اور کوئی
مضرت اُسکی ذات میں نہو۔ ہاں اگر وہ شئے ہی ناپاک ہے یا اُسکی ذات میں
مضرت ہے۔ تو بیشک منع ہے۔ تو اسمیں کسیکی قید نہیں۔ ایسی شئے اہل اسلام
کی بھی استعمال کرنا منع ہے۔ نہیں معلوم اہل اسلام ہندوستان نے اپنے
طریقے کونسے اسلام سے اخذ کئے ہیں اگر اُسے ایک اسلام سے جو آجتک
زمانے میں اکیلا رہا ہے اور جسکے پیرو تمام انبیاء علیہم السلام رہے ہیں۔ اور
جسکے آخیر ہادی اور خاتم الانبیاء محمد صاحب صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ تو اُس سے

تو اُنکے طریقے ملتے ہوئے بہت کم معلوم ہوتے ہیں۔ اسلام کا اعلیٰ اصول جسکا نام توحید ہے اُسکو بھی رڈ گڈ کئے ڈالتے ہیں ہائے افسوس سہ جس دل پہ ناز تھا مجھے وہ دل نہیں رہا +

خاں صاحب آپکا فرمانا صحیح ہے میں بھی یہی کہتا ہوں کہ ہر فعل کی ضرورت جس درجہ تک ہے وہ اسلام نے تعلیم کر دیا ہے۔ اور جو مضر ہیں اُن سے منع کر دیا ہے۔ اہل اسلام کوئی فعل نہ کسی کی دوستی سے کرتے ہیں۔ نہ کسی کی دشمنی سے چھوڑتے ہیں۔ اور آپکا یہ فرمانا کہ مسلمان اسلام کے پابند نہیں معلوم ہوتے جو پابند نہیں ہیں نہ ہوں۔ ہمارا کیا ہرج ہے۔ اُسکی مثال ایسی ہے۔ کہ ایک یوروپین صاحب عیسائی۔ مشرف باسلام ہوئے اور کسی ضرورت سے یا بطور تفریحِ طبع مدراس پہنچے۔ اذان کی آواز سنکر نماز کے واسطے مسجد میں تشریف لیگئے جسوقت موذن نے جناب سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک لیا۔ انہوں نے اپنے ہاتھوں کے انگوٹھے چومے وہاں کے اہل اسلام نے ان بیچاروں کو اسی مسجد سے دھکے دیکر نکالدیا کہ دھوکے باز ہے۔ مسلمان نہیں ہے ان کی اس واقع کی خبر اُن کے ایک دوست عیسائی کو ہوئی وہ اُن کے مکان پر جہاں یہ مقیم تھے آئے۔ اور اثنار گفتگو میں اِس کا تذکرہ کرکے کہا کہ آپ اسلام کے اُصول دیکھکر مسلمان تو ہوگئے ہیں۔ لیکن اب اہل اسلام کا برتاؤ دیکھکر شاید اسلام سے آپکو دست بردار ہونا پڑے یہ نو مسلم نہایت عقیل و فہیم

وعالم شخص تھے - اُنھوں نے جواب دیا کہ میں اسلام پر ایمان لایا ہوں - مسلمان پر ایمان نہیں لایا وہ معترض یہ سُنکر اپنا سا مُنہ لیکر رہ گئے ؀

# دوسرا باب
## خورجہ کا قیام

صبح کا وقت ہے شرقی گوشہ آسمان سے آفتاب کی سنہری کرنیں نمودار ہوئی ہیں - مسجدوں کی اونچی اونچی میناریں اور بلند عمارتیں سنہری دھوپ میں رنگی ہوئی نظر آرہی ہیں - خاصکر اس عالیشان عمارت پر اور ہی کچھ روپ ہے جس میں ہمارا نوجوان مسافر سوار اور مسعود بطور مہمان ٹھیرائے گئے ہیں اسکا دروازہ غرب رویہ ہے سامنے داخل ہوتے ہی چاہ جانب شرق بنا ہوا ہے اُس کے اوپر حوض ہے - جونلوں کے ذریعہ سے اُن فواروں میں پانی پہنچتا ہے جو صدر صحن کے حوض کے گرداگرد اور درمیان میں لگے ہوئے ہیں - اِس مکان میں داخل ہونے والے کو شمال کی طرف مڑ کر تھوڑا سا صحن طے کرنا پڑتا ہے

ازاں بعد جانب غرب مڑکر چند سیڑھیں طے کرنے کے بعد صدر صحن میں داخل ہوتا ہے جسکے بیچمیں سنگ مرمر کا چھوٹا سا خوشنما حوض ہے۔ جس میں فوارے چھوٹ رہے ہیں۔ اور پانی کے خوش نما چھوٹے چھوٹے قطرے حوض کے ہر چہار طرف اور اُسکے درمیان میں گر رہے ہیں جو یک بیک نظر ڈالنے والے کے خیال کو موتیوں کی چادر حوض پر پڑے ہونے کا دہوکا دیتی ہیں۔ اس صحن کے دونوں بازوں کو شمال و جنوب سہ درّیں دبائے ہوئے ہیں۔ جانب غرب ہندوستان کے قدیمی طرز پر دالان در دالان بنا ہوا ہے اُسکی آراستگی اسلامی طرز پر ہو رہی ہے جو دیکھنے والے کو مکیں کی پابندیٔ وضع کا ثبوت دیتی ہے اس وقت اس جگہ کو ہمارے نوجوان سوار اور مسعود اور چند نوجوانان خورجہ کی نشست سے اور زیادہ رونق ہوگئی ہے

**سوار**۔ ایک نوجوان کی طرف مخاطب ہوکر۔ میں آپ کی اس مسافر نوازی کا ممنون ہوں اور آپ کے والد ماجد کے خُلق و محبت اور کریمانہ افعال کا مشکور

**نوجوان**۔ آپ کا قدم رنجہ فرمانا ہماری خوش قسمتی کی دلیل ہے اب اُمید یہ ہے کہ آپ اپنا منشار اصلی اور نام نامی ظاہر فرماکر ہم کو معزز و ممتاز فرمائیں گے ۔

**سوار**۔ میرا نام سلیم ہے۔ اور وطن بلخ ہے میرے والد ماجد والیٔ بلخ ہیں میری داستان کا شروع یوں ہے کہ مجکو طفولیت سے علم کا شوق ہے

جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ میں بیئس برس کی عمر میں علم عربی فارسی۔ ترکی۔ انگریزی وغیرہ سے فارغ التحصیل ہوگیا۔ ان کی تحصیل کے بعد یہ فکر ہوئی کہ مجکو اپنی بقیہ زندگی بسر کرنے کے واسطے کیا طرز اختیار کرنی چاہئے۔ کبھی قلب انگریزی طرز معشرت کو پسند کرتا تھا۔ کبھی اہل اسلام کی۔ لیکن مذہب جو دنیا میں ایک فطرتی شئے مانا جاتا ہے۔ وہ زیادہ تر مجکو اسلام کی طرف کھینچتا تھا۔ کیونکہ طفولیت ہی سے اسلام سے اُنس تھا۔ لیکن سنئے آشنا علم انگریزی اور عیسائیت اس ایک رُخی تصویر کو دیکھنا پسند نہیں کرتی تھی۔ اس طرفین کی ضدنی عقل کے مشورہ کی ضرورت پیدا کی۔ عقل نے یہ مشورہ دیا کہ بلا جانچ پڑتال کے ایک طرف متوجہ ہونا اور ہاں میں ہاں ملانا نہیں چاہئے۔ اب مذہبی کتابیں دیکھنے کی صلاح ٹھیری اور بڑی بے تعصبی سے انکو دیکھنا شروع کیا اول ہی قدم پر پا زخمی ہوگئے سہ

سرِ دعشق میں اوّل ہوئے ہیں پا ہی زخمی :: نہ ٹھیرا جائے ہی مجھسے نہ بھاگا جائے ہی مجھسے

.... سب سے اول میرے مشیر یعنے عقل کا یہ سوال ہے کہ خدا کیا چیز ہے اور اُسکو اپنی مخلوق پر کس قسم کا اقتدار حاصل ہے۔ اِس سوال کے ہر مذہب و ملت یکساں جوابدہ ہیں۔ جب یہ اطمینان ہوجائے کہ خدا کیا ہے اور کیسے ہیں تب اُسکے رضا غیر رضا معلوم کرنے کی فکر ہو اور جب خدا کا وجود ہی نہ ثابت ہو تو مذہب انسان کے ایجاد انتظام دنیا درست رکھنے کی غرض سے کہا

جائیگا - اسکا جواب ابھی تک شافی نہیں ملا- جس مذہب و ملت کے عالم سے ملکر اطمینان کرنا چاہتا ہوں - وہ بجائے اطمینان اور طبیعت کو بھڑکا دیتا ہے اور جب وہ مجھ سے مرتد کا قتل کرکے ثواب میں داخل ہونا اپنے اختیار سے باہر پاتا ہے تو غصّہ ور صورت بنا کر ہمکو دھتکار دیتا ہے اِس مصیبت میں مبتلا ہوں اور یہ ساری مصیبت اِن حضرت کی بدولت ہے (مسعود کیطرف اشارہ کرکے) یہ میرے قدیمی دوست اور ہم مکتب ہیں - اِن کو مجھ سے قلبی محبت ہے - یہ اپنی خیال کے مطابق نہیں چاہتے کہ میں اُن کی خیالی یا یوں سمجھو کہ واقعی دوزخ میں رہ کر ابدالآباد مبتلائے عذاب رہوں - اتنا میں بھی ان سے متفق ہوں کہ فی الواقع ایک ایسی سخت دشوار مصیبت کے جو آنیوالے کہے جاتے ہو - تحقیق نہ کرنا اور آنکھیں بند کئے پڑے رہنا خلاف عقل ہے - کیونکہ یہ مذہبی مسئلہ ابتدائے آفرینش بنی آدم سے چلا آتا ہے اور کروڑ ہا عقلمند اور محقق اس کی تائید کرچکے ہیں - گو ان میں اختلاف ہے - لیکن خدا کے موجود ہونے میں کسیکو اختلاف نہیں ہے اُس کی مرضی غیر مرضی معلوم کرنے میں ہے - لیکن مجھکو ابھی تک کوئی شخص ایسا نہیں ملا - جو خدا کے وجود کو عقلی دلائل سے ثابت کرکے میرا اطمینان کامل کردے - اور نہ اب ملنے کی اُمید باقی ہے - فقط یہ ایک آخری کوشش ہے - کہ سُنا گیا ہے - کہ بخاری شمس الدین صاحب جو خلیفہ ہیں حضرت

## حاجی حرمین شریفین قطب الدین مولانا مولوی نصر اللہ خان صاحب

زباں پہ بار خدایا یہ کس کا نام آیا | کہ میری نطق نے بوسے میری زباں کے لئے

خورجہ میں مقیم ہیں اور یہ علم وفضل اور عادات واطوار میں مشابہ ہیں مولانا مرحوم مغفور سے ان کی قدمبوسی کی غرض سے خورجہ حاضر ہوا ہوں اگر ان سے بھی اطمینان نہ ہوسکا تو سمجھہ لونگا کہ دنیا قدیم ہے۔ حادث نہیں ہے جسکو محدث کی ضرورت ہو۔ آپ کو اتنی تکلیف اور دونگا کہ آپ کا کوئی آدمی ان تک مجھے پہونچادے ٭

**نوجوان**۔ شہزادے صاحب میں خود آپ کے ہمرکاب چلوں گا۔ وہ بعد مغرب عیدگاہ میں مولانا مرحوم مغفور کے مزار مبارک کے قریب ملتے ہیں

# تیسرا باب

## ملاقات اور خدائے عزّوجل کے وجود کے دلائل عقلی

شب کا وقت ہے۔ سات بجا چاہتے ہیں آسمان ابھی تک شفق گوں ہو رہا ہے تاروں کی گلکاری۔ قدرتی بہار کا سماں دکھا رہی ہے پانچویں شب کا چاند سربرکسی کے اقبال کیطرح چمک رہا ہے۔ ہوائیں خنکی زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ ہر طرف سبزہ لہلہا رہا ہے۔ جس سے دماغ کو تازگی اور آنکھوں کو شادابی پہونچتی ہے۔ اور ایک خاص قسم کی زیب اس عالیشان مسجد کی بھی ہے۔ جسکے صحن میں ہمارا نوجوان اور شہزادہ اور مسعود کسی کے آنے کا انتظار کر رہے ہیں اور بڑے شوق کی نظروں سے اُس چہار دیواری کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ جو اُس مقام سے تین سو چار سو قدم کے فاصلے پر جانب شرق ایک گورستان میں بنی ہوئی ہے اور مولوی نصراللہ خاں صاحب کے مزار مبارک کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ عین انتظار میں ناظر شوق کسی کے قدمبارک پر جا پڑتی ہے۔ جو یقیناً اُس چار دیواری سے برآمد ہو کر ان کی طرف آرہا ہے۔ جوں جوں قریب ہوتا جاتا ہے۔ غلبۂ شوق بتیاب کئے

دیتا ہے آخر غلبۂ شوق سنے اتنی مہلت نہ دی کہ آنے والے کو مسجد میں داخل
ہونے دے یہ اٹھے - اور کچھہ آگے بڑہ کر آنے والے پر سلام عرض کیا اور یکے
بادیگرے مصافحہ کرکے اُس کی خوبصورت نورانی چہرے کی طرف دیکھنے
میں مشغول ہوگئے - جس کی بناوٹ بخاری ہونے کا ثبوت دے رہی
ہے - سُرخ وسفید رنگ اُس پر چاند کا عکس اور عبادت کا نور ان تمام
باتوں نے مِل جُلکر عجیب دلبری کی شان پیدا کردی ہے گویا ایک نور کا
پُتلا خدا نے آسمان سے اُتار دیا ہے شہزادہ اور مسعود پر اُسکے
اخلاق وصورت کا ایسا اثر ہوا - کہ شاید مدت العمر میں کسی شئے کا ایسا اثر
ہوا ہو - اب یہہ اُن بزرگ کے ہمراہ صحن مسجد میں داخل ہوئے - اور اُن
کے بیٹھنے کے بعد یہ بھی موادب بیٹھ گئے اور نہایت خلق سے وہ بزرگ
مستفسر الحال ہوئے - اب شہزادہ اپنی ساری ابتدا سے یہاں
پہونچنے تک کی کیفیت عرض کرکے یہ کہہ رہا ہے - بندہ نواز گستاخی معاف
ہو جو جسکا جویا ہوتا ہے - اُس کی تلاش میں ہزارہا مشقتیں گوارہ کرتا ہے
صدہا ٹھوکریں کھاتا ہے - علیٰ ہذا میں بھی اسی مَد میں ہوں - مجکو خدائے
عزوجل کی تلاش ہے - میں یہہ چاہتا ہوں - کہ اگر اُس ذات پاک کا وجود
ہے - تو میری عقل میں بدلائل اسطرح آجانا چاہئے - کہ مجکو اطمینان کامل
ہوجائے اور یہ ذہن سے نکلجائے کہ دنیا قدیم ہے حادث نہیں ہے

جسکو محدث کی ضرورت ہو ہر شئے عناصر کی ترکیب باہمی سے بنتی بگڑتی ہے

**بخاری** صاحب ایک آہ سرد بھر کر

| | |
|---|---|
| زباں دل کیلئے ہے نہ دل زباں کیلئے | بیان درد محبت جو ہو تو کیوں کر ہو |

شہزادہ صاحب جیسے کہ وہ ذات پاک ہے۔ نہ میری عقل سمجھا سکتی ہے اور نہ آجتک کسی نے سمجھایا اور نہ ویسا آجتک کسی نے سمجھا نہ سمجھ سکے۔ ہاں اتنا ضرور سمجھا سکتا ہوں۔ کہ وہ ہر شئے کا خالق ہے۔ ہر شئے کا مالک ہے ہر شئے پر قادر ہے۔ سب اُسکے سامنے مجبور ہیں۔ کسی کی اُس کی عزت و جلال کے سامنے کچھ ہستی نہیں ہے۔

**شہزادہ**۔ بس مجھکو اتنی ہی سمجھنے کی ضرورت ہی ہے۔ اِسکے بعد یہ اور سمجھا دیجیگا۔ کہ وہ ہم کو دُنیا میں کس طرح رہنے اور اُس کے برتنے کو حکم فرماتا ہے۔

**بخاری صاحب**۔ بہت بہتر آپ ایسا کیا کیجئے کہ آپ اپنا سوال اور میرا جواب دونوں تحریر کرتے جائیے۔ میں ہر روز شب کے بارہ بجے تک تعمیل ارشاد کو حاضر ہوں۔ یہاں سے تشریف لیجانے کے بعد بھی بغور سوال و جواب دیکھئے اور سمجھئے۔ غور اور سمجھ ہی کی آجکل بڑی ضرورت ہے۔ اور یہی دونوں امر جہاں سے مفقود معلوم ہوتے ہیں۔ اب بسم اللہ شروع کیجئے۔

## سوال

دنیا قدیم ہے یا حادث۔ اگر حادث ہے تو اُسکا بنانیوالا کون ہے۔ اور اُسکے وجود کی کیا دلیل ہے *

## جواب اوّل

| | |
|---|---|
| آفتاب آمد دلیل آفتاب | گر دلیلے باید ازوی رو متاب |

اَلعَالَمُ مُتَغَیِّرٌ وَکُلُّ مُتَغَیِّرٍ حَادِثٌ فَالعَالَمُ حَادِثٌ

حادث شئے اپنے پیدا ہونے میں کسی سبب کی محتاج ضرور ہوتی ہے جو اُسکو حادث کردے اور جب عالم حادث ہے۔ تو ضرور ہے کہ وہ بھی اپنے حدوث میں کسی سبب کا محتاج ہوگا۔

اب ہمارا یہ قول کہ حادث اپنے حدوث میں کسی سبب کا محتاج ہوتا ہے یہ ظاھر بات ہے۔ کیونکہ جو حادث ہے۔ وہ کسی وقت سے خصوصیت رکھتا ہے۔ پس وقت خاص کے ساتھ اُسکا مخصوص ہونا۔ اور اُس سے پہلے اور پچھلے وقت سے مخصوص نہونا ظاھر ہے۔ کسی سبب سے ہوگا۔ کیونکہ عقل میں اِس خاص وقت سے اسکا پہلے اور پیچھے ہونا آسکتا ہے۔ اور

ہمارا یہ قول کہ عالم حادث ہے - اُسکی دلیل یہ ہے کہ اجسام حرکت اور سکون سے خالی نہیں اور حرکت اور سکون دونوں حادث چیزیں ہیں اور جو شئے کہ حوادث سے خالی نہو وہ بھی حادث ہے - پس عالم حادث ہے - اس کی تین دلیلیں ہیں -

**اوّل** - یہ کہ اجسام حرکت اور سکون سے خالی نہیں - یہ بات بدیہی ہے - اسلئے کہ اگر کوئی شخص کسی جسم کو یہ سمجھے کہ نہ متحرک ہے اور نہ ساکن وہ خارج العقل ہے +

**دوم** - یہ کہ حرکت اور سکون دونوں حادث ہیں - اس کی دلیل یہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے کے بعد آتے ہیں اور ایک کا وجود دوسرے کے بعد ہوتا ہے - اور یہ بات تمام جسموں میں نظر آتی ہے - اسلئے کہ جو ساکن ہے اُس کو عقل باور کرتی ہے - کہ حرکت کرسکتا ہے - اور جو متحرک ہے اُسکا ساکن ہونا عقل میں ممکن ہے - تو جو حالت اُسوقت اِن دونوں میں سے جسم پر طاری ہوگی - وہ طاری ہونے کی جہت سے حادث ہوگی اور اس سے پہلی حالت سبب عدم کے حادث ٹھہرے گی اس وجہ سے کہ اگر وہ حادث نہو قدیم ہو تو اُسکا عدم محال ہوگا +

**سوم** - یہ کہ جو شئے حوادث سے خالی نہ ہو وہ بھی حادث ہے اس کی **دلیل** یہ ہے - کہ اگر ایسا نہ ہو تو ھر حوادث کے پیشتر بہت سے حوادث ہوں گے جن کا شروع نہو گا - اور اگر یہ حوادث بلکہ منقطع نہ ہوں گے

تو جو حادث اب موجود ہے۔ اُسکے وجود کی نوبت نہ پہنچیگی۔ اور جس چیز کی نہایت نہو اُسکا منقطع ہونا محال ہے۔ اِس سے یہ نتیجہ نکلا کہ عالم جو حوادث سے خالی نہیں وہ بھی حادث ہے۔ اور جب اُسکا حادث ہونا ثابت ہوا تو اُسکا اپنے حادث کرنیوالے کی طرف محتاج ہونا ظاہر معلوم ہوتا ہے کوئی اہل عقل اِس سے انکار نہیں کر سکتا۔ کہ اسکا کوئی محدث نہیں ہے اب یہ جاننا کہ وہ محدث قدیم ازلی ہے۔ جسکی وجود کی ابتدا نہیں۔ بلکہ ہر ایک شئے سے پیشتر اور ہر مردہ اور زندہ سے پہلے وہ ہی ہے اِسکی **دلیل** یہ ہے کہ اگر وہ قدیم نہ ہو حادث ہو تو وہ بھی کسی حادث کرنے والے کا محتاج ہوگا۔ اور وہ دوسرا تیسرا کا۔ یہاں تک کہ یہ تَسَلْسُل بے نہایت ہو جاوے اور جو شئے تسلسل ہوتی ہے۔ وہ شئے حاصل نہیں ہوتی۔ اور یہ تَسَلْسُل ہمارے اعداد و شمار مقررہ کے ختم ہو جانے کی وجہ سے بے نہایت کہا جا سکتا ہے۔ ورنہ یہ آخیر نتیجہ نکلیگا۔ کہ ایک ایسے محدث پر نوبت پہنچیگی کہ وہ قدیم اور سب سے اول ہو ۔

اُسیکا نام **اللہ رب العالمین** اور عالم کا بنانے والا اور حادث کرنے والا اور خالق اور موجد اور سمیع اور بصیر ہے۔ دوسرے یہ کہ وہ باوجود اَزلی ہونے کے اَبدی بھی ہے۔ اسکے وجود کا انجام نہیں۔ بلکہ وہ ہی اوّل ہے وہ ہی آخر ہے اسلئے کہ جسکا قدیم ہونا ثابت ہو گیا۔ اُسکا معدوم ہونا۔

محال ہے اُس کی **دلیل** یہ ہے کہ اگر وہ معدوم ہو تو دو حال سے خالی
نہیں یا خود بخود معدوم ہو جائے۔ یا کسی معدوم کرنے والے کے مقابل
کے باعث سے۔ پہلی صورت باطل ہے۔ کیونکہ جس شئے کا دوام متصور
ہے اُسکا معدوم ہونا خود بخود جائز ہو تو یہ بھی جائز ہوگا۔ کہ کوئی شئے خود بخود
موجود بھی ہو جایا کرے۔ اسلئے کہ جیسے وجود کا حادث ہونا سبب کا محتاج ہے
اسیطرح عدم کا طاری ہونا بھی سبب کا محتاج ہے اور یہ بھی نہیں ہو سکتا
کہ کسی معدوم کرنے والا مقابل کی جہت سے اُسکا وجود معدوم ہو اس وجہ
سے کہ اگر یہ مقابل قدیم ہے۔ تو اُسکے ہوتے ہوئے وجود کیسے ہوا اور
پہلی دلیلوں سے وجود کا ہونا۔ اور اُسکا قدیم ہونا ثابت ہو چکا۔ تو
جس صورت میں مقابل ساتھ تھا۔ وجود کیسے ہو سکتا ہے۔ اور اگر مقابل
حادث ہے تب بھی باطل ہے۔ اِسلئے کہ وجود اِس حادث کا اُسی قدیم
کے باعث سے ہے۔ تو یہ نہیں ہو سکتا ہے کہ حادث تو قدیم کے
مقابلہ میں پڑکر اُسکے وجود کو قطع کر دے اور قدیم اُسکی ضد میں اُسکے
وجود کو دفع بھی نہ کر سکے حالانکہ دفع کرنا بہ نسبت قطع کرنے کے آسان تر
ہے۔ اور قدیم بہ نسبت حادث کے قوی اور اولےٰ ہے ٭

اب تیسرے یہ جاننا کہ خدائے عزوجل جوہر کسی جگہ میں گھرا ہوا نہیں۔ بلکہ وہ
مکان حیز کی مناسبت سے پاک و برتر ہے اِسکی **دلیل** یہ ہے کہ جوہر

ایک جگہ میں گھرا ہوا اُس سے خصوصیت کہتا ہے۔ اور ضرور ہے کہ
اُس میں ٹھہرا ہوا ہوگا۔ یا حرکت کرتا ہوگا۔ غرضکہ حرکت اور سکون سے خالی
نہوگا۔ اور یہہ دونوں چیزیں حادث ہیں۔ اور جو شئے حوادث سے
خالی نہو۔ وہ حادث ہوتی ہے۔ تو اب ظاہر ہوگیا کہ خدائے تعالےٰ
مرکب جوھروں سے نہیں۔ اسلئے کہ جسم اُسکو کہتے ہیں جو جوہروں
سے مرکب ہو اور جبکہ اُسکا جوھر ہونا۔ اور مکانِ خاص میں متحیّز ہونا
باطل ٹھیرا۔ تو اُسکا جسم ہونا بھی باطل ہوا۔ کیونکہ ہر ایک جسم ایک خیر کے
ساتھ مخصوص ہے اور جدے جدے جواھر سے مرکب ہے اور اُسکا خالی
ہونا علیحدہ ہونے اور جمع ہونے اور حرکت اور سکون اور صورت و
مقدار سے محال ہے۔ کیونکہ یہہ سب علامتیں حادث ہونے کی ہیں۔
غرض یہ کہ **اللہ رب العالمین**۔ عرض نہیں کہ کسی جسم سے قایم
ہو یا کسی محل میں حلول کئے ہو۔ اِس وجہ سے کہ جسم تو سب یقیناً حادث
ہیں اور اُنکا حادث کرنے والا اُن سے پیشتر موجود ہوگا۔ پس خدائے
تعالےٰ کسی جسم میں کیسے حلول کر سکتا ہے۔ وہ تنہا سب سے پہلے ازل
میں موجود تھا۔

حاصلکلام یہ کہ **اَللہُ رَبُّ العَالَمِینَ** موجود اور اپنے آپ قایم ہے
نہ جوھر ہے نہ جسم ہے نہ عرض اور عالم سب کا سب جوھر اور جسم اور عرض

ہے اس سے ثابت ہوا کہ خدائے عزوجل کسیکے مشابہ نہیں - نہ کوئی اُس کے مشابہ اور کہیں خالق مخلوق کے یا قادر مقدور کے مشابہ ہو سکتا ہے اور یہ جوھر اور جسم اور عرض سب اُس کی صنعت میں سے ہیں - تو اُن کو یہ کہنا کہ اُسکے مثل اور مشابہ ہیں - محال ہے ٭

## جواب دوم

سب سے اول لائق توجہ اپنے وجود کی کیفیت ہے - کون نہیں جانتا کہ سب سے اول انسان کو اپنی اطلاع ہوتی ہے اور سوائے اپنے جس چیز کو جانتا ہے اپنے بعد جانتا ہے - اپنے وجود کی کیفیت یہہ ہے کہ دائم و قائم نہیں - ایک زمانہ وہ تھا کہ ہم پردۂ عدم میں مستور تھے - اُسکے بعد یہ زمانہ آیا کہ موجود کہلائے اور طرح طرح کے آثار وجود ہم سے ظہور میں آئے - اور پھر ایک ایسا زمانہ آنیوالا ہے کہ یہہ ہمارا وجود ہم سے مثل سابق علیحدہ ہو جاینگا - غرض زمانہ وجود بنی آدم وغیرہ دو عدموں کے درمیان میں ایک زمانہ محدود ہے اِس انفصال اور اتصال آمدوشد وجود سے یہ نمایاں ہے کہ ہمارا وجود مثل نور زمین جسکو دھوپ یا چاندنی کہتے ہیں -

اور مثل حرارت آبِ گرم صفت خانہ زاد نہیں - بلکہ عطائے غیر ہے اس وجہ سے
کہ اگر ہمارا وجود خانہ زاد ہوتا تو ہم سے کسی وقت علیحدہ نہو سکتا - جسطرح کہ دھوپ
اور حرارت آتش و آفتاب کو لازم و ملازم رہتی ہیں - ایسا کبھی نہیں ہوتا - کہ
دھوپ آفتاب سے اور حرارت آتش سے منفصل ہو جائے - اسلئے دھوپ
اور حرارت آتش - آفتاب کے صفت خانہ زاد سمجھی جاتی ہیں - کیونکہ اِن کا
سلسلہ عالمِ اسباب میں انھیں پر ختم ہو جاتا ہے - تو ضرور ہوا کہ ہمارے
تمھارے وجود کا سلسلہ بھی کسی ایسے موجود پر ختم ہو جائے - جسکا وجود
ھردم اُسکے ساتھ لازم و ملازم رہے اور اُسکا وجود اُسکے حق میں خانہ زاد
ہو عطائے غیر نہ ہو - ہم اُسکو **اللّٰہ رب العلمین** کہتے ہیں اور اس
لئے کہتے ہیں - کہ اُسکا وجود عطائے غیر نہیں خود اُسیکا ہے - جب ہماری
نسبت بوجہ ناپائیداری خدا کے وجود کا ہونا ضروری ٹھرا - تو اب اُن اشیاء
کی نسبت بھی اس بات کا دریافت کرنا ضروری ہے جسکا وجود بظاہر اسباب
پائیدار سا نظر آتا ہے - جیسے زمین و آسمان چاند و سورج وغیرہ کہ نہ اُن کا
ہی نے عدم سابق دیکھا - نہ اُنکو ابھی تک عدم لاحق کی نوبت آئی - اسلئے
یہ گذارش ہے کہ زمین و آسمان چاند و سورج وغیرہ اشیاء مذکور کو
ہم دیکھتے ہیں کہ مثل اشیاء ناپائیداروں میں بھی آثار معدوم ہونے کے
پائے جاتے ہیں ایک تو وہی حوادثات جو جواب اوّل میں مذکور ہوئے

ہیں۔ یہ قبول کئے ہوئے ہیں۔ دوسرے یہی وجود اور ہستی جو تمام اشیار
میں مشترک معلوم ہوتا ہے۔ تیسرے یہ کہ جس سے ایک دوسرے
سے تمیز ہے۔ اور جسکے وسیلہ سے ایک کو دوسرے سے پہچان لیتے
ہیں اور دیکھتے ہی سمجھ لیتے ہیں کہ یہ فلاں شئے ہے۔ ہم اس چیز کو حقیقت
کہتے ہیں اور پھر یہ کہتے ہیں کہ وجود اور حقیقت دونوں باہم ایسا رابطہ نہیں
رکھتے۔ کہ ایک دوسرے سے علیحدہ ہی نہو سکے۔ اور جب جدا ہونا انکا
عقلمیں آتا ہے۔ تو ظاھر ہے کہ زمین وآسمان چاند وسورج وغیرہا اشیار
مذکور کا معدوم ہونا بھی عقل تسلیم کرتی ہے۔ اسلئے یوں نہیں کہہ سکتے
کہ انکا وجود خانہ زاد ہو اور جب خانہ زاد نہیں۔ تو بیشک عطائے غیر ہوگا
اور قبل عطائے انکا معدوم ہونا ثابت ہوگا۔ جس سے اُنکے وجود کی ایک
ابتدا نکل آئے گی۔ اور اُن کی قدامت باطل ہو جائے گی۔ گو وہ ابتدار
تمام بنی آدم کے موجود ہونے سے سابق ہو اور اِسلئے اپنے آپ ہم
میں سے کسی کو اِس کی اطلاع نہ ہوئی ہو اور اسی طرح ان کا پھر
معدوم ہونا بھی ممکن ہے۔ کیونکہ جب وجود اشیار مذکور
مثل دھوپ یا حرارت آبِ گرم عطا غیر ہوگا تو
مثل ان کے انکا پھر جدا ہونا بھی
ممکن ہوگا ؞؞

# جواب سوم

اللہ رب العالمین کے موجود ہونے میں کسی عقلمند کو شک نہیں ہے۔ بلکہ اُسکا موجود ہونا آفتاب سے زیادہ روشن ہے اور اس امر کا یقین کرنا ہر شخص کی فطرت میں داخل ہے یہی وجہ ہے جو انبیاء علیہم السلام اپنی اُمتوں کو توحید سکھایا کرتے تھے اللہ رب العالمین کے موجود ہونے میں گفتگو نہ کیا کرتے تھے۔ کیونکہ اسکا ہر شخص کو اقرار تھا۔ عاقل کو دلیل کی ضرورت نہیں۔ وہ عالم کے احوال میں نظر کرکے یقین کرلیتا ہے کہ بیشک کسی کے پیدا کرنے سے یہ زمین و آسمان حجر و شجر انسان وحیوان وغیرہ پیدا ہوئے ہیں جس نے انھیں معدوم سے ہست کردیا ہے اور نیستی سے ہستی میں لایا ہے پھر جسطرح چاھتا ہے اِس میں تصرف کرتا ہے جیسے کہ تخت کے دیکھنے سے یقین کامل ہوجاتا ہے۔ کہ کوئی نہ کوئی اسکا بنانے والا ضرور ہے خود بخود بننا محال ہے۔ کیسلئے کہ سبز درخت کے تختوں اور لوہے کی کیلوں کا خود بخود ترتیب پانا خلافِ عقل ہے۔ تو جب تخت کے بنانے والے کا

بغیر آنکھ کے دیکھے یقین ہوجاتا ہے۔ اِسیطرح وہ مخلوقات اور مصنوعات
کو دیکھکر صانع عالم وخالقِ عالم کا یقین کامل کرلیتا ہے اور جب اُسکی عقل
دلائل کیطرف میلان کرتی ہے۔ تو ہزاروں دلیلیں اُسکے وجود کی پاتا ہے
مثلًا۔ اول یہ کہ ہر چیز کی اصل میں حقیقت ہے۔ جو چیزیں ہمیں نظر آتی ہیں
جیسے کہ انسان وحیوان حجر وشجر وغیرہ واقع میں موجود ہیں۔ محض وہم خیال
ہی نہیں ہے جیساکہ فرقہ **عنادیہ** کہتا ہے اور یہ بھی نہیں ہے کہ جس چیز
کو ہمنے جیسا خیال کرلیا وہ چیز وہی ہے۔ مثلًا۔ اگر درخت کو ہم انسان
سمجھ لیں۔ تو وہ اِنسان ہی ہے۔ چنانچہ بعض احمقوں کی یہ ہی رائے
ہے اس فرقہ کو **فسطایہ عندیہ** کہتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ جن اشیاء
کے حقائق موجود ہونے پر ہمکو اُنکا علم بھی حاصل ہوجاتا ہے یعنے ہم اُن
چیزوں کو جانتے ہیں۔ یہ نہیں کہ ہمکو کوئی چیز معلوم ہی نہیں ہے۔ چنانچہ
بعض احمق اِسکے قائل ہیں جنکو **سوفسطایہ لاادریہ** کہتے
ہیں پس جبکہ ہمیں یہ معلوم ہوا کہ عالم واقع میں موجود ہے۔ تو ہم کہتے
ہیں کہ کُل عالم زمین وآسمان حجر وشجر چاند سورج وغیرہ سب کے سب حادث
ہیں یعنے پہلے نہیں تھے پھر موجود ہوئے۔ تو جب تمام عالم حادث ہوا تو
ضرور ہے کہ اسکے واسطے **محدث** یعنے پیدا کرنے والا ضرور ہوگا اِسلئے
کہ پیدا کرنا بغیر پیدا کرنے والے کے ممکن نہیں ہے۔ کیونکہ فعل بدون فاعل

ھرگز نہیں ہو سکتا - اور وہ پیدا کرنے والا تمام عالم کا -
**اللہ رب العالمین** ہے کیلئے کہ اُسکے ماسوائے ہر چیز عالم میں
داخل ہے - کیونکہ عالم سوائے ذات و صفات **اللہ صاحب** کے
سب کو شامل ہے - اب یہہ کہنا کہ عالم حادث کس دلیل سے ہی تو -
**دلیل** اُسکی یہ ھے کہ یہ ظاھر بات ہے کہ کل عالم یا عین ہے یا عرض کیونکہ
اگر بذاتِ خود پایا جاتا ہے جیسے کہ حجر و شجر زمین و آسمان تو عین ہے اور
جوھر اور اگر بذاتِ خود نہیں پایا جاتا - بلکہ کسی اور میں ہو کر پایا جاتا ہے جسطرح
سیاھی سفیدی کہ کسی کپڑے یا اور بدن میں ہو کر پائی جاتی ہے - خود بخود
نہیں پائی جاتی - تو یہ عرض ہے اور کُل اعراض حادث ہیں - بعض کا حادث
ہونا مشاھدہ سے معلوم ہوتا ہے مثلاً سیاھی کے بعد سفیدی یا گرمی کے
بعد سردی - یا نور کے بعد ظلمت پیدا ہو جاتی ہے - اور بعض کا حادث ہونا
یوں ثابت ہوتا ہے کہ عرض عدم کو قبول کرتا ہے یعنے فنا ہو جاتا ہے
مثلاً سفیدی کے بعد سیاھی کا آنا - یا کسی بدن میں سردی آنے سے
گرمی کا دور ہو جانا علیٰ ہذالقیاس تو ثابت ہو گیا کہ اعراض حادث ہیں
قدیم نہیں ہیں - اور اعیان بھی سب حادث ہیں - کیونکہ عین یا تو جسم
ہے یا جوھر فرد جسکو **جزلایتجزا** کہتے ہیں یعنے نہایت چھوٹا ٹکڑا کہ پھر اُس
کے ٹکڑے نہو سکیں - پس ہر جسم اور جوھر کو حرکت اور سکون عارض ہے

کیونکہ اُسکے واسطے مکان یا حَیِّز یعنے ٹھیرنے کی جائے تو ضرور ہے پس اگر اس آن سے پہلے بھی اُس حَیِّز یا مکان میں تھے تو ساکن ورنہ متحرک - غرض یہ کہ دونوں میں سے ایک بات لابدی ہے - یا حرکت یا سکون اور حرکت اور سکوں بسبب عرض ہونے کے حادث ہیں - پس یہ جسم اور جوھر بھی جن کو حرکت اور سکون عارض ہے حادث ہیں ورنہ لازم آوے - کہ حوادثات اَزل میں پائے جاویں اور قدیم کہلاویں اور یہ محال ہے **فتامل** تو جب کُل اعیان اوراعراض کا حادث ہونا ثابت ہوا - تو کل عالم کا حادث ہونا بھی ثابت ہوگیا کیونکہ کل عالم اِنہیں دو میں منحصر ہے ماسوا اسکے تمام عالم کے جسقدر حالات ہیں اُن میں سے ایک ایک اُس کی **ذات پاک** کے وجود کی دلیل ہیں یہ ظاھر ہے کہ تمام جہان کسیکے قبضہ و تصرّف میں ہے - کیونکہ ہواؤں کا بدل دینا پھر بادلوں یعنے بخارات کا اُسکے ذریعہ سے جہاں چاہیں لیجانا پھر کہیں مینھ برسانا - اور کہیں نہ برسانا - کسی ستیارے کو چھوٹا کسی کو بڑا بنانا آفتاب اور ماہتاب کو جسم میں کم و زیادہ کرنا - شب و روز میں اختلاف ہونا انسان وغیرہ اشیاء کا باوجود اتحاد شکل نوعی کے تشخصات میں ایسا اختلاف ہونا کہ ایک دوسرے سے ممتاز اور پھر ایک دوسرے کے ساتھ نوع یا جنس میں متحد اور مشارک ہے صاف دلالت کرتا ہے

کہ یہ امور کسی قادر مختار کے اختیار سے واقع ہوئے ہیں خود بخود
ان کا اسطرح ہونا ایسا محال ہے کہ جسطرح پتھر کا بغیر کسیکے ہلائے ہلنا
یا چلنا محال ہے۔ پس عالم کے یہ تصرفات دیکھ کر عاقل کو یقین کامل ہو
جاتا ہے کہ کسی مختار کے کرنے سے یہ کام ہوتے ہیں اور وہ تصرّف
کرنے والا اللہ رب العالمین ہے۔ کیونکہ اسکے ماسوائے ہر
چیز عالم میں داخل ہے اور عالم یا جزء عالم کا عالم یا جزء عالم میں تصرف
کرنا محال ہے تو ضرور ہوا کہ وہ تصرّف کرنے والا غیر عالم کے ہونا چاہئے
کیونکہ عالم میں ہر شئے درجہ بدرجہ اپنے کمال کو پہنچتی ہے اور شیئاً
فشیئاً پرورش پاتی ہے لہذا ہر ممکن کو ہر وقت اپنی ہستی میں اللہ
رب العالمین کی طرف حاجت رہتی ہے۔ اگر یہ ممکنات خود
بخود ہوتی۔ تو ایک ہی بار ہو جاتی۔ اور اپنے کمال حسب دلخواہ حاصل
کر لیتے۔ اور کوئی کسی بات میں کسی سے کم نہ ہوتا۔ کیونکہ جو اپنی ذات میں
کسی کا محتاج نہیں ہے تو وہ اپنی صفات میں بھی کسی کا محتاج نہیں ہے
اور کبھی کوئی چیز فنا بھی نہ ہوتی کیونکہ جو اپنے وجود میں اور جمیع صفات میں کسیکا محتاج نہیں ہے
اور خود بخود ہے تو وہ فنا نہیں ہو سکتا ہے جیسا اول ثابت ہو چکا ہے اور نہ کبھی کوئی چیز
متغیر ہوتی کیونکہ تغیر غیر کیطرف احتیاج سے ہوا کرتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ عالم میں اوصاف نئے کورہ پائے
جاتے ہیں کہ عالم دفعتاً نہیں ہوا۔ بہت سے اشیاء کا تدریجاً پیدا

ہونا مشاہدہ سے معلوم ہوتا ہے اور کمالات میں بھی ہر ایک چیز دوسرے
سے متفاوت ہے۔ جیسے آفتاب کا نور زیادہ ماہتاب کا کم۔
علیٰ ہذالقیاس اور صدہا چیزیں عالم کے بالمشاہدہ فنا ہوتی ہیں اور روز
بروز متغیر ہوتے ہیں تو معلوم ہوا کہ عالم خود بخود نہیں ہوا۔ تو ضرور اور
لابدی ہے کہ اِسکے لئے کوئی اور خالق اور مربّی اور موجد اور منتظم ہو۔
انتظام کی یہ کیفیت ہے کہ آسمان سے زمین تک اور عرش سے فرش
تک تمام عالم میں عجیب و غریب نظام ہے کہ ہر عاقل کی عقل حیران اور
دانشمند کا فہم سرگرداں ہے۔ آسمان کو دیکھئے کیسا سڈول بنایا ہے اور
پھر اُس میں ستارے اور چاند اور سورج بُرج وغیرہ بنائے ہیں۔ پھر
زمین ملاحظہ فرمائیے۔ کہ کتنے عجائبات اُس میں رکھے ہیں۔ پھر گردشِ
افلاک سے شب و روز کا ہونا پھر موسم کا بدلنا اگر اِن میں سے کسی چیز
میں فرق آجاوے۔ تو کارخانہ ہی درہم برہم ہوجائے۔ انسان کو دیکھئے
اول انسان کا مادّہ منی غذاؤں سے ہونا۔ پھر چالیس روز کے بعد رحم میں
علقہ ہونا۔ پھر مُضغہ پھر ہڈیوں پر گوشت کا پہنانا۔ پھر چند روز کے بعد اُس کو
باہر لاکر سمیع اور بصیر کرنا۔ پھر ہزارہا لوگوں کو ایک شخص کا تابعدار کردینا
اور حیوانات کو انسان کا مسخر کرنا۔ اور ہر شخص کو مختلف الاحوال کرنا کسی کو
سوداگر کسی کو اہل حرفہ کسیکو کاشتکار کسی کو نوکری پیشہ بنانا پھر رونق دُنیا

کیواسطے کسیکو فقیر کسیکو غنی کرنا اور ہر شخص کے دل میں جداگانہ غرض پیدا کرنا یہ سب اُسی قادر مطلق کا کام ہے اگر عالم یا جنس عالم میں سے کسی کو بفرض محال اگر کوئی نادان تسلیم بھی کرے۔ تو سب سے اول اس قابل انسان ہوتا کیونکہ عالم میں سب سے اشرف اور سب کا مخدوم ہونا اسکا بالمشاہدہ معلوم ہوتا ہے۔ مثلاً کسی مکان میں اگر کوئی عقلمند شخص جاتا ہے۔ تو وہ قرائن سے یہ معلوم کرلیتا ہے۔ کہ فلاں مخدوم ہے۔ اور فلاں فلاں خادم ہیں۔ کیونکہ وہ خادموں کو مخدوم کیخدمت کے واسطے پاتا ہے اور اپنی آنکھ سے اُن کو خدمت کرتا دیکھ کر تمیز کرلیتا ہے۔

**چنانچہ**۔ جملہ عالم انسان کیواسطے ہے اور اُسکی خدمت کرتا ہے۔ چاند سورج۔ زمین و آسمان حجر شجر سب کے سب اسکے کام کے ہیں یہ کسیکے کام کا نہیں۔ علیٰ ہذا اور تمام اشیاء عالم کو دیکھئے۔ اگر وہ نہوں تو انسان کا کچھ نہ کچھ ہرج ضرور ہے۔ اگر یہ حضرت نہوں تو کسی کا بھی کوئی ہرج نہیں تو صاف طور پر معلوم ہوگیا۔ کہ سب کچھ اُسیکے واسطے ہے اب اور کسی کی تو کیا حقیقت ہے۔ انسان اشرف المخلوقات کا یہ حال ہے کہ وہ اپنی تدریجاً پیدا ہونے اور فنا ہونے میں بے اختیار ہے۔ چنانچہ جماع کے بعد معلوم نہیں ہوتا کہ رحم میں نطفہ کب رہا۔ اور کسوقت علقہ اور مضغہ بنا اور پھر نر ہے یا مادہ اور بعد پیدا ہونے کے ایام طفولیت کے

گذرنے اور جوانی کے آنے اور شباب کے جانے اور بالوں کے سیاہ اور سفید ہونے اور بیماری اور تندرستی میں اور غنی اور فقیر ہونے میں محض مجبور ہے۔ علیٰ ہذا القیاس غذا ر کھانے کے بعد یہ علم نہیں کہ ہضم کب ہوا اور صفرا سودا بلغم۔ خون بن کر کس طرح اور کسوقت عروق میں گیا۔ اور نہ کھانے کے وقت یہ علم ہے کہ یہ ہضم ہوگا یا نہیں۔ پس جب اسکو نہ اپنے وجود تھا میں اختیار ہے نہ اسکے اسباب کا علم ہے۔ تو مدبر عالم تو کیا اپنے نفس کا بھی مدبر اور مربی نہیں ہے۔ جب اشرف المخلوقات کی یہ کیفیت ہے تو اور عالم کس شمار اور گنتی میں ہے۔ از انجملہ یہ ہے کہ ہر حیوان کا گوشت برتن میں ڈال کر آگ جلانے سے اُسکے اجزاء خاک اور پانی وغیرہ جدے جدے ہو جایا کرتے ہیں۔ اس وجہ سے حکما ہر حیوان کے بلکہ شجر و حجر وغیرہ اجسام کے اربع عناصر کو جز قرار دیتے ہیں۔ پس ضرور ہے کہ اُنکا کوئی ایک جائے جمع کرنیوالا ہو۔ کیونکہ خود بخود ایسی ایسی مخالف طبع چیزوں کا اسطرح سے ایکجائے جمع ہونا اور اپنا اپنا حیز اصلی چھوڑنا محال ہے۔ لہٰذا ان تمام امورات کے مشاہدہ سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اور سوائے اس عالم کے اُن کا مربی اور منتظم ہے اُسیکا نام پاک اللہ رب العالمین ہے اور چونکہ وہ ذات پاک لطیف و خبیر نہ جوہر ہے نہ عرض۔ جیسا کہ ثابت ہو چکا ہے پس وہ ان حواس سے جو خاص جواہر

اور اعراض کے دریافت کیواسطے مخصوص ہیں۔ ہرگز مخصوص نہیں ہوسکتا بلکہ بعض جواہر لطیفہ بھی بہ سبب لطافت آنکھ سے نظر نہیں آتی جیساکہ ہوا بوجہ لطافت نظر نہیں آتے۔ حالانکہ اسکے موجود ہونے میں کسی کو بھی شک نہیں ہے۔ پس اسیطرح ممکن ہے کہ وہ لطیف کہ جوہر سے جوہر ہی نہیں ہے سب حواس سے مخصوص نہوسکے۔ اور بدون چشم باطن کے دُنیا میں نظر نہ آسکے۔ پس یہ شبہ کرناکہ اگر **اللہ رب العالمین** موجود ہے تو نظر کیوں نہیں آتا۔ محض نادانی اور بیوقوفی ہے۔ اور یہ بھی ثابت ہوچکا ہے کہ مکان یا حیز خاص جواہر یا اجسام کیواسطے ہوتا ہے پس جبکہ وہ **رب العالمین** جوہر اور عرض ہونے سے پاک ہے۔ تو مکان و حیز سے بھی پاک ہے اُسکی حقیقت کسیکو کیونکر معلوم ہوسکے۔ حالانکہ نہ کوئی اُسکی نظیر ہے۔ نہ ہمجنس ہے۔ ممکنات کی حقیقت تو دریافت کرنی مشکل ہے۔ چہ جائیکہ **واجب الوجود** کی حقیقت معلوم ہوسکے۔ پس اس امر پر زیادہ عقل دوڑانا اور عقل کی حیثیت سے زیادہ کام لینا موجب تباہی اور سبب گمراہی کا ہے بس ہمکو اتنا ہی معلوم ہونا کافی ہے کہ وہ ہمارا مالک ہے اور ہم مملوک وہ **خالق** ہے اور ہم **مخلوق**

# جواب چہارم

ہم دہریوں اور نیچریوں سے سوال کرتے ہیں۔ کہ گردش زمانہ یا نیچر یعنے خواص امتزاجی اشیاء جسکو تم مدبر و مربی عالم قرار دیتے ہو۔ وہ ذی حس۔ و ذی روح و ذی عقل وحی و قیوم و عالم و قادر و سمیع و بصیر و مدبر بالارادہ ہے۔ یا نہیں۔ اور ہر قسم کی قوتیں جو تمام عالم کو حاصل ہیں یا ہوسکتی ہیں۔ جو آفات کے دفعیہ کیواسطے۔ ابدالآباد کافی ہوں اُسکو حاصل ہیں یا نہیں۔ اگر کہتے ہو کہ حاصل ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ صرف نام کا فرق ہے تم اسکو گردش زمانہ یا نیچر کہتے ہو ہم اُسکو اللہ جل جلالہٗ کہتے ہیں۔ اور اگر کہتے ہو کہ یہ بات حاصل نہیں ہے تو ہم کہتے ہیں کہ ایسی شئے جو خود بے حس و بے عقل و بے روح و ضعیف ناقص ہے۔ وہ ذی روح و ذی عقل و ذی فہم قوت ہائے قویہ و صنائع عجیبہ کے خالق نہیں ہوسکتی ہے۔ اور نہ خود قایم رہ سکتی ہے یہ امر محال ہے ایک وجود کا جو بصفات مندرجہ بالا موصوف ہو۔

ہر ذی عقل کو تسلیم کرنا ضروری امر ہے اور یہ امر بھی ضروری اور تمام عالم کا مسلمہ ہے کہ (ہر صنعت کیواسطے چار علت کی لابدی ضرورت ہے)

**عِلَّت مادی عِلَت صوری عِلَّت فاعلی عِلَّت غائی**

**عِلَّت** - یعنے سبب وہ ہی جو کسی امر کے حاصل کرنے کا وسیلہ ہو پس جو سبب اپنے سبب میں داخل بالقوہ ہے وہ **عِلَّت مادی** ہے مثلاً کرسی کیواسطے لکڑی **علت مادی** ہے اور اگر داخل بالفعل ہے۔ تو وہ **علت صوری** ہے۔ مثلاً کرسی کے واسطے صورتِ کرسی کی علتِ صوری ہے اور جو سبب اپنے مسبب سے خارج ہے پس اگر وہ موجد ہے تو **عِلَّت فاعلی** ہے جیسے کرسی کیواسطے نجار علت فاعلی ہے اور اگر مقصود اصلی ہے تو **عِلَّت غائی** ہے جیسے کرسی کے واسطے نشست علت غائی ہے۔ پس اسی عام قاعدہ عالم کے مطابق ہم اشیاء عالم میں سے بنی آدم ہیں اور جب اپنے میں **عِلَل** مذکورہ کو تلاش کرتے ہیں تو **عِلَّت مادی** اربعہ عناصر وغیرہ پائے جاتے ہیں اور **عِلَّت صوری** شکل انسان کی اور **عِلَّت فاعلی** حسب عقائد دھریہ گردش زمانہ یا نیچر کو فرض کریں تو **عِلَّت غائی** جو اصل اصول ہر صنعت کی ہی غائب ہوئی جاتی ہی کیونکہ **عِلَّت غائی** قرار دینے کیواسطے فاعل عاقل و مدبر بالارادہ و ذی حیات کا ہونا لازمی ہے یہ صفات مذکورہ تو نہ گردش زمانہ میں ہیں نہ نیچر یعنے خواص امتزاجی اشیاء میں پس

لا محالہ علت فاعلی اللہ صاحب ہے اور علّت غائی اُسکی معرفت اور عبادت بموجب ارشاد وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنَ ؀ یہ امر بھی ہر ذی عقل جانتا ہے۔ کہ جسکا وجود خود بخود ہوگا۔ اُسکو فنا ممکن نہیں۔ کیونکہ جسکو پیدا ہونے کی قوت حاصل ہے اُسکو قایم رکھنے کی قوت حاصل ہونا لازمی ہے وجہ اسکی یہ ہے کہ قوت قایم رکھنے کی ایک جزر ہے پیدا کرنے کی قوت کا تو جبکہ کل پر اقتدار حاصل ہے تو جزر پر لامحالہ حاصل ہوگا اور یہ بات اشیاء عالم میں پائے نہیں جاتی کیونکہ باوصف محبوب و عزیز ہونے اپنی حیات و قیام کے بعض اشیاء کو جلد بعض کو بتوقف فنا ہی تو ظاہر ہے کہ عالم خود بخود نہیں ہے۔ کسیکے پیدا کرنے سے پیدا ہوا تو جب فعل ہے تو فاعل ضرور ہوگا۔ جس سے اہل عقل کو انکار کی گنجایش ہی نہیں ہے ❊

# جواب پنجم

ہم عالم میں سلسلہ جات کثیرہ پاتے ہیں - ہر فرد موجودہ ایک علیحدہ سلسلہ کا خبردہ ہے **پس** اگر ان سلسلہ جات مختلفہ کا کوئی **منتظم** اور **محدث** نہیں ہے - تو لازم آئیگا کہ یہ سلسلہ جات **ازلی وابدی** ہوں ان کا ازلی وابدی ہونا بالمشاہدہ غلط ہے - کیونکہ ان سلسلوں کو ہم اپنی آنکھ سے ٹوٹتا دیکھتے ہیں - جس **فرد واحد** کا سلسلہ اسکی ذوات خاص تک **محدود** رہا آگے نہ چلا اسکی **فنا** ہوجانے پر وہ سلسلہ قطعی ٹوٹ گیا - جو آدمی لاولد یا کتخدا مرا یا کوئی حیوان ایسی حالت میں مرا - کہ اسکو ہنوز **مادہ** سے اتصال کی نوبت نہ پہنچی تھی - یا کوئی درخت خشک ہوگیا ان سب کا سلسلہ آیندہ کے واسطے ختم ہوگیا - اور اس ختم ہوجانے کی وجہ سے انکا **ازلی وابدی** ہونا باطل ٹھہرا - کیونکہ **منتہے** وہی شے ہوگی جسکی ابتدا ہوئی ہو اور جسکی ابتدا ہوئی وہ **ازلی وابدی** نہیں ہوسکتی - پس اگر کوئی **متصرف** قوت موجودہ نہوتی اور **انتظام**

سلسلوں کا بحسب طبیعت عالم ہوتا یا سلسلوں کے قاعدہ مقررہ
سے ہوتا تو یکساں ہوتا - اُس میں کمی وبیشی نہ ہوتی - کیونکہ کوئی قوت متصرف
تو ہے ہی نہیں جو اُس میں تصرف کرکے تغیر تبدل کرے اور بغیر
تصرف تغیر تبدل محال = سلسلوں کی قدامت تو کسی طرح عقل
تسلیم نہیں کرتی - کیونکہ اگر بفرض محال ہم تسلسل کو درست سمجھ کر
نباتات وجمادات وانسانات وحیوانات کے
سلسلہ اگر زیادہ سے زیادہ دور لیجانا چاہیں تو عناصر تک پہنچکر پھر آگے
نہیں بڑھتے - تو کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ ہمارے یا ہمارے سلسلہ کے
فرداول - کی ترکیب جسمی عناصر سے ہوئی - تو عناصر کی ترکیب اور
عناصر سے ہوئی ہوگی کیا یہ ہَوا دوسری ہوا سے پیدا ہوئی - یا یہ
پانی دوسرے پانی سے یا یہ آگ دوسری آگ سے اور یہ
خاک دوسری خاک سے جب نہیں تو کیا سلسلہ جات کا قدیم ہونا
ثابت ہوسکتا ہے - اب یہ بات کہ اگر آپ کا خیال تسلسل کیجانب
سے ہٹے تو عناصر کی طرف خوش اعتقادی کے ساتھ مائل ہوجائے
اور یہ سمجھئے کہ کائنات میں سب کچھ عناصر سے یا اُسکی ترکیب باہمی
سے ہوتا ہے خدا کوئی شے نہیں تو بندہ نواز عناصر میں کوئی
عنصر علیم بالذات نہیں متحرک بالارادہ نہیں -

**پانی** کو کڑوڑ ہا کڑوڑ برس کسی نشیب میں رکھئے۔ جبتک اور زیادہ نشیب نہ پاویگا بجائے خود قایم رہیگا۔ **ہوا** کو جبتک حرکت نہ دیجئے۔ ممکن نہیں کہ شحرک ہو **آگ** کا مشتعل ہونا ہمیشہ رگڑا اور تحریک کے ساتھ وابستہ ہے **خاک** خود ایک ٹھوس اور بے حس عنصر ہے تو ظاہر ہے کہ جو شے **علیم بالذات** نہیں **متحرک بالارادہ** نہیں وہ **منتظم** کیسے ہوسکتی ہے اگر **افراد نوعی** بحسب طبیعت عالم ہوتی تو ہرایک **فرد نوعی** کا بتمامہ یکساں فعل ہوتا **افراد نوعی** ہم **قد** و **ہم شکل** و ہم **آواز** ہوتی اور جب ایک کی شکل دوسرے سے نہیں ملتی اور نہ آواز ملتی ہے۔ تو پھر سوائے اُسکے اور کیا ہوگا کہ اُس کا **صانع** ہمہ صفت موصوف اور **قادر مطلق** ہے *



# جواب ششم

عقل ہر شئے کی حقیقت تجربہ یا دلائل وغیرہ سے دریافت
کرتی ہے چنانچہ کسی شئے کی تاثیر دریافت کرنے کو دلائل کی ضرورت
نہیں نہ عقل اُسکے دلائل دیکھتی ہے ۔ مثلاً یہ دریافت کرنا منظور
ہے کہ سنکھیا کی ذات میں زہر کا وجود ہے یا نہیں یہ تجربہ بذریعہ
مشاہدہ بتائے گا ۔ علیٰ ہذا ہزارہا ادویات وغیرہ کی تاثیر کا یہی حال ہے
گو کسی خارجی وجہ سے کبھی کسیدکا اثر زائل ہو جائے ۔ اُس سے بطلان کلی
لازم نہیں آتا ۔ اب غور کیجئے ۔ کہ اگر ایک شخص کو کسی شئے کا ذائقہ
دریافت کرنا منظور ہے ۔ تو اُس کی عقل تالو و زبان کے ذریعہ سے
اُسکا ذائقہ بتائیگی اور اگر کسی بات کا سُننا منظور ہے ۔ تو
کان کی طرف رجوع لائے گی اور اگر سونگنا منظور ہے تو ناک
کی طرف اور دیکھنا منظور ہے تو آنکھ کیطرف ۔
علیٰ ہذا القیاس اب شخص مذکور سے کونسی بہار دریافت کرے ۔

کہ تمہارے پاس اسکی کیا دلیل ہے کہ **کان** سے سُنا کرتے ہیں تو یہ شخص اگرچہ کیسا ہی بڑا **عقلمند یا فلاسفر** ہو ہرگز دلائل عقلی سے ثابت نہیں کر سکتا ہے وہ یہ جواب دیگا کہ **کان** کی سرشت میں یہ **ادراک** رکھا گیا ہے کہ وہ سُنا کرتا ہے اور **ناک** کی سرشت میں یہ **ادراک** ہے کہ وہ **سونگھا** کرتی ہے **سُنتی** نہیں چونکہ تمہارے **کان** کی حس زائل ہوگئی ہے۔ اِس وجہ سے تمام دنیا کے **عقلمند** جمع ہوکر دلائل سے ثابت نہیں کر سکتے ہیں۔ اب معلوم ہوا کہ ہَوا کا آواز کو **کان** میں پُہنچانا ایک ذریعہ ہے اگر اُس کی سرشت میں **سننے کا ادراک** نہوتا۔ تو **ناک** کو بھی **سُننا** چاہئے۔ کیونکہ یہ دونوں چیزیں **خوشبو** اور **آواز** ہَوا کے ذریعے **ناک** اور **کان** میں پُہنچتی ہیں یہ اُن کی سرشت ہی کی وجہ ہے جو **ناک** سُن نہیں سکتی اور **کان** سونگھ نہیں سکتی۔ تو اب خوب **واضح** طور پر معلوم ہو گیا کہ ہر عُضو بدن کی سرشت میں ایک خاص **ادراک** ہے اب **غور** کیجئے **قلب** کیحالت پر جو تمام اعضاء کا سردار ہے اور جو ابدہ **قلب** کی سرشت میں یہ ادراک **بدیہی** معلوم ہوتا ہے کہ وہ **خدائے تعالیٰ** کے وجود کو خواہ مخواہ تسلیم کرے اسکا بڑا ثبوت ایک تو یہ ہے کہ تمام عالم خدا کے وجود کو تسلیم کئے ہوئے ہے اور کروڑہا کروڑہا

انسان گذر گئے۔ سب کے سب خدا کے وجود کو تسلیم کرتے تھے گو **مذہب** مختلف رکھتے ہوں۔ بعض اشخاص کے تسلیم نہ کرنے سے **قلب** کی سرشت کا ابطلان لازم نہیں آتا۔ جیسے کسی بہرے کے نہ سننے سے **کان** کی سرشت کا ابطلان نہیں ہوتا۔ ان بعض اشخاص کا بھی یہ حال ہے کہ جب کسی مصیبت سخت میں مبتلا ہوتے ہیں تو اُسی **مالک الملک** کی طرف رجوع لاتے ہیں۔ جس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اُن کے قلب کی حس میں کمی آجانے کی وجہ سے تحریک کی ضرورت ہے جیسے بعض کم بہرے بلند آواز سُن لیتے ہیں اور جو اشخاص کسی حال میں رجوع نہیں لاتے اول تو ایسے ہیں کہاں۔ جو موت کے پنجہ میں آکر اپنی **ہٹ دھرمی** پر قایم رہیں اور جو دو چار ہوں بھی تو **النادر کالمعدوم** کے شمار میں داخل ہیں اُن کی نسبت کہا جائے گا کہ اُن کے **قلب** کی حس بالکل زائل ہوگئی جیسے کہ **کان** وغیرہ کے سرشت میں کمی بیشی اور بالکل زائل ہوجانے سے ظاہر ہے ✤ ✤

# جواب ہفتم

## از نظم جناب نواب غلام احمد خانصاحب بہادر احمدی رئیس قصبہ کنج پورہ

تحیر خیز ہے افسانہ میرے خواب شیریں کا
پلک جھپکی مری شب فرش راحت پر لیا جبکہ

مسرت بخش عالیشان اک ایوان ہے زیبا
نگاہ پیش دربار از نعمت ہائے الواں کا

شہنشانہ بار عام کا ہر سمت ہے چرچا
مقدس صورتیں پھرتی ہیں کرتی اہتمام اُسکا

تعجب تہا یہ کسکے ٹہاٹ ہیں کیوں ہے بپا کیا ہے
یہ سب جسکے ملازم ہیں کہاں وہ کارفرما ہے

کوئی بانی ہے اسکا یا طلسم حیرت افزا ہے
پلی پڑتی ہے خلقت دمبدم کس کی تمنا ہے

کہا اک سادہ دل نے فکر و حیرانی سے باز آؤ

کوئی بانی نہیں ہے پرسش بانی سے باز آؤ

مہیا خود بخود ساماں ہوتے رہتے ہیں دم
جو ہوتا کوئی بانی دیکھتے اسکو کبھی تو ہم
یہ باتیں ناگوار طبع تھیں میرے لئے پیہم
ابھی کرنے نہ پایا تھا میں استدلال کیف و کم
کہ اک معجز بیاں مرد سہی بالا فرشتہ خو
خراماں آکے یوں بولا کہ لاغفار الا ہو

کہا اُس سادہ دل سے بند کج فہمی کا کر دفتر
نظر آنا ہر ایک موجود شئی کا شرط ہو کیونکر
کبھی آنکھوں سے تو نے عقل بھی دیکھی ہے اے مضطر
کہیں قوت بھی دیکھی ہے مجسم اندر او باہر
یہ ہیں لیکن نظر آتے نہیں کیسا اچنبا ہے
مگر کیا اُنکے ہونے میں ذرا بھی تجکو شبہا ہے

جب ان اشیا کو حاصل اسقدر عمدہ لطافت ہو
روائے حاجت اہل جہاں میں دخل و قدرت ہو
زبانوں پر ہوں چرچے محفلوں میں ذکر عظمت ہو
رہیں آنکھوں سے پنہاں پر عیاں عالم میں شہرت ہو
پھر اُس بانی کے تو ہونے سے منکر ہی خطا پر ہے
ترے سر کی قسم ناداں ہے جھوٹے ادعا پر ہے

تری آنکھوں میں شاید نیند ہے سوتے سے اُٹھا ہے
کھلی آنکھوں یہ سب کچھ دیکھتا ہے پر بہکتا ہے
تو متوالا نہیں آنکھوں میں تیرے نشہ کیسا ہے
مرے ہمراہ ہو دکھلا دوں تجکو جو تمنا ہے
یہی مقصود اصلی ہے ہر اک کا یاں کے آنے سے
مبادا خالی پھر جائے تو ایسے آستانے سے

لیا ساتھ اُسکو اور چشمِ عنایت سے مجھے دیکھا | محبت سے کہا اس رات تو ہی مہمان یاں کا
مرے ہمراہ چل پہونچاؤں تجھکو تا درِ والا | گئے ہمراہ ہم دونوں تو پہونچا کر یہ فرمایا

ٹھکانا ملگیا اچھا اُٹھاؤ آنکھ لو دیکھو
ادب سے ٹکٹکی باندھو بفرطِ شوق وہ دیکھو

کھلا ہے بابِ عالی اہلِ حاجت بار پاتے ہیں | مؤدب سجدہ کرتے سر کے بل مشتاق آتے ہیں
ملایک مہتمم ہیں اپنی سرگرمی جتلاتے ہیں | فلک کا شامیانہ بہرِ آرایش سجاتے ہیں

تقاضا ہے کہیں فرشِ زمیں میں شل نہ رہ جائے
فلک کا سٹ پہ خیمہ ہے دیکھو بل نہ رہ جائے

سلیقہ سے صبا جاروبی کی خدمت بجا لائے | قرینہ سے پہاڑوں کی قدر گل میخیں گڑوائے
قضا اسباب کی ڈوریں ہر ایک سے ٹھیک کھنچوائے | اشارہ ہوتے ہی سقائی باراں کہیں بھر لائے

جہاں جیسی ضرورت ہو کرے چھڑکاؤ تھم تھمکر
کہیں ہلکا سا چھینٹا دے برس جائے کہیں جم کر

قناتیں شش جہت کی ہوں نصب ہموار ہر یک سو | رہیں کونین کے در اُس میں عالیشان دو پہلو
ہوا ول در میں اکسو علم ایک سو جبل کا بازو | درِ ثانی پہ ہو منقوش لا غفار الا ہو

لگائیں صحن میں اک سمت پائیں باغ دنیا کا
گیا ہو جسکی اک کھڑکی سے رستہ شہرِ عقبےٰ کا

درونِ خیمہ قندیلیں ستاروں کی تنو ہوں | مہ و خور کی دو طرفہ لالٹینیں نور گستر ہوں

زہر بادکش رانی ہوائیں کھولی شہپر ہوں
چراغ افروزی کو آتش کے شعلے بھی مقرر ہوں

قدم کے طاقچوں پر چلمنیں لٹکائیں ارکاں کی
کہ ہر اک سمت سے آئیں صدائیں انت سبحانکی

عنایت ہوتے ہیں جا بجا ان کو موزوں جسم کے خلعت
تمنائیں لیے جاتے ہیں جاہ و حشمت و شوکت
تہی دستوں کی بن آئی ہوا ہے دادِ دولت
خزانہ لٹ رہا ہے پر بقدرِ دامنِ ہمت

ہجوم بندگاں ہے دھوم ہے معبود کے در پر
فدایانِ الٰہی آؤ بابِ ربِ اکبر پر

ادب اے دیدۂ بینا یہ بابِ کبریائی ہے
لحاظ اے گوش شنوا موقع یزداں ستائی ہے
فراق اے خودپسندی جوش شوق جبہ سائی ہے
الگ رہ فکرِ دنیا ہم ہیں اور مدحت سرائی ہے

کہو تشویش دل سے اپنا بدھنا بوریا باندھے
حسد کمبل اٹھائے اور تعصب بستر اباندھے

یہ وہ در ہے جہاں کی انبیا نے جبہ فرسائی
اسی در پر ملائک کرتے رہتے ہیں جبیں سائی
یہ وہ در ہے جہاں پاتے ہیں سائل تیغ دارائی
یہیں ہوتی ہے اصلاح خیالاتِ سودائی

یہیں پر روشنانِ چرخ کسبِ نور کرتے ہیں
اسی در کی گدائی قیصر و فغفور کرتے ہیں

یہی ہے وہ درِ دولت ازل سے جس کی عظمت ہے
کسی غرفے سے اس در کی نمایاں شانِ وحدت ہے
یہی وہ بابِ عالی ہے ابد تک جس کی رفعت ہے
برافگندہ نقاب اک سمت کو لیلائے کثرت ہے

اِسی در پہ کلیم اللہ مشتاق تجلی تھا
اِسی در پہ خلیل اللہ جویائے تسلی تھا

ملی آدم کو سیرِ گلشنِ جنت اسی در سے
سلیماں کی نگیں کو شہرت و برکت اِسی در سے
فلاطون و ارسطو کو فنِ حکمت اِسی در سے
سکندر ہو کہ دارا سب کو ہے شوکت اسی در سے

یہیں کرتے ہیں مشتاقوں کے دل ادراک عرفاں کا
چمک جاتا ہے جانبازوں کے رُخ پر نورِ ایماں کا

اِسی در پر کیا کرتے ہیں صوفی سبحہ گردانی
دلِ عشاق ہو جاتا ہے فرطِ شوق سے پانی
یہیں کھلتی ہے آکر سرگذشتِ باقی و فانی
اِسی جا ہوتی ہے طی بحثِ آغازی و پایانی

یہیں کے معتکف مستی میں شرحِ راز کرتے ہیں
بیانِ کنت کنزاً مخفیاً آغاز کرتے ہیں

نبی ہوں یا ولی ذولہ ربا ہیں سب اسی در کے
ذکی ہوں یا کہ شیدا ہوں گدا ہیں سب اسی در کے
ہوں حاجتمند یا حاجت روا ہیں سب اسی در کے
یہی مرجع ہے ہم سب کا فدا ہیں سب اِسی در کے

اِسی در کی بدولت دعوئ مشکلکشائی ہے
اسی در کی بدولت منصب حاجت روائی ہے

اِسی منبع سے یہ جیسی اُٹھکے بہنے لگتی ہیں دریا
سمندر موجزن بن بن کے مٹتے ہیں حباب آسا
ازل کیا سو ازل پہلے یہی جوش اسمیں قائم تھا
ابد کیا لاکھوں گذرینگے ابد پر یہ نہ کم ہوگا

اُنہیں ساحل شکن موجوں سے یہ مواج بہتا ہے

رہیگا یوں ہی بہتا جس نمط سے آج بہتا ہے

عنایت ہمکو اس در سے ہوئی ہیں نعمتیں کیا کیا — کریں کس کس کی گنتی ہو نہیں سکتا شمار اُنکا
کسی محنت کے بدلہ میں نہیں یہ بحر فیض اُمڈا — بتاؤ آنکھ کے بدلے کیا ہی نذر ہمنے کیا

دیا ہے کان کے بدلہ میں کیا سُنکر کوئی بولے
دیا ہو جسنے بدلہ نطق کے کچھ وہ زباں کھولے

ملا تھے ہاتھ وہ جسنے کیا ہو ہاتھ کا بدلا — قدم آگے بڑہائے جسنے پا کا ہو عوض سونپا
یہ حُسن و صورت و لطف طبیعت قامت رعنا — یہ صورت دلکش و تقریر موزوں پیکر زیبا

عطیہ بے سبب ہے کردگار بندہ پرور کا
خداوند مقدس بے نیاز لطف گستر کا

دلوں میں ولولے بخشے اُبھارے جوش سینوں میں — شجاعوں میں دلیری دلبری نازک حسینوں میں
اولی العزموں میں ہمت صبر تنہائی گزینوں میں — اثر جادو کا بخشا نطق معنی آفرینوں میں

بطون تنگ سر میں کی وہ عقل نکتہ داں پیدا
کیا ہے فکر سے صنعت کا جسنے اک جہاں پیدا

سمٹی رہتی ہے استدراک مجہولات میں ہر دم — جو کی معلوم شے اُس پر لگایا حکم کیف و کم
قوی اور علم کے جب چلتے پُرزے ہو گئے ہمدم — تسلی ہوتی ہے ترکیب اشیا کرتی ہے باہم

یہی بس کائنات اِس جوہر نایاب کی پائی
بس اتنی ہی چمک اس گوہر خوش آب کی پائی

کرو انصاف کچھ حق بھی ہی ہم پہ ایسی سلطان کا
کیا ہی جسنے وا ہم پر ازل سے باب احسان کا
تن تیرہ کو بخشا نور روشن نیر جہاں کا
قبائے جسم کو تار نفس سے خوشنما ٹانکا

کلاہ ناز کر ہمتا بنی آدم غنایت کی
تمیز حق و باطل فکر بیش و کم غنایت کی

ستم ہے اسکا دھم چھوڑ کر بھٹکے پھریں در در
سمندر کے عیوض میں ہاتھ پھیلائیں حباب و نیر
نہ ڈھونڈیں باغباں کو گلبنوں کی دہن میں ہوں ششدر
نہال سبز جو دیکھا لگا بیٹھے وہیں بستر

نہ سمجھی ہر نہال اک روز پامال خزاں ہوگا
قیام صحن گلشن تا رضائے باغباں ہوگا

بجز اسکے کوئی بھی ہے جو برساوے کبھی پانی
دکھا دی ابر کے دامن میں بجلی کی درخشانی
سمجھتا ہی کوئی سینوں کے اندر راز پنہانی
سو المعمود پر تکیہ کریں ہم وائے نادانی

نہ ہو آوارگی یارب ہمیں سچے سہارے سے
تلاش قطرہ میں کیوں جائیں دریا کے کنارے سے

کوئی ہے دوسرا جو خاک کے پتلے میں جی ڈالے
یہ قدرت بھی کسیکو ہے کہ سب مخلوق کو پالے
کوئی انسان دو ساعت تو اپنی نبض ٹھہرالے
عناں توسن عمر گذشتہ پھر تو پلٹا لے

عدم سے لا نہیں سکتا ہی انسان ایک ذرہ بھی
بنا سکتا نہیں کوئی بشر چھوٹی سی چڑیا بھی

ہمیں لازم ہی سچے صانع برحق کے قائل ہوں
رضا جوئی میں اسکی جان سے اور دل سے مائل ہوں

اُسکی ناوکِ اُلفت سے دل سینوں میں گھائل ہوں — اُسکے لطف پہ نازاں اُسکے در پہ سائل ہوں

اُسکے باب عالی پر جائے بستر ارکھیں
اُسکی آرزو رکھیں اُسی کا آسرا رکھیں

عجب برتاؤ ہیں ہمسے ہمارے بندہ پرور کے — کہ خود اشیا مہیا کیں عطا کیں ہمکو بن مانگے
اُسکی بخششوں سے دیں جو کچھ ہم راہ میں اُسکے — تو ہمسے شاد ہو صد چند ہمکو اُسکا بدلا دے

کرے محشر ہمارا خاص بندوں کی جماعت میں
ہمارا پیش خیمہ ہو پہنچے کوشک ہائے جنت میں

کریں ہم اپنے ہمجنسوں کی خدمت اور وہ شاداں ہو — ہم اپنے بھائیوں سے صاف دل رکھیں وہ فرحاں ہو
جب اِس شفقت سے ابرِ فضل یزداں قطرہ افشاں ہو — ہمارا غنچۂ دل کیوں نہ رشکِ صد گلستاں ہو

رضا جوئی میں اُسکے ہم فنا ہو جائیں تو اچھا
طلب میں اُسکے خود گم ہو کے اُسکو پائیں تو اچھا

مرے مشفق نے اِن الفاظ سے کی جب دُر افشانی — ندامت کے سبب وہ سادہ دل ہمہ ہو گیا پانی
بڑھے کچھ ایسے جوشِ بحرِ ذکرِ حق کی طغیانی — ہوئیں سب کشتیاں اوہام کی بہ بہ کے طوفانی

بس اِتنے میں مؤذن نے اذاں دی اُٹھکے بستر سے
میں جاگ اُٹھا صدائے دلکشِ اللہ اکبر سے

**شہزادہ** - میں آپ کا نہایت ممنون ہوں اور تا قیامت رہوں گا آپنے بہت اچھی طرح سے میرا اطمینان قلبی کردیا - اب یہ فرمائیے

## سوال

خداوند کریم ایک ہے یا متعدد - اور اگر ایک ہے - تو اُس سے زیادہ ممکن ہے یا محال

## جواب اوّل

اگر دو خدا ہوں - تو ہم پوچھتے ہیں کہ اُن میں سے ایک کو دوسرے کی مخالفت کرنے کی قدرت ہے - یا نہیں - اگر کہو کہ قدرت ہے - تو دوسرے کا عاجز ہونا ثابت ہوتا ہے - کیسلئے کہ جسکی مخالفت کی دوسرے کو قدرت ہوئی - تو وہ کیا خدا ہو سکتا ہے - اور اگر کہو کہ قدرت نہیں ہے - تو اب یہ کیا خدا رہا - جس میں اپنے مثل کی مخالفت کی قدرت نہیں ہے ایسا کمزور اور ضعیف کیا خدائی کریگا ؞

# جواب دوم

یہ ظاہر ہے کہ **خالق** کو اپنے مخلوق پر قبضہ و تصرّف کامل ہوا کرتا ہے اور یہ بھی ظاہر ہے کہ ایک شخص کا قبضہ و تصرف کامل جب ہی ہوتا ہے کہ دوسرے کا وہاں قبضہ و تصرّف کامل نہو کیونکہ ایک شئے پر دو قبضہ کامل کا جمع ہونا محال ہے **اعتراض** دو شخصوں کا قبضہ و تصرّف کامل ایک جگہ ہو سکتا ہے - جیسا کہ ایک مکان یا غلام کے دو مالک ہوں اور دونوں کا اُس پر قبضہ و تصرف کامل ہو -

**جواب** - مطلق قبضہ و تصرّف میں کلام نہیں ہے بلکہ قبضہ و تصرّف کامل میں گفتگو ہے - بیشک جہاں ایک غلام یا مکان کے کئے مالک ہوں گے - وہاں قبضہ و تصرّف کامل کسی کا بھی نہو گا - کیونکہ وہاں ایک دوسرے کی مرضی بغیر تصرّف نہیں کر سکتا ہے - پس جب دوسرے کی رضا کی تابع ہوا تو قبضہ اور تصرّف کامل کہاں رہا - تصرف ناقص اور قبضہ غیر کامل ہر ایک شریک کو حاصل ہے - تو ہم کہتے ہیں کہ اگر عالم کے دو

خالق ہوں - تو بموجب اِس دلیل کے دونوں میں سے کسی کا بھی قبضہ
و تصرف کامل عالم میں نہو گا - پس جب تصرف کامل اور پورا قبضہ نہوا
تو خالق ہونا بھی باطل ہو گیا ۰

## جواب سویم

دیکھئے جیسے متعدد روشندانوں کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں
پر نور یکساں ہوتا ہے - اور پھر وہ شکلیں بذات خود باہم بھی متمیز ہوتی ہیں
اور اِس نور سے بھی متمیز ہوتی ہیں - علیٰ ہذا القیاس وہ نور بھی بذات خود
ہر شکل سے ممتاز و متمیز ہوتا ہے دوسرے جس چیز کو دیکھئے اُس کی ایک
جدی حقیقت ہے - گو وجود ایک ہی سا ہے - اور پھر ہر حقیقت بذاتِ خود
دوسری حقیقت سے بھی متمیز اور وجود مشترک سے بھی متمیز ہے -
علیٰ ہذا القیاس وجود بھی بذاتِ خود ہر حقیقت سے ممتاز و متمیز ہے اِسلئے
جیسے روشندانوں کی دھوپوں میں دو دو باتیں ہیں - ایک نور ایک
شکل پر خود نور میں دو چیزیں نہیں - ایسے ہی مخلوقات میں تو دو چیزیں

ہیں۔ ایک وجود ایک اُن کی حقیقت ۔ پر اُس وجود میں دو چیزیں نہوں گی۔ اِسلئے اُس موجود اصلی میں جسکی نسبت وجود ندکو رفیض ہے۔ کیونکر دوئی ہوسکتی ہے۔ کیونکہ جیسے گرمی گرم چیز اور غیر گرم چیز سے اور سردی سرد چیز اور غیر سرد چیز سے نہیں نکل سکتی۔ اِسلئے گرمی اور سردی کے مخرج اصلی میں ایسی دوئی کی گنجایش نہیں جو مخالف وحدت گرمی ہو یا مخالف وحدت سردی ایسے ہی وجود بھی موجود اصلی اور غیر موجود اصلی سے نہیں نکل سکتا اور اسلئے اُسکے مخرج یعنے اُس موجود اصلی میں وجود کی وحدت کے مخالف کوئی دوئی نہوگی۔ اور ظاہر ہے کہ وجود میں کسی قسم کی ترکیب نہیں کیونکہ جیسے مرکب کا انتہا آخر کار ایسے اجزا پر ہوجاتا ہے جنمیں کچھ ترکیب نہوے ایسے ہی ہر چیز کی انتہا وجود پر ہے وجود سے آگے اور کوئی جز نہیں نکلسکتا اس تقریر سے توخدا کی ذات میں وحدت ثابت ہوئی جسکا حاصل یہ نکلا کہ خدا کی ذات میں ترکیب نہیں اب اس وحدانیت کو لیجئے۔ جسکا ماحصل یہ ہوا کہ دوسرا اُسکا ثانی بھی کوئی نہیں۔ کیونکہ اگر دو یا زیادہ موجود اصلی ہوں گے۔ تو پہر دونوں آپس میں متمیز بھی ضرور ہوں گے یعنی اُن میں دوئی ہوگی۔ لیکن باوجود اسکے وجود ایک ہی ہوگا کیونکہ دونوں کو موجود کہنا۔ خود اسبات پر شاہد ہے کہ وہ ایک چیز ہے۔ جو دونوں میں مُشترک ہے۔ اگر مُشترک نہوتی تو ایک لفظ ایک معنے کی رو سے دونوں کے لئے بولنا صحیح نہوتا۔ اس صورت

میں وہ چیزیں جنکے سبب امتیاز باہمی ہے وہ کچھ اور ہوں گے اور یہہ وجود
کچھ اور شئے ہوگا - الغرض تعدد ہوگا - تو سامان امتیاز بھی ضرور ہوگا مگر
امتیاز بے اسکے متصور نہیں کہ ماورائو وجود مشترک دونوں میں اور کچہہ بھی
ہو اور یہہ بھی ممکن نہیں کہ ایک میں فقط وجود ہو - کیونکہ اول تو وجود صفت
ہے اور صفت کا تحقق بے تحقق موصوف ممکن نہیں دوسرے اِس صورت
میں ایک طرف اگر فقط وجود ہوگا - تو دوسری طرف اُسیکا فیض ہوگا
اور وہی وحدت اور وحدانیت ثابت ہوجائیگی - ورنہ تعدد وجود لازم
آئیگا - جسکے بطلان پر اِتنی ہی بات کافی ہے - کہ دونوں جا ایک ہی معنے
اور مضموں ہے - مگر اِس صورت میں وہ دو چیزیں علت وجود مشترک
نہوں گے - کیونکہ معلول پرتوہ علت ہوتا ہے اور ایک شئے واحد
دو مختلف چیزوں کا پرتوہ نہیں ہوسکتی - الغرض دونوں چیزیں باہم
بھی ممتاز ہونگی اور وجود مشترک سے بھی ممتاز ہونگی اسلئے وجود اور شئے میں جسکی اسوقت ایسی
صورت ہوجائے گی جیسے زمین اور دھوپ کی ہے کوئی رابطہ ذاتی
نہوگا - جو مانع انفصال ہو - اِسلئے ایک دوسرے سے جیسے متصل ہے
ویسے ہی جدا بھی ہوسکیگا - اور ظاہر ہے کہ اِس صورت میں وہ
موجودیت اصلیہ خاک میں ملجائے گی - اور اُسکے اُپر اور کوئی موجود ماننا
پڑیگا - جسکا وجود اصلی ہوگا - الغرض وجود ایک مضمون واحد ہے اُسکا

مخرج بھی واحد ہی ہوگا۔ پھر اُسکے احاطۂ وجود میں تو اِسلئے اُس کی ثانی
کی گنجایش نہیں ہے۔ کہ یہہ بات تو ہمارے احاطۂ وجود میں بھی ممکن
نہیں ہے۔ حالانکہ ہمارا وجود اسکے وجود سے ایسی طرح ضعیف ہے
جیسے دھوپ آفتاب کے اُس نور سے جو اُس کی ذات میں ہے
اور اُسسے باصر اسلئے کہ کسی دوسرے کا امکان ہی نہیں۔ کیونکہ وجود
کا احاطہ سب میں اوپر کا احاطہ ہے۔ اُسسے خارج اور کوئی احاطہ ہی
نہیں۔ پھر دوسرا ہو تو کہاں ہو۔ بلکہ فہم اور انصاف ہو تو یوں
معلوم ہوتا ہے۔ کہ وجود ہر طرح سے غیر محدود اور غیر متناھی۔ کیونکہ
محدود اور متناہی ہونے کے تو یہی معنے ہیں کہ یہا تک مثلاً ہے اور
اُسسے آگے نہیں۔ اور یہہ بات بجز اِسکے متصور نہیں کہ اُس حد کے آگے
کوئی شئے مانی جائے۔ کہ اُس میں یہ حد نہو اور اُسکے اوپر کوئی مطلق مانا جائے
کہ اُس میں یہہ قید نہو۔ مگر جس صورت میں وجود سے اوپر کوئی مطلق اور غیر
محدود نہیں تو پھر وجود ہے۔ کو ایسا مطلق اور غیر محدود کہنا پڑے گا
جسکے اوپر کوئی مطلق اور غیر محدود نہیں جسسے یہہ بات خواہ مخواہ لازم
آجائیگی کہ وجود ہر طرح سے غیر متناھی اور غیر محدود اور بجمیع الوجوہ مطلق ہے
اِس صورت میں کسی دوسرے کی اُسکے آگے گنجایش ہی نہیں۔ کیونکہ
غیر متناہی کے آگے کوئی ٹھکانا ہی نہیں ہوتا۔ اِسلئے فیاض وجود ایک

وحدہ لاشریک لہ ہوگا اور سوائے اُسکے اور سب کا وجود اُسکی عطا اور فیض
ہوگا - مگر جب یہ بات مسلم ہوئی کہ وہ وحدہ لاشریک لہ ہے تو پھر نہ
اُسکا کوئی ماں باپ ہوگا - نہ کوئی اُس کی اولاد نہ کوئی اُسکا بھائی برادر
کیونکہ یہ باتیں جب ہی متصور ہوں کہ باوجود اتحادِ نوعی تعدد متصوّر
ہو اور ظاہر ہے کہ خدا کا باپ اور خدا کا بیٹا اور خدا کا بھائی باوجود تعدّد
خدائی میں ایسی طرح شریک ہوں جیسے انسان کا باپ اور انسان
کا بیٹا اور انسان کا بھائی انسانیت میں شریک ہیں - لیکن ابھی
یہ ظاہر ہوچکا ہے کہ خدا کا تعدّد محال ہے - اسلئے خدا کے لئے بیٹے
کا ہونا یا ماں باپ بھائی کا ہونا بھی بیشک منجملہ محالات ہوگا - علاوہ
بریں خدائی اور حاجتمندی میں منافات ہے - خدا وہ ہے جسکا وجود
خانہ زاد ہو اور ظاہر ہے کہ جب وجود خانہ زاد ہوا - تو پھر ساری
خوبیاں موجود ہوں گی - کیونکہ جس خوبی کو دیکھئے - علم ہو یا قدرت
جلال ہو یا جمال ہو - اصل میں یہ سب باتیں وجود ہی کے تابع ہیں
اگر کوئی شئے موجود نہ ہو تو پھر اُس میں علم و قدرت وغیرہ اوصاف
بھی نہیں آسکتی - یہ کب ممکن ہے کہ زید مثلاً موجود نہو اور عالم ہوجائے
اس سے صاف ظاہر ہے کہ یہ اوصاف حقیقت میں وجود کے
اوصاف ہیں - اگر اُسکے اوصاف نہیں - تو بیشک ان اوصاف کا

اپنے موصوف میں قبل وجود موصوف ہونا ممکن ہوتا - اسلئے یہ بات واجب التسلیم ہے کہ خدا میں سب خوبیاں پوری ہیں اور کسی قسم کی حاجت نہیں - کیونکہ حاجت اُسیکو کہتے ہیں - کہ کوئی جی چاہتی چیز ہو - مگر سوائے خوبی اور کیا چیز ہے - جسکو جی چاھے اس سے یہ ثابت ہوا کہ خدا وند عالم کسی بات میں کسیکا محتاج نہیں اور یہہ بھی ثابت ہوا - کہ اس میں کوئی عیب نہیں کیونکہ عیب سوائے اسکے اور کیا ہے - کہ اُس میں کوئی خوبی نہ ہو - و نیز یہ بھی ثابت ہوا کہ تمام موجودات ہر بات میں خدائے عزوجل کے محتاج ہیں کیونکہ جب وجود میں خدا کے محتاج ہوئے - تو اور خوبیوں میں بدرجہ اولےٰ محتاج ہوں گے - اسلئے سوائے وجود جو کوئی خوبی کی بات ہے وہ اصل میں وجود ہی کی صفت ہے اسلئے اسبات کا اقرار کرنا بھی ضروری ہوا - کہ ھر چیز میں کچھہ نہ کچھہ علم و فہم حس و حرکت کی قوت ہے کیونکہ جب علم وغیرہ اوصاف اصل میں وجود کے اوصاف ٹھیرے - تو پھر جہاں جہاں وجود ہوگا - وہاں وہاں یہہ اوصاف بھی ضرور ہوں گے - اِسلئے کہ اوصاف اصلیہ جدی نہیں ہوسکتی - چنانچہ ظاھر ہے - البتہ یہہ بات مسلم کہ جیسے آئینہ اور پتھر بوجہ تفاوت قابلیت آفتاب سے برابر فیض نہیں لے سکتی گو اُس کی طرف

سے برابر فیض نور رواں ہو۔ ایسے ہی بوجہ تفاوت قابلیت انسان کے برابر کوئی چیز قابل علم نہیں ہوسکتی۔ مگر جیسے قابلیت کمال اس میں سب سے زیادہ ہے۔ ایسی ہی احتیاج بھی اس میں سب سے زیادہ ہے دیکھ لیجئے زمین کو تو بظاہر سوائے خدا اور کسی کی حاجت نہیں پر نباتات کو تو زمین پانی ہوا دھوپ سب کی ضرورت۔ پر حیوانات کو علاوہ حاجت مشارہ یہ کھانے پینے اور سانس لینے کی بھی ضرورت ہے اور انسان میں سوائے حاجات مذکورہ لباس گھوڑا مکان عزت آبرو وغیرہ کی بھی ضرورت۔ کھیتی باڑی گائے۔ بھینس۔ اونٹ۔ بکری سونا چاندی تانبا پیتل وغیرہ استقدر اشیاء کی حاجت ہے۔ جسے اسکا سراپا حاجت ہونا نمایاں ہے۔ اسلئے یہ کسقدر گمراہی اور غلطی ہے کہ کسی آدمی کو خدا سمجھ لیجئے۔ اور ان حاجات کو بھی جانے دیجئے بول براز تھوک سینک میل کچیل وغیرہ آلائشوں کو دیکھئے پھر خدائی کی تجویز اسکے حق میں انھیں کا کام ہے۔ جنکو خدا سے کچھ مطلب اور خوف نہیں۔ افسوس۔ صد افسوس اپنے گھر اگر بندر یا سور کی شکل کا لڑکا پیدا ہو جائے۔ تو کسقدر رنجیدہ ہوں۔ کہ الٰہی پناہ۔ حالانکہ بندر اور سور اور آدمی اور بھی کچھ نہیں تو مخلوق ہونی اور کھانے پینے اور بول و براز میں تو شریک ہیں۔ اور خدا کے لئے ایسی اولاد تجویز کریں جنکو خدا

سے کچھ مناسبت ہی نہو *

# جواب چہارم

جیسے سیاہی سفیدی انسانیت حیات وغیرہ اوصاف کے احاطہ میں قلیل وکثیر اشیاء داخل ہیں۔ یعنے بہت سے اشیاء سفید ہیں بہت سے سیاہ۔ بہت سے انسان ہیں۔ بہت سے حیوان ہیں ایسے ہی وجود کے احاطہ میں بھی یہی حال ہے۔ لیکن سب اوصاف کے احاطہ سے احاطۂ وجود وسیع ہے۔ بلکہ اُس سے اوپر اور احاطہ ہی نہیں یعنے جیسے انسانیت کے احاطہ سے اوپر احاطۂ حیات ہے جسمیں انسان غیر انسان گدہا گھوڑا بیل بکری وغیرہ سب داخل ہیں کیونکہ غیر موجود اگر ہو تو معدوم ہوگا اور ظاہر ہے کہ معدوم کسی وصف کے احاطہ میں داخل نہیں کیونکہ ہر وصف کے حاصل ہونیکے لئے اول وجود کا ہونا ضروری ہے۔ مگر جب وجود کا احاطہ سب احاطوں سے اوپر اور سب سے وسیع ہے تو بالضرور وجود ایک وصف غیر محدود ہوگا۔ کیونکہ ہر محدود کیلئے یہ ضرور ہے کہ وہ کسی ایسی وسیع چیز کا ٹکڑا ہوگا۔ یا ایسی چیز میں سمایا ہوا ہوگا

جو اُس سے بڑی ہو مثلاً ہر محلہ اور شہر اور ضلع اور ولایت وغیرہ محدود
چیزیں ہیں لیکن اُن کے محدود ہونے کے بھی معنے ہیں کہ یہ سب چیزیں
زمین کے قطعات ہیں - جو ان چیزوں سے زیادہ وسیع ہے - اور
زمین و آسمان اگر محدود ہیں تو اُسکے یہ معنے ہیں کہ اس فضا روسیع
میں جو آنکھوں سے نظر آتا ہے - سمائے ہوئی ہیں - الغرض اگر وجود
کو محدود کہئے تو یہہ ضرور ہے کہ وہ کسی وسیع چیز کا ٹکڑا ہو یا کسی وسیع
چیز میں سمایا ہوا ہو مگر وہ کون ہے جو نہیں جانتا کہ وجود سے زیادہ
کوئی وسیع چیز نہیں - تمام اشیاء وجود کی احاطہ میں داخل ہیں پر
وجود کسیکے احاطہ میں داخل نہیں اِسلئے خواہ مخواہ ہر عاقل کو اس بات
کا اقرار ضروری ہے کہ وجود غیر محدود ہے - جب یہہ بات ذہن نشین
ہوچکی - تو اب یہہ خیال فرمائیے کہ نہ احاطہ وجود میں خدا کا ثانی ہوسکتا
ہے - اور نہ وجود کے احاطہ سے خارج اُسکا ثانی ممکن احاطہ وجود میں تو
محال ہونیکی وجہ یہہ ہے کہ ہمارا تمھارا وجود با وجود اس ضعف کے جو اسکے
عطا غیر ہونے سے نمایاں ہے - غیر کو اپنے احاطہ میں گھُسنے نہیں دیتا
تو خدا کا وجود اس قوت پر کہ اُسکا خانہ زاد ہونا اُس کی دلیل ہے
کیونکر اپنے ثانی کو اپنے احاطہ میں قدم رکھنے دیگا - القصہ جیسے ہم
اور تم جہانتک پھیلے ہوتے ہیں وہاں تک اور دوسرا نہیں

آسکتا۔ اور جو آجائے تو ہم وہاں نہیں رہ سکتے۔ ایسے ہی بلکہ اس سے زیادہ خدا کے احاطہ میں خدا کے ثانی کا آنا اور سمانا سمجھئے کیونکہ آفتاب کے نور کے مقابلے میں جو اسکی ذات کے ساتھ چسپاں نظر آتا ہے یہ دھوپ برائے نام نور ہے اور نہایت درجہ اُس سے ضعیف ہے ایسے ہی بمقابلہ خدا کے وجود کے جو اُسکے ذات کے ساتھ لازم و ملازم ہے مخلوقات یعنے اور اشیاء کا وجود برائے نام وجود ہے اور نہایت درجہ ضعیف ہے۔ مگر جب اس ضعف پر ہمارے تمھارے وجود میں یہ قوت ہے کہ غیر کو اپنے احاطہ میں قدم رکھنے نہیں دیتا تو **خدا** کا وجود اس قوت پر کسطرح دوسرے خدا کو اپنے احاطہ میں قدم رکھنے دیگا۔ اور خارج از احاطہ خدا کے ثانی کے نہونے کی وجہ یہ ہے کہ احاطہ وجود غیر محدود اُسکے سوا اور اُسکے باہر کوئی جگہ ہے نہیں۔ جو کسی دوسرے کے ہونیکا احتمال ہو اسلئے ہر عاقل پر لازم ہے کہ **خالق کائنات** کو ایک ذات **وحدہٗ لاشریک لہٗ** سمجھے اور احتمال تعدد کو دل سے نکال ڈالے۔ مسئلہ **تثلیث** وغیرہ بالکل فضول اور خلاف عقل ہے۔ وہاں تعدد کی گنجایش ہی نہیں جو **تثلیث** تک نوبت پہنچے پھر وہ بھی اس طرح کہ باوجود تعدد حقیقی وحدت حقیقی بھی باقی ہے کیونکہ وحدت اور کثرت

باہم ضد ہیں اور ظاہر ہے کہ اجتماع ضدّین محال ہے

## سوال

اللہ تعالیٰ جوہر نہیں۔ عرض نہیں۔ جسم نہیں تو اُس کے ناک اور کان اور زبان کا ہونا بھی محال ہے۔ پھر وہ عز اسمہٗ سنتا۔ اور دیکھتا۔ اور بولتا کیسے ہے

## جواب

اُس ذات پاک کو تمنے اپنے اوپر قیاس کیا ہے کہ جیسے ہمارے واسطے دیکھنے سُننے۔ بولنے کو ناک و کان زبان کا ہونا لازمی ہے ایسے ہی یہ ذریعہ اللہ رب العلمین کیواسطے قیاس کرتے ہو اُس کی مشابہت مخلوق سے نہیں ہوسکتی ہے۔ اُسکا کلام وغیرہ ایک صفت اُس کی ذات سے قایم ہے نہ وہ آواز ہے نہ حرف اور حقیقت میں کلام وہ ہی ہے۔ جو نفس کلام ہو۔ حروف اور آواز

تو صرف تبانے کیواسطے ہیں جیسے حرکات اور اشاروں سے
بعض اوقات سمجھا دیا کرتے ہیں کہ نہ اشارہ میں آواز ہوتی ہے
نہ حرف - اگر حرف اور آواز پر سمجھنے کا دارو مدار ہو تو حرکات و اشارات
سے کوئی بات سمجھ میں نہ آنی چاہیئے - بقول شاعر

ہے وجود کلام دل میں فقط
اور زبان بن گئی ہے اسکی دلیل

اور یہ کہ اللہ صاحب دیکھنے والا - اور سننے والا ہے - نہ اسکے دیکھنے
سے دلوں کے وسوسے اور فکر و وہم کے خفیہ امور غائب ہوں
اور نہ سیاہ چینوںٹی کی چال سیاہ سخت تپھر پر شب تاریک میں دیکھنے
اور اسکے پاکی آواز سننے سے بچی رہے - اللہ صاحب سمیع و بصیر
کیسے نہو گا کہ سننا اور دیکھنا وصف کمال ہے - تو یہ کیسے ہو سکتا ہے
کہ اس کی مخلوق اس کی نسبت کامل تر ہو اور مصنوع صانع سے بڑھ
کر اور جسطرح خداوند عالم کا خالق اور فاعل ہونا بدون اعضاء کے
اور عالم ہونا بدون دل اور دماغ کے سمجھ چکے ہو - اسیطرح اسکا
بینا ہونا بدون آنکھ کے ڈھیلے کے اور شنوا ہونا بدون کانوں
کے سمجھنا چاہیئے کہ دونوں امروں میں
کچھ فرق نہیں ٭

## سوال

اللہ صاحب کی اطاعت ہم پر لازم ہے یا نہیں۔ اگر لازم ہے۔ تو کس دلیل سے ؟

## جواب

خداوند عالم جیسے اپنی ذات میں یکتا اور وحدہٗ لاشریک ہے ایسے ہی جامع کمالات وصفات بھی ہے۔ اور کیوں نہو۔ عالم میں جس وصف کو دیکھئے اپنے موصوف کے حق میں وجود کے تابع ہے یعنے قبل وجود کے صفت کا ثبوت ممکن نہیں۔ جب تمام اوصاف اپنے ثبوت وحصول میں وجود کے محتاج ہوئے۔ تو بیشک یہ ہی کہنا پڑے گا۔ کہ تمام اوصاف اصل میں وجود کے اوصاف ہیں یعنے وجود کے حق میں عطاءِ غیر نہیں۔ بلکہ تمام اوصاف یعنے کمالات وجودی وجود کے حق میں خانہ زاد ہیں۔ اس صورت میں بالضرور جو منبع وجود ہوگا وہ منبع اوصاف بھی ہوگا۔ اور جہاں جہاں وجود ہوگا

وہاں وہاں تمام اوصاف بھی قلیل وکثیر ضرور ہوں گے۔ اگر فرق ہوگا تو ایسا ہوگا۔ جیسا آئینہ اور پتھر میں فرق ہے یعنے بوجہ حُسن قابلیت وعدم حسن قابلیت آئینہ میں بہ نسبت پتھر کے زیادہ نور آجاتا ہی اسلئے یہ ضرور ہے کہ تمام کائنات میں علم وادراک و قوت حس و حرکت قلیل وکثیر ضرور ہو بہت ہو تو یہ ہو کہ انسان وغیرہ میں علم وادراک زیادہ ہو اور حیوانات میں اُس سے کم اور نباتات میں اُس سے بھی کم اور جمادات وغیرہ میں اُس سے بھی کم باقی رہا ہمکو نہ معلوم ہونا اس سے یہ لازم نہیں آتا۔ کہ یہ اوصاف نہوں۔ بہرحال خداوند عالم میں تمام کمالات کا ہونا ضرور ہے اور تمام کائنات کا وجود اور اوصاف میں خداوند عالم کا محتاج ہونا ضروری اور لابدی ہے۔ اِسلئے یہ بھی ضرور ہے کہ خداوند عالم تمام عالم کے حق میں واجب الاطاعت ہو اور تمام عالم کے ذمّہ اُس کی اطاعت اور فرماں برداری واجب اور لازم ہو۔ کیونکہ وجوہ فرمانبرداری بظاہر کل تین ہیں اور حقیقت میں دو ہیں اور اگر واقعی دیکھئے۔ تو ایک ہی وجہ ہے۔ تفصیل اِسکی یہ ہے کہ کوئی کسی کی تابعداری بامید نفع پر کرتا ہے یا اندیشہ نقصان کے باعث یا بوجہ محبت جیسے بوجہ اُمید نفع نوکر آقا کی اور بوجہ اندیشہ نقصان رعیت حکام کی یا مظلوم ظالم کی اور بوجہ محبّت عاشق معشوق کی۔ مگر اُمید اور اندیشہ کو دیکھئے تو انجام کار نفع ونقصان کی طرف راجع ہیں۔

جسکی اصل مالکیت اوصاف و کمالات نکلتی ہے - لیکن حقیقت میں اطاعت کا سبب فقط محبت ہے فرق اتنا ہے کہ کہیں محبت مطاع موجب اطاعت ہوتی ہے - اور کہیں محبت مال و جان مگر ہرچہ باد اباد جو کچھ وجوہ مذکور ہوں ایک یا دو باتیں وہ خداوند عالم میں اوّل ہیں اور اوروں میں اُسکے بعد اور اُسیکے عطا ہیں کیونکہ مالکیت اور اختیار نفع و نقصان ھستی اور وجود پر موقوف ہیں اور جمال و محبوبیت بھی ہستی اور وجود ہی پر موقوف ہیں - تو جہاں ہستی اور وجود کی اصل ہوگئی - وہیں مالکیت اور اختیار و جمال و محبوبیت کی بھی اصل ہوگئی مثل وجود مالکیت و اختیار و جمال و محبوبیت بھی اوروں میں اُسی کے عطا ہوگی اور اُسیکا فیض ہوگا تو جب مخلوقات میں وجوہ مذکورہ سرمایہ اطاعت ہیں تو خداوند عالم کے حق میں یہ باتیں کیونکر سامان اطاعت و فرماں برداری نہوں گی الغرض جب اسباب اطاعت و فرمانبرداری سب کے سب خداوند عالم میں موجود ہیں - تو بیشک خداوند عالم تمام عالم کے حق میں واجب الاطاعت ہے - لیکن اطاعت اور فرماں برداری اسکو کہتے ہیں کہ جسکی تابعداری کرتے ہیں اُس کی مرضی کے مطابق کام کیا جاوے - خلاف مرضی کو خطا و گناہ کہتے ہیں الحاصل توافق رضا اطاعت کیواسطے ضرور ہے ●

# سوال

ہمکو خداوند عالم کی رضا و غیر رضا کا حال کیونکر معلوم ہو ؟

# جواب

رضا اور عدم رضا کا یہ حال ہے کہ ہم باوجودیکہ سراپا ظاہر میں ہماری مرضی عدم مرضی ایسی مخفی ہے کہ بغیر ہمارے اظہار کئے ظاہر نہیں ہوسکتی۔ تو خداوند عالم کی مرضی عدم مرضی اس پوشیدگی پر کہ آجتک اسکو کسی نے نہیں دیکھا۔ بغیر خدائے عزوجل کے بتائے کیونکر کسیکو اطلاع ہوسکتی ہے۔ بادشاہانِ دنیا اور محبوبانِ دارِفنا کا یہ حال ہے کہ اس نام کی مالکیت اور محبوبیت ذرا سے سامانِ نخوت پر مکان مکان اور گلی گلی اپنے مطیعوں سے کہتے نہیں پھرتے ہیں۔ کہ یہ بات ہماری مرضی کے مطابق ہے اسکی تعمیل کرو اور یہ ہمارے مرضی کے خلاف ہے اس سے احتراز کرو بلکہ مقربانِ درگاہ اُن کے ارشادات واشارات کے موافق

اوروں کو مطلع کرتے ہیں۔ اور حسبِ ضرورت اشتہارات و منادی کردیتے ہیں۔ اس صورت میں خداوند عالم کو اس سامان بے نیازی پر کہ وہ کسی کا کسی بات میں محتاج نہیں اور سب اُسکی تمام باتوں میں محتاج ہیں کب سزاوار ہے کہ ہر کسی سے کہتا پھرے کہ یہ کرنا چاھئے۔ یہ نکرنا چاہیئے وہ بھی اپنے مقرّبان خاص کے ذریعہ سے اوروں کو اپنی رضا و غیر رضا سے مطلع فرمائیگا۔ ہم اُنھیں مقرّبان درگاہ کو پیغامبر یا رسول کہتے ہیں وجہ تسمیہ خود ظاہر ہے لیکن یہہ بھی ظاہر ہے کہ کوئی کسیکا مقرب جبھی ہو سکتا ہے جبکہ اُسکے موافق مرضی ہو۔ جو لوگ مخالف مزاج ہوتے ہیں۔ قرب و منزلت میسر نہیں ہو سکتا۔ یہ بات اظہر من الشمس ہے۔ مگر یہ بھی ظاہر ہے کہ **مثلاً**۔ کوئی شخص حُسن میں لاثانی ہو پر اُس کی ایک آنکھ کانی ہو تو اُس ایک آنکھ کا نقصان تمام چہرہ کو بدنما کردے گا اور اُس کو باوجود حُسن میں بے مثل ہونے کے محبوبان اعلیٰ کی منزلت سے خارج کردیگا ایسے ہی اگر ایک بات بھی کسی میں کسی کے خلاف مرضی ہے تو اُس کی اور خوبیاں بھی ہوئی نہ ہوئی برابر ہو جائیں گی۔ غرضکہ ایک عیب بھی کسی میں ہوتا ہے۔ تو پھر محبوبیت اور موافقت طبیعت و رضا متصور نہیں۔ جو امید تقرب ہو اسلئے یہ بھی ضرور ہے کہ انبیاء

اور مرسل سراپا اطاعت ہوں۔ ایک بات بھی اُن میں خلاف مرضی خداوندی نہ ہو اسی وجہ سے ہم **انبیاء علیہم السلام** کو معصوم کہتے ہیں اور اس کہنے سے یہ مطلب ہے کہ اُن میں گناہ خداوندی کا مادہ اور سامان ہی نہیں۔ کیونکہ جب اُن میں کوئی صفت بُری نہیں تو پھر اُن سے بُرے افعال کا صادر ہونا بھی ممکن نہیں اسلئے کہ افعال اختیاری تابع صفات ہوتے ہیں۔ اگر سخاوت ہوتی ہے تو داد دہش کی نوبت آتی ہے اور اگر بُخل ہوتا ہے۔ تو کوڑی کوڑی جمع کی جاتی ہے۔ شجاعت میں معرکہ آرائی اور بُزدلی میں پسپائی ظہور میں آتی ہے۔ علیٰ ہذالقیاس ہاں یہ ممکن ہے کہ بوجہ سہو یا غلط فہمی جو گاہ بیگاہ بڑے بڑے عاقلوں کو بھی پیش آجاتی ہے جس سے سوائے خدائے عزوجل کوئی بَری نہیں۔ کسی مخالف مرضی کے کام کو موافق مرضی اور موافق مرضی کو مخالف مرضی سمجھ جائیں۔ اور اس وجہ سے بظاہر خلاف مرضی ہو جائے۔ مگر اسکو گناہ نہیں کہتے۔ گناہ کے لئے یہ ضرور ہے کہ عمداً مخالفت کیجاوے۔ بھول چوک کو لغزش کہتے ہیں گناہ نہیں کہتے یہی وجہ ہے کہ موقع عذر میں کہا کرتے ہیں۔ کہ میں بھول گیا تھا۔ یا سمجھا نہ تھا۔ اگر بھول چوک بھی گناہ ہوا کرتا۔ تو یہ عذر اور الٹا اقرار

خطا ہوتا۔ عذر نہ ہوتا جب یہ بات واضح ہوگئی۔ کہ افعال اختیاری تابع صفات ہیں تواب دو باتیں قابل لحاظ باقی رہیں ایک **اخلاق** یعنی صفات اصلیہ دوسری **عقل وفہم** اخلاق یعنی صفات اصلیہ کی ضرورت تو یہیں سے ظاہر ہے کہ افعال اجنکا کرنا نہ کرنا عبادت اور اطاعت اور فرماں برداری میں مطلوب ہوتا ہے اِن کا بُرا بھلا ہونا اخلاق کی برائی بھلائی پر موقوف ہے اور عقل و فہم کی ضرورت اِسلئے ہے کہ اخلاق کے مرتبہ میں موقع و بے موقع دریافت کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ تاکہ افعال میں بوجہ بے موقع ہوجانے کوئی خرابی نہ آجائے۔ دیکھئے سخاوت اچھی چیز ہے۔ لیکن موقع پر خرچ ہونا پھر بھی شرط ہے۔ کیونکہ مساکین و مستحقین کو دینا بہتر ہے اور شرابیوں۔ جواریوں۔ چوروں۔ قزاقوں کو دینا بدتر ہے **بالجملہ** افعال ہرچند تابع صفات ہیں۔ لیکن موقع اور محل کا پہچاننا بجز عقل سلیم و فہیم مستقیم ہرگز متصور نہیں۔ اِسلئے ضرور ہے کہ **انبیاء علیہم السلام** میں عقل کامل اور اخلاق حمیدہ ہوں کیونکہ مدار کار **نبوات** اِنہیں دونوں پر ہے۔ رہے **معجزات** وہ خود نبوت پر موقوف ہیں۔ نبوت اُن پر موقوف نہیں۔ کیونکہ نبوت کے بعد معجزے اس غرض سے عنایت ہوتے ہیں

تاکہ عوام کو بھی جن میں باریک بات کے سمجھنے کی عقل نہیں اُن
کی نبوت کا یقین ہو جائے اور نبی کے حق میں معجزہ بمنزلہ سند
یا دستاویز ہو جائیں - اس لئے اہل عقل کے نزدیک اوّل
عقل کامل اور اخلاق حمیدہ کا ہی تجسس چاہئے - تو اب بخوبی
واضح ہو گیا - کہ خداوند عالم کی رضا و غیر رضاء
کا حال انبیاء علیہم السلام کے بتلانے
سے معلوم ہو گا

# چوتھا باب

## تحقیق مذاہب

سوال - مذہب کا کیا اصول ہے ؟

## جواب

مذہب کا اُصول عقیدہ ہے اور عقیدہ ایک قسم کی خبر ہوتی ہے - جسکے صحیح و صادق ہونے پر مذہب کا صحیح و صادق ہونا اور اُسکے غلط اور جھوٹ ہونے پر مذہب کا غلط اور جھوٹ ہونا موقوف ہوتا ہے اور باقی اور کارخانہ بندگی و عبادت اُسی خبر اور اعتقاد کے باعث ہوتا ہے - کیونکہ ہر شئے خواہ دینی ہو یا دنیوی اوّل اسکا علم ہوتا ہے - اُسکے بعد سر نشار ظاہر ہوتا ہے

اگر علم صحیح ہے - تو سر منشا بھی صحیح ہوگا - اور اگر علم غلط ہے - تو سر منشا بھی غلط ہوگا - مثلاً کسی شخص کو کسی مکان میں سے دہواں نکلتا نظر آئے - یہ اُس کا علم ہے اسکا سر منشا یہ ہے - کہ اُس مکان میں آگ ہو - اگر اُسکا علم صحیح ہے - تو ضروری اور لابدی اُس مکان میں آگ ہوگی - اگر اُسکا علم غلط ہے - یہہ خاک کے اُڑنے کو دہواں سمجھا - تو وہاں آگ نہوگی - یا اس کی مثال ایسی ہے کہ کسی شخص کو کسی شہر جانا ہے - اب شخص مذکور کو اول علم کی ضرورت ہے - پہلے یہ معلوم کرے - کہ کونسی راہ شہر مطلوب کو جاتی ہے - اِسکے بعد اس پر چلے - اب یہ ظاہر ہے کہ اگر اِسکا علم صحیح ہے تو سر منشا بھی صحیح ہوگا - اور اگر علم غلط ہے تو سر منشا بھی غلط ہوگا - علیٰ ہذا القیاس یہی وجہ ہے کہ تمام انبیاء علیہم السّلام کا اصول ایک ہے اور سب کا مقصود اور مطلوب اللہ ربّ العٰلمین ہے اور اُسکی ذات اور صفات اور اُسکی عزت اور جلال - اور اسکے وحدہ لاشریک لہ ہونے وغیرہ کے معاملات میں سب یکزبان ہیں - اگر اصول اور مقصود ایک نہ ہوتا - تو ظاہر ہے کہ علم میں بھی اختلاف ہوتا اور جب علم میں اختلاف ہوتا - تو سر منشا بھی مختلف ہوتی ●

# سوال

عیسائی و یہود و ہنود وغیرہ کے پیشوا انبیا علیہم السلام تھے یا نہیں

# جواب

قولہ تعالیٰ وان من قریۃ الا خلا فیھا نذیر کوئی قوم ایسی نہیں جسمیں رسول نہ بھیجا گیا ہو۔ کیونکہ جس قوم میں رسول نہ آیا۔ وہ قابل گرفت نہیں ہوسکتی اسلئے کہ اطاعت مطابق مرضی اور مخالف مخالف مرضی کرنے کا نام ہے۔ اور جب مرضی غیر مرضی کچھہ معلوم ہی نہیں ہے۔ تو کوئی کام نہ موافق مرضی ہوگا۔ نہ مخالف مرضی اور یہہ ثابت ہوچکا ہے کہ خدائے عزوجل کی مرضی غیر مرضی انبیاء علیہم السلام کے تبلانے سے معلوم ہوگی۔ مگر ہنود جن کو اپنا پیشوا کہتے ہیں اُن کی نسبت ہمارا گمان غالب تو یہہ ہے کہ یہہ انبیاء علیہم السلام میں سے تھے۔ لیکن کوئی ایسا کافی ثبوت جیسا کہ عیسائی اور یہود وغیرہ کے پیشواؤں کا ہے۔ ہمارے پاس

نہیں ہے۔ مگر جب ہم عقلاً اور انصافاً غور کرتے ہیں۔ تو بیشک انکا
رسول ہونا ثابت ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ تو ممکن نہیں کہ ہندوستان میں
کوئی رسول نہ آیا ہو۔ رسول کا آنا تو عقلاً بھی ضروری اور اس آیتہ شریف
سے بھی ثابت وان من قریۃ لئے اور تاریخ وغیرہ سے ہندوستان
میں سوائے اِن بزرگوار کے بہت کم نبیوں کا آنا ثابت ہوتا ہے تو
خواہ مخواہ یہ گمان ہوتا ہے کہ یہی بزرگوار مخلوق کی ہدایت پر معمور ہوئے
علاوہ ازیں اِن بزرگوار کے بعض حالات جو معتبر ذریعہ سے معلوم
ہوئے ہیں اُن کے رسول ہونے کے شبہہ کو قوی کرتی ہیں اوّل
یہ کہ ہر شخص گذرے ہوئے پر بغیر اسکے کہ کفر اُسکا شرع سے ثابت
ہو حکم ساتھ کفر کے کرنا جائز نہیں ہے اور کتاب اور سنت حالات
اِن بزرگوار سے ساکت ہے دویم یہ کہ اللہ رب العالمین نے اپنے
کلام پاک میں فرمایا ہے۔ کہ اے محمدؐ ہمنے بہت سے رسولوں کا حال
تجھ پر ظاہر نہیں کیا تو ممکن ہے کہ انہیں رسولوں میں یہ بھی ہوں
سویم یہ کہ حضرت قطب الکاملین زبدۃ العارفین حضرت شاہ غلام علی
صاحب رحمۃ اللہ علیہ دہلوی اپنے رسالے میں جو اپنی پیر کے حالات
میں لکھا ہے اور مطبع احمدی میں سنہ ۱۲۶۹ ہجری نبوی میں چھپا ہے
اُس رسالہ کے ۶۳ صفحہ پر تحریر فرماتے ہیں جسکو بجنسہ نقل کرتا ہوں

**وہو ہذا** روزے شخصے در حضور ایشاں گفت در خوابے دیدہ ام
کہ سحرائی است پُر از آتش و کشن دروں آتش است و رامچندر در کنارہ
آں آتش شخصے در تعبیر ایں خواب گفت کہ کشن و رامچندر از کبرائے
کفار اند در آتش دوزخ معذب اند۔ فقیر گفتیم ایں خواب را تعبیرے
دیگر است بر شخصے معین از گذشتگان بے آنکہ کفر او از شرع ثابت
شود حکم بکفر جائز نیست از احوال ایں ہر دو کتاب و سنت ساکت
است و بمقتضائے آیۃ شریفہ۔ وان من قریۃ الا خلا فیہا نذیر۔ ظاہر
است کہ در ایں جماعہ نیز بشیری و نذیری گذشتہ باشد دریں صورت
محتمل است کہ اینہا ولی یا نبی باشند رامچندر کہ در ابتدائے خلقت
جن پیدا شد آن وقت عمرہا دراز و قوتہا بسیار بود اہل زمانہ را
نسبت سلوکی ترتیب مے کرد۔ و کشن آخریں بزرگاں اینہا است
و در آں وقت بنسبت سابق عمرہا کوتاہ و قوتہا ضعیف گردید پس
اہل زمانہ خود را نسبت جذبے ہدایت مے کرد کثرت غنا و سماع کہ
از وے منقول است دلیل است بر ذوق شوق نسبت جذبیہ پس
حرارت ہائے نسبت عشق و محبت بصورت سحرائی آتش نمود ارشد
کشن کہ مستغرق کیفیتہائے محبت بود دروں آتش ظاہر گردید و
رامچندر کہ راہ سلوک داشت در کنارۂ آں پدیدار شد واللہ اعلم۔

حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ بسیار پسندیدند وازیں تعبیر خوش
شدند گفت فقیر راقم ابوصالح خاں از خلفائے حضرت حاجی صاحب
رحمۃ اللہ علیہ درزمین متھرا رفتہ بود حاجتے داشت کہ بہ ہفت روپیہ
سرانجام مے شد شبے نماز تہجد مے کرد شخصے بہیئت کشن کہ
ہنود بیان کردہ اند ظاہر شد تحیہ سلام گفت و مبلغ پیش نہاد
وے گفت باش تا از نماز فارغ شوم۔ بعد از ادائے نماز پرسید
کہ نامِ تو چیست گفت کشن وایں ہفت روپیہ ضیافتِ شما است
کہ زمین ما آمدہ اید گفت من محمدیم و محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم
پیغمبر ما وسیلہ برآمد حاجات ما کافی است ما ہدیہ بیگانہ نگیریم وے
بگریست کہ ما وصفِ نبی آخر الزماں واخلاص واتباع او صلی اللہ
علیہ وسلم شنیدہ بودیم وزیادہ ازآں مشاہدہ کردیم ؂

## ترجمہ بزبان اردو

ایک روز ایک شخص نے اُنکے حضور میں عرض کیا کہ میں نے آج خواب میں دیکھا ہے کہ ایک جنگل آگ سے
بھرا ہوا ہے اور کشن اندر آگ کے ہے اور رامچندر اُسکے کنارے پر ایک شخص نے اسکی تعبیر بیان کی کہ کشن اور
رامچندر بڑے کافروں میں سے ہیں بیچ آتش دوزخ کے عذاب کئے گئے ہیں۔ فقیر نے کہا کہ اس خواب کی تعبیر
دوسری ہی ہے اور شخص گذرے ہوئے کے بے اسکے کہ کفر اسکا شرع سے ثابت ہو حکم ساتھ کفر کے کرنا جائز نہیں ہے

لہ یعنی مرزا مظہر جانجاناں رحمۃ اللہ علیہ ۱۲

ع؎ شاہ غلام علی صاحب ... ۱۲

اور حال اِن دونوں کے سے کتاب اور سُنّت ساکت ہے اور بمقتضائے اِس آیت شریف کہ کوئی جگہ ایسی نہیں جہاں رسول نہ پہونچا ہو۔ تو ظاہر ہے کہ اس جماعت میں بھی بشیر و نذیر یعنی رسول گذرے ہیں اِس صورت میں احتمال ہے کہ یہ ولی یا نبی ہوں رامچندر کہ بیچ ابتدا خلقت جن پیدا ہونے اُس وقت عمریں بڑے اور قوتیں زیادہ تھیں۔ اپنے اہل زمانہ کو نسبت سلوک کی ترتیب کی اور کشن آخیر بزرگ اُنکے ہیں اور اُس وقت بہ نسبت سابق عمریں کم اور قوتیں ضعیف تھیں پس اہل زمانہ اپنے کو طرف نسبت جذبی کی ہدایت کی کثرت غنا اور سماع جو اُن سے منقول ہے دلیل ہے اوپر ذوق شوق نسبت جذبیہ کے پس وہ آگ عشق و محبت کی اُس جنگل میں ظاہر ہوئی کشن کہ مستغرق کیفیتہائے محبت تھے اندر اُس آگ کے ظاہر ہوئے اور رامچندر کہ راہ سلوک رکھتے تھے اُسکے کنارہ پر نمودار ہوئے واللہ اعلم۔

حضرت حاجی صاحب نے بہت پسند فرمایا اور اِس تعبیر سے خوش ہوئے اور فرمایا کہ ابو صالح خاں خلیفہ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے متھرا تشریف لیگئے اُنکو سات روپیہ کی ضرورت تھی شب کو نماز تہجد کی پڑھتے تھے ایک شخص کشن کی صورت میں جیسا کہ ہنود بیان کرتے ہیں تشریف فرما ہوئے اور سلام کیا اور روپئے سامنے رکھے اُنھوں نے کہا تھم جاؤ میں نماز سے فارغ ہو جاؤں بعد نماز دریافت کیا نام تمہارا کیا ہے کہا کشن اور یہ روپئے تمہاری دعوت کے ہیں کیونکہ تم میرے یہاں آئے ہو کہا میں محمدی ہوں اور مجکو اُنکا وسیلہ کافی ہے میں دوسرے کا ہدیہ قبول نہیں کرتا ہوں وہ روئے اور فرمایا کہ میں نے وصف نبی آخر الزماں محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا اور اخلاص اور اتباع اُن کا سنا ہے اور زیادہ اُسے دیکھا ہے ٭

چہارم یہ کہ جیسے اور انبیاء علیہم السّلام نے بشارت تشریف آوری جناب سرور کونین محمد مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم کی خبر بذریعہ وحی دی ہے اسی طرح ان بزرگوار سے ثابت ہے۔ چنانچہ مہادیو جی نے گیلاس پہاڑ پر جب تلسی جی سے واقعات آئندہ بیان کئے اور بشت سن پہاڑ کے نیچے اسکو لکھتے جاتے تھے۔ اُس وقت آنجناب نے یعنے مہادیو جی نے مفصل کیفیت تشریف آوری جناب سرور کونین سرورِ عالم محمدؐ مصطفٰے صلے اللہ علیہ وسلم اور تعریف اور توصیف آپ کی اور آپ کی اولاد کے اور آپکے اصحاب کے اور واقعہ شہادت حضرت حسنین رضی اللہ عنہما و تذکرہ تشریف آوری مہدی علیہم السّلام خوب تشریح سے بیان فرمائی ہے اور یہ بیان پوتھی بہبگوتی پران و دہرم اوترا کہنڈ میں ہے اور پوتھی سنگ رام کے بارہویں اسکنڈ اور چھٹی کانڈ میں بیاس جی نے جو لکھا ہے اور ترجمہ اسکا گوشائین جی نے یعنے تلسی داس صاحب نے زبان بہاکا میں کیا ہے اُسے بھی آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تصدیق ہوتی ہے۔ چنانچہ ایک مصرعہ اُسکا یہ ہے۔

(بنا محمدؐ پار نہووے)

اور اتہربن بید کے منتر میں رسول محمد رہ کر بر سشتی یعنے رسول محمدؐ

زور آور مندرج ہے اور رکھہ بید کے منتر میں نام احمد اور یجر
بید کے منتر میں نام محمد موجود ہے اور کتاب کہیل برکرن کی
شروع حصّہ بارھویں ادھیاے چھٹے دو بشبت کوٹ میں بشارت
آنحضرتؐ صلے اللہ علیہ وسلم مفصّل لکھی ہے۔

اب ذرا انصاف شرط ہے۔ اس سے کیا ثابت ہوتا ہے ہمکو
اُن اہل اسلام پر سخت افسوس ہے جن کی آنکھوں پر تعصب کی پٹی
باندھی ہوئی ہے۔ کہ کیوں وہ اُن بزرگوار کی شان میں گستاخ ہیں
اور کس دلیل سے وہ جہل مرکب ان بزرگوار پر کفر کا فتویٰ دیتے ہیں

## سوال

عیسائی اور ہنود۔ ویہود وغیرہ کے پیشوا انبیا علیہم السلام
میں کیسے ہو سکتے ہیں۔ جب کہ اُن کا اصول اور قول یہ ہو کہ
وہ خود خدا کے شریک ہیں۔ کوئی ذات میں کوئی صفات میں
اور جب عقل کسی طرح خدا کا شریک ہونا۔ نہ ذات میں نہ صفات
میں نہ اُسکے بھائی باپ بیٹا ہونے کی جہت سے باور کرتی ہے

جیساکہ ثابت ہوچکا ہے تو اُن کے یہ اصول اوراقوال صریح غلط ہیں تو اُن کا رسول ہونا بھی غلط ہوجائیگا ✤

## جواب

اِن بزرگوار میں سے کسی نے بھی اپنے کو خدا یا خدا کا بیٹا یا خدا کے کسی کام میں شریک نہیں کہا - یہ عیسائی یہود ہنود وغیرہ کی غلطی ہے کہ کمال اعتقاد کی وجہ سے ان کو ایسا سمجھنے لگے - انہیں پر کیا موقوف ہے بہت سے اہل اسلام جو کہنے کو تو اہل اسلام ہی کہے جاتے ہیں - ان سے زیادہ غلطی پر ہیں وہ محمدؐ صاحب صلی اللہ علیہ وسلم اور صدہا بزرگوں کو مثل حضرت عبدالقادر جیلانی - خواجہ معین الدین چشتی علیہ الرحمتہ وغیرہ خدا کی ذات اور صفات میں شریک جانتے ہیں - اور خدا کے کام میں مختار احد اور احمد میں میم کا پردہ بتلاتے ہیں - کہتے ہیں نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ میں احمد ہوں بلا میم اور عرب ہوں بلا عین = اور صدہا ایسے ہی قصے جو بعید از عقل ہیں - نہ اُن کے

راوی کا پتہ ہے۔ نہ کسی معتبر ذریعہ سے ثبوت روزانہ بیان ہوتے ہیں
جہاں چند معتقد اپنے جمع ہوئے اور انہوں نے ایسے واہی تباہی قصے
بکنے شروع کئے +

خورجہ میں ایک صاحب نے جنکا نام لینا مناسب نہیں محفل وعظ
اپنے مکان پر منعقد کی اور خود ہی وعظ فرمانے کو کھڑے ہوئے اثناء وعظ
میں کسی ایسے موقع پر جہاں یہ فرما رہے تھے۔ کہ بعض موقع پر احکام
شریعت سے صوفیا کرام کو مجبوراً اور مصلحتاً گریز کرنا لازم آتا ہے۔
فرماتے ہیں۔ روایت ہے حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب محدث دہلوی
رحمۃ اللہ علیہ جامع مسجد دہلی میں ماہ محرم میں وعظ فرما رہے تھے اور
یہ ارشاد تھا کہ تعزیہ بنانا اور اُس میں شریک ہونا سخت عذاب ہے
اثنار وعظ میں اتفاق سے کسی کا تعزیہ مسجد کے سامنے ہو کر گذرا۔ شاہ
صاحب موصوف نے اُس کی طرف دیکھا۔ اور فوراً اُٹھ کر برہنہ پا و برہنہ
سر اُسکے ساتھ ہوئے اور تھوڑی دور تک پہونچا کر واپس آئے۔ اہل جلسہ میں
سے کسی نے جو وعظ میں شریک تھا اعتراض کیا۔ کہ ابھی تو آپ فرما رہے
تھے۔ کہ تعزیہ بنانا اور اُس میں شریک ہونا سخت عذاب ہے حضرت
نے فرمایا میں کیا کروں۔ مقام مجبوری تھا حضرت حسنین رضی اللہ عنہما
اس تعزیہ کے ساتھ تھے۔ مجبوراً مجھکو بھی شریک ہونا لازم آیا۔ الخ

کسی نے ان واعظ صاحب سے اہل وعظ میں سے دریافت کیا کہ حضرت اس روایت کا کیا ثبوت ہے۔ تو فرماتے ہیں کہ دھلی میں ایک گوشے والا کہتا تھا۔ واہ کیا معتبر روایت ہے اب فرمایئے یہود اور نصاریٰ اور ہنود کو تو یہ حضرات بھی لعن طعن کرنے کو موجود۔ لیکن اپنے گریبان میں منہ ڈال کر نہیں دیکھتے۔ بقول حالی

کرے غیر گر بت کی پوجا تو کافر ۔۔۔ جو ٹھہرائے بیٹا خدا کا تو کافر
کواکب میں مانے کرشمہ تو کافر ۔۔۔ جھکے آگ پر بہر سجدہ تو کافر

مگر مومنین پر کشادہ ہیں راہیں
پرستش کریں شوق سے جسکی چاہیں

نبی کو جو چاہیں خدا کر دکھائیں ۔۔۔ اماموں کا رتبہ نبی سے بڑھائیں
مزاروں پہ دن رات نذریں چڑھائیں ۔۔۔ شہیدوں سے جا جاکے مانگیں دعائیں

نہ توحید میں کچھ خلل اس سے آئے
نہ اسلام بگڑے نہ ایمان جائے

# سوال

اول تو عیسائی - یہود و ہنود وغیرہ کی غلطی ثابت کرکے
اِن بزرگوار کا یقینی انبیاء علیہم السّلام میں ہونا ثابت کیجئے ؀
دویم - یہ کہ محمّد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رسول اور خاتم النبیین
ہونا ثابت کیجئے ؀
سویم - یہ فرمائیے - کہ اگر یہ سب فرقے اپنی اپنی غلطی کی اصلاح کرکے
اپنے پیشواؤں کے قدم بقدم چلنا چاہیں - تو وہ کیا طریق ہے
جس سے ان کو یقین ہو جائے - کہ فی الواقع ہمارے پیشواؤں
کا یہی اصول ہے ؀
چہارم - یہ کہ جب یہ فرقہ مذکورہ اپنے پیشواؤں کے قدم بقدم
ہو جائیں - تو اُن کے اصول میں اور اہل اسلام کے اُصول میں
کیا فرق رہیگا - اور اگر فرق نہ ہوگا تو یہ سب ایک ہو جائیں گے یا اپنے
اپنے فریق کے نام سے موسوم رہیں گے - جیسے اب ہیں - اور
اگر اِس نام سے موسوم نہ ہوں گے - تو اِن بزرگوار کے نام کیوں

صفحۂ ہستی سے مٹائے جائیں۔ جنکے نام سے اب یہ موسوم ہیں۔

پنجسم۔ یہ کہ اِن تمام فرقوں کی نااتفاقی اور تعصّب کسطرح رفع ہو۔ اور کیونکر سب آپس میں شیر وشکر ہو جائیں۔ جیساکہ بوجہ ہمجنس ہونے کے اِن کو لازم ہے ٭

ششم۔ یہ کہ انسان کو اپنی عادات واخلاق کی اصلاح کیواسطے کون خصلتیں اختیار کرنی چاہئیں۔ جنسے مقبول خلاق عالم اور مقبول عالم ہو ٭

## جواب گذارش

شہزادے صاحب تھوڑے روز آپ بھی آرام فرمائیے اور مجھکو بھی اِن امورات پر غور کرنے کا پورا موقعہ دیجئے۔ میں آپ کے رخصتی جلسہ میں اپنے اُن احباب کو بھی شریک کرنا چاہتا ہوں۔ جو منتخب اشخاص میں سے ہیں۔ اسی جلسہ میں اِن امورات کے جواب عرض کئے جائیں گے اور جو صاحب شریک جلسہ ہوں گے اُن کی جانب سے

بھی وہ پُر لطف لکچر ہوں گے۔ جس میں تعصب کی بو تک نہو چنانچہ آپ کو بھی لکچر دینا ہوگا۔ میں اُن حضرات کو مختلف مضموں دے دیتا ہوں۔ جسپر وہ لکچر لکھیں۔ ان لکچروں کے تیار ہو جانے کے بعد جلسہ کی تاریخ مقرر ہوگی۔ لہذا ان تمام امورات کی غرض سے حصّہ دویم طلب صادق کی ضرورت ہے ٭

# تمت بالخیر

# خاتمۃ الطبع

از کلک گوہر سلک جناب مولوی محمد عبدالرحمن خانصاحب خلف الصدق عالیجناب حافظ حاجی مولوی عبدالرحیم خانصاحب مس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جمیع افراد حمد و ستایش کا سزاوار وہ پاکذات ناتغیر پذیر جو سب سے پوشیدہ اور سب پر ظاہر ہے اور ہمارا وجود جسکے وجود کی دلیل ہے جسکا نام اللہ ہے جو اپنی ذات و صفات میں سب سے نرالا اور ممتاز ہے ایجاد و تکوین اُسیکا خاصہ ہے شرکت دوی سے منزہ ہے جسکے افعال و آثار سب سے برتر ہیں جسنے اپنی رحمت عامہ کی طفیل گمگشتگان بادیہ ضلالت کی ہدایت کیلئے جو ایک مدت سے کفر و شرک کی دشوار گذار پُر خطر گھاٹیوں میں ٹکرا رہے تھے جن کی دیدہ ماؤف بسبب جہالت قدیمہ کے آفتاب توحید کے دیکھنے سے کور تھی جنہیں سُنسان بیابان شرک میں سوائی کجروی کے کچھہ سوجھائی نہیں دیتا تھا اپنے خاص بندہ کو جسکی ذات قوت نظریہ اور عملیہ میں بلا واسطہ اُسی رب الغزت

احکم الحاکمین سے فیضیاب تھے تمغہ سرکاری دیکر بھیجا۔ پس اُس پاک رسول نے اُن گم کردگان راہ کو جو کفر و شرک
کی دلدل میں لت پت ہو رہے تھے توحید کی سیدھی اور صاف سڑک پر لا ڈالا صلی اللہ الکریم علی رسولہ صاحب
الخلق العظیم وآلہ واصحابہ واجب التعظیم۔ اب میں اہل نظر صاحب بصیرت کو ایک نوید جدید سناتا ہوں جسکے
سُننے سے ہر سلیم الفطرۃ سنجیدہ رای کو صاف ظاہر ہو جائیگا کہ میں نے اس بیان میں سر مو مبالغہ کو دخل
نہیں دیا اور ایسا کیوں نہو میں جس محبوب ملیح الحسن جادو نگاہ کی مدح سرائی کرتا ہوں وہ اپنی حسن و جمال میں
میری مشاطگی کا محتاج نہیں اُسکی دلکش نگاہ سحر ساز سحر سامری سے کم نہیں سچ ہے کہ حاجت مشاطہ
نیست روئے دلارام را۔ وہ یہ ہے کہ ایک ناول جامع مضمار علم و ہنر دریائی عقل و ذکا کے گوہر جناب
حاجی محمد خان صاحب جنیس خورجہ دام فضلہ نے بڑی محنت شاقہ اور کلفت لاتشریح سے تالیف فرمایا درحقیقت
فاضل علامہ نے اپنی علمی استعداد کے زور سے اُن دلائل منطقیہ کو جسکے فہم سے ذہن رسا مکر علیم عاجز و مبہوت سلیس اُردو
زبان میں تحریر کئے گویا محبوبۂ دلگیر دلائل فلسفہ کے چہرہ سے نقاب اُٹھادی جسکے روشن چہرہ نے دہریہ کو یک نظر میں
مدہوش و بیقرار کر دیا جسکے بے مثل حسن زار نے ایک نگاہ میں مناظر کو نیاز مند بنا دیا زیادہ تر خوبی یہ ہے کہ معقولات کو محسوس کر کے
دکھایا ہے وجود واجب الوجود میں وہ برہان انی و لمی قایم کئے ہیں جسکے دیکھنے اور سُننے سے مخالف کو سوائی مان لینے
کے کوئی چارہ نہو گا الحمد للہ والمنۃ یہ ناول زاید الوصف طبع گرامی گوہر دریائے بجانب دستشرافت مرزا احمد مرزا خان
صاحب ترکمانی دام فیضہ میں زیور پہنا صاحب موصوف نے ایسکے طبع کرانیمیں کوئی پہلو خوبی انطباع کا نہیں چھوڑا لیکن باوجود
اس خوبی کے یہ فکر صفا شرم برہنگی دیدہ دوختہ پاہی اگر زیور قبول و لباس مقبول امیر کبیر لوح سمائے حشمت و بختیاری خسر عام و شیر
شجاعت و شہر یاری امیر عبد الرحمن خان صاحب امیر الدین والدولۃ لازالت شموس اقبالہ طالعۃ مزین و آراستہ ہو بعید نہیں
جو مقبول عالم ہو اللہم اشرب حبہا القلوب امیر الامرا و اجعلہ قرۃ عین العقلاء ۔ ۔

تمت بالخیر